نے دیکھا کہ میرے مرحوم والد کی روح میرے چہرے کے عین سامنے آکر بیٹھ گئی۔ آسمانی باپ نے ہمیں وہیں چھوڑ دیا ہے۔ اب سامنے خدا کا نور اور میری اور میرے والد کی روح تھی۔ ان کے پاس روشنی نہیں تھی لیکن خدا کے نور میں، میں نے انہیں مجھ سے مل کر اتنا خوش اور پر سکون پایا کہ مجھے آج بھی ان کا چہرہ اور آنکھیں بہت واضح طور پر یاد ہیں۔ میں نے انہیں گلے لگایا اور پھر ہم اپنے بیڈ کے دوسری طرف بیٹھ گئے، میں نے ان سے چند بار بات کی اور پوچھا کہ کیا انہیں یہاں آنے کی اجازت ہے؟" انہوں نے کہا کبھی کبھی لیکن خاص طور پر جب تم زیادہ تر اپنے کمرے تم آڈیو بک سنتے ہو۔ مجھے یہ سن کر بہت خوشی ہوئی، پھر میں نے پوچھا کہ کیا وہ دوسرے بیٹوں اور رشتہ داروں سے مل سکتا ہیں؟" وہ بس روتے رہے، میں اس کا جواب سمجھ گیا، "میں بھی رویا"، میں نے انہیں گلے لگایا اور ماتھے پر بوسہ دیا، پھر ان کی روح وہاں سے روانہ ہوگئی۔ اور خدا کا نور آکر میرے سامنے میری شکل میں بیٹھ گیا، گویا میں اپنے ہی اس ہم شکل روپ کو چومنا چاہتا تھا اور میں نے ایسا ہی کیا۔ پھر خدا کے نور نے مجھے میرے جسم میں واپس داخل کر دیا اور آنسو میری آنکھوں سے میری روح میں اتر گئے۔

# (62) A meeting with Prophet Muhammad & Messiah Jesus

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May God's peace be upon you*

Few days ago I met some prophets during my spiritual journey, among whom were Prophet Muhammad and Prophet Jesus. I did not know the purpose and meaning of their visit but their warm meeting with me was indicating me that as if they were leveling a level of friendship with me, they were aware that few days ago, Prophet Abraham had visited me and I kissed him on the forehead while he was leaving (I don't know why I did that) it was becoming clear to me that Prophet Muhammad and Prophet Jesus were respecting me to meet them in the same way. So I had to kiss them on the forehead too. My love for all these prophets is only because I have seen the love of God in their lives, the conditions of life and the causes of their failures through the teachings of Holiness Zahid khan. I have understood the reasons very deeply, but I have not yet understood the purpose of these prophets. If these Prophets were not the helpers of Holiness Zahid khan with all their heart and soul or If all these prophets are with Him

to bring the time of the kingdom of God, if it is the case then I am with all of them.

# نبی محمد اور عیسیٰ مسیح سے ملاقات

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤

چند روز قبل میں نے اپنے ایک روحانی سفر کے دوران چند انبیاء سے ملاقات کی، جن میں سے نبی محمد اور نبی عیسی پیش پیش تھے،

میں ان کی ملاقات کا مقصد اور مفہوم تو نہیں جان سکا مگر ان کا مجھ سے پرتپاک ہو کر ملنا اس بات کی نشاندہی کر رہا تھا کہ جیسے وہ مجھ سے ایک دوستی کی سطح ہموار کر رہے ہوں، انھیں اس بات کی خبر تھی کہ چند روز قبل نبی ابراھیم تشریف لائے تھے اور میں نے انہیں رخصت ہوتے ہوئے ماتھے پر بوسہ دیا تھا( میں نے ایسا کیوں کیا مجھے نہیں معلوم) میرے لیے یہ واضح ہو رہا تھا کہ نبی محمد اور نبی عیسی بھی مجھ سے رخصت ہوتے ہوے ویسا ہی محبت بھرا رویا توقع کر رہے ہیں۔ لہذا مجھے ان کے ماتھے پر بھی بوسہ کرنا پڑا، ان تمام انبیاء سے میری یہ محبت محض اسی لئے ہے کہ میں نے حضرت زاہدؒ کی تعلیمات کے توسط سے، ان کی زندگیوں میں خدا کی محبت، حالات زندگی اور ناکامیوں کے اسباب و وجوہات کو بہت گہرائی سے سمجھا ہے، مگر میں یہ بات ابھی تک سمجھ نہیں پایا کہ میں ان انبیاء کے کس کام کا ہوں؟ اگر یہ انبیاء دل و جان سے حضرت زاہدؒ کے مددگار ہیں یا

اگر یہ تمام انبیاء خدا کی بادشاہت کا زمانہ لانے میں حضرت زاہدؒ کے ساتھ ہیں تو ہی میں ان کے ساتھ ہوں۔

# (63) Memory of my previous spiritual life

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May God's peace be upon you*

During a spiritual journey, i went through a past spiritual life. In which I was shown my childhood and boyhood and youth as if I had lived a long life there, and people in this world admired me for the beauty of my eyes. In the first part of this journey, I landed on a hill which was not higher than its level above the ground. There was a very beautiful sea on one side and small mountain style houses on the other side. It was a very beautiful world. The people there seemed to be in a very healthy state, standing at the front of the sea at a certain time and coming across a number of colorful fish, so that all matters of their life could be known very easily. The sea was so beautiful that if one stood on the beach, the waves of the sea would touch that person's feet like golden crystals. I stood on the top of this mountain for a long time and observed my old life. Where my parents were and I myself was becoming a peace loving person. There were many blessings of the Heavenly Father in that world, yet the love of God was not so deep in the hearts of the people, because the day they came there,

strange accidents would happen and people would lose their loved ones. The woman who was my mother in that world also had an accident. My father took care of her for a long time. That world, despite being a magical world, sometimes became so sad that everything seemed limited. One of the strangest things about this spiritual journey was that my body woke up a long time ago in this world but I myself was still standing on that hill during my spiritual journey.

# میری عالم ارواح کی گزشتہ زندگی

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

ایک روحانی سفر کے دوران میرا گزر اپنے ماضی کی ایک گزری ہوئی زندگی سے ہوا۔ جس میں مجھے میرا بچپن اور لڑکپن اور جوانی کا زمانہ دکھایا گیا جیسے کہ میں وہاں پر ایک لمبی زندگی گزار چکا تھا، اور اس دنیا میں لوگ مجھے میری آنکھوں کی خوبصورتی کی وجہ سے بہت سراہتے تھے۔ اسی سفر کے پہلے حصے میں میں ایک پہاڑی پر اترا جو کہ اپنی سطح زمین سے زیادہ بلند نہ تھی، اس پہاڑی کے ارد گرد کی جتنی بھی چٹانیں تھیں وہ سب خاصی گول اور تقریبا ایک ہی طرز کی تھیں، ان چوٹیوں کی رنگت سنہری تھی جس کے طرف نہایت ہی خوبصورت سمندر دوسری طرف چھوٹے چھوٹے پہاڑی انداز کے گھر تھے، یہ ایک بہت ہی خوبصورت دنیا تھی۔ وہاں کے لوگ انتہائی تندرست حال معلوم ہوتے تھے، جو ایک خاص وقت پر سمندر کے سامنے آ کر کھڑے ہو جاتے اور رنگ برنگی مچھلیاں بے حد تعداد میں انکے سامنے آ گرتیں، طرح ان کی زندگی کے معاشرتی تمام معاملات بہت ہی آسانی سے طے پا جایا کرتے۔ سمندر اتنا حسین تھا کہ کوئی ساحل سمندر پر کھڑا ہوتا تو سمندر کے پانی کی لہریں اس شخص کے پاؤں کو اس طرح سے چھو جاتیں جیسے کوئی سنہری کرسٹلز۔ میں بہت دیر اس پہاڑ کی چوٹی پر کھڑا رہا اور اپنی اس پرانی زندگی کا مشاہدہ کرتا ہے۔ جہاں پر میرے ماں باپ بھی تھے اور میں خود بھی ایک امن پسند انسان بن کر رہا کرتا تھا۔ اس دنیا میں حق تعالیٰ کی بہت برکتیں تھیں اس کے باوجود لوگوں کے دلوں میں خدا کی محبت اتنی گہری نہیں

تھی، کیوں کہ وہاں پر آئے دن عجیب سے حادثات جنم لیتے اور لوگ اپنے چاہنے والوں کو کھو دیا کرتے۔ اس دنیا میں جو خاتون میری ماں تھیں، وہ بھی ایک حادثے کا شکار ہوئی تھیں، میرا باپ بہت دیر تک ان کی دیکھ بھال کرتا رہا۔ وہ دنیا ایک طلسماتی دنیا ہونے کے باوجود کبھی کبھی اتنی غمگین ہو جاتی کہ سب کچھ محدود سا لگنے لگتا تھا۔ اس روحانی سفر کی ایک بڑی ہی عجیب بات یہ تھی کہ میرا جسم اس دنیا میں بہت دیر پہلے جاگ گیا تھا مگر میں خود اب بھی اسی پہاڑی کے اوپر کھڑا تھا۔

# (64) Wells of Milk

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May God's peace be upon you*

A few days ago in the spiritual journey I passed through a world where milk came out of the ground instead of water, and people dig wells to get milk and put it in big jugs and pots. The only difference was that the people who dug these milk wells were not so easily available, so it was often a problem- at first I used to store a lot of milk by putting it in the jars with the help of ropes, then after that I went inside the well myself, and filled it with milk, drank it and brought it out in big jugs and pots so it can be usfull later too. One of the highlights of the day was that as soon as a person drank this milk, he would get spiritual satisfaction.

# دودھ کے کنویں

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

اپنے ایک روحانی سفر میں چند روز قبل میں ایک ایسی دنیا سے گزرا جہاں پر زمین سے پانی کی بجائے دودھ نکلتا تھا، اور لوگ کنوے کھود کر دودھ نکالتے اور بڑی بڑی مشکوں اور برتنوں میں رکھتے۔ فرق صرف اتنا تھا کہ یہ دودھ کے کنویں کھودنے والے لوگ اتنی آسانی سے میسر نہیں تھے، اس لئے اکثر دشواری رہتی، جب میں اس دنیا میں پہنچا مجھے بھی ایک کنواں دے دیا گیا، اور کہا گیا کہ جتنا چاہیں اس میں سے دودھ نکالیں اور پیئں۔ پہلے تو میں رسیوں کے ذریعے بہت سارا دودھ مشکوں میں ڈال ڈال کر محفوظ کرتا رہا، پھر اس کے بعد میں خود بھی کنوئں کے اندر گیا، اور جی بھر کر دودھ نکالا، پیا اور بڑی بڑی مشکوں اور برتنوں میں باہر لا کر رکھ دیا تاکہ اسے استعمال کیا جائے۔ اس دودھ کی ایک خاص بات یہ بھی تھی جیسے جیسے کوئی شخص اس دودھ کو پیتا جاتا، ویسے ویسے اس شخص کو اطمینان حاصل ہوتا۔

# (65) Holiness Zahid khan, Prophet Suraj khan & juice of God’s sweet sugarcanes

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May God's peace be upon you*

Last night on a spiritual journey I was in a very beautiful world, where Brother Suraj Khan and I were wandering in our lands and properties, and were very happy to see our lush green fields, we were both very simple. Dressed in style, like a farmer. We were so rich and prosperous there that it was as if the whole world was belong to us. In short, Brother Suraj Khan and I were enjoying looking at our land and lush fields. Suddenly we both saw Holiness Zahid khan, who was walking towards us with a huge rider loaded with sugarcanes. As soon as our eyes were on the Prophet Zahid khan, we both ran towards the Prophet khan together, a strange wave of joy and emotion ran. We both started crying. One of us hugged the Prophet and the other prostrated at the feet of the Prophet zahid khan and kissed his feet. It was a very loving meeting, it was as if the calf father of two brothers had returned. The Prophet gave us a lot of love and said that the Heavenly father has sent

all these sweet sugarcanes for you people, drink its juice and share it with others. Then we distributed the sweet sugarcanes to many people and drank the juice ourself's. What an example of the sweetness of the juice of those sweet sugarcanes. Like the sweetest honey.

# حضرت زاہدؑ، نبی سورجؑ اور خدا کے میٹھے گنوں کا رس

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

کل رات ایک روحانی سفر میں میں ایک بہت ہی خوبصورت دنیا میں تھا، جہاں میں اور برادر سورج خان اپنی زمینوں اور جائیدادوں میں گھوم رہے تھے، اور اپنے ہرے بھرے کھیت کھلیان دیکھ کر بہت خوش ہو رہے تھے، ہم دونوں نے بہت ہی سادہ طرز کے لباس پہنے ہوئے تھے، جیسے کوئی کسان یا کاشتکار ہوں۔

ہم وہاں پر اتنے امیر اور خوش حال تھے کہ جیسے اس پوری دنیا کا غلا ہمارا ہو، مختصر یہ کہ میں اور برادر سورج خان اپنے سرسبز و شاداب اور لہلہاتے کھیتوں کی طرف دیکھ کر لطف اندوز ہو رہے تھے کہ اچانک ہم دونوں کی نظر جناب حضرت زاہدؑ پر پڑی جو کہ گنوں سے لدی ہوئی ایک بہت بڑی سواری کے ہمراہ ہماری طرف پیدل چلے آ رہے تھے۔ اس گنوں کی لدی ہوئی سواری کہ بڑے بڑے پہیے تھے جسے کچھ عجیب سی طرز کے چوپائے کھینچ کر ہماری طرف لا رہے تھے، جیسے ہی ہماری نگاہ حضور پر پڑی ہم دونوں ایک ساتھ حضور کی طرف دوڑے، خوشی اور جذبات کی ایک عجیب لہر دوڑ گئی۔ ہم دونوں نے خوشی اور جذبات سے رونا ہی شروع کر دیا، ہم میں سے ایک حضور کے گلے لگتا تو دوسرا حضور کے قدموں پہ سجدے اور قدم بوسی کرتا۔ یہ ایک انتہائی محبت بھری ملاقات تھی، دیکھنے میں یوں لگتا تھا

جیسے دو بھائوں کا بچھڑا ہوا باپ واپس لوٹ آیا ہو۔ حضور نے ہمیں بہت پیار دیا اور فرمایا کہ یہ سارے میٹھے گنے حق تعالیٰ نے تم لوگوں کے لیے بھیجے ہیں، خود بھی ان کا جوس پیو اور دوسروں میں بھی بانٹو۔ پھر کیا تھا وہ میٹھے گنے ہم بے بہت سے لوگوں کو بانٹے اور خود بھی جوس نکال نکال کر پیا۔ ان میٹھے گنوں کی 'رو'' کی مٹھاس کی کیا ہی مثال دی جاے۔ جیسے کوئی شہد ہو

# (66) A Heart broken meeting with Heavenly father

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May God's peace be upon you*

Last night I met Heavenly Father during a spiritual journey. It was a painful and heartbreaking meeting. I arrived in a world where people were very religious and lived according to their religious customs. Most of their rituals sounded like Muslims. I asked about God but they told me a lot about these rituals but they didn't know much about God. But there was an old man and he started telling me the real purpose and meaning of his teachings. Regarding their prayers, fasts and acts of worship, etc., he said that you do not need to understand all this like them. And wherever I had a problem, the old man would help me again and again. Then I arrived in another world, I asked about God, they didn't know anything special, except their formal worship. There the old man came again and began to guide me. And said you don't have to do that, but you can do better than that. This time he took me away from them and told me to purify my spirit and pray in a unique way. Some people would perform ablutions but their prayers were not being offered to them. As if someone had

left a flood or water under their ranks. It was as if these pages were floating on water and no one could step on them. I asked, "What's the matter?" I was very surprised by this answer. In the same way, falling from many other worlds, I came to a heaven, where there were huge mansions and palaces, which were built in a royal and very beautiful way like the palaces of kings and princes, one palace many It spanned a thousand kilometers and there were countless such palaces. Far, far away, there were occasional people who came just to take care. The same old man appeared there again. I asked if God would be found in this heaven? He did not answer and sat away and began to cry. I asked a few other people why this heaven is so empty despite having so much And in spite of being such a bright paradise, the sky is absolutely empty and deserted. why so? I did not get answers to all my questions from them but they told me that this heaven was made by God with his own hands, one by one houses and walls were built and decorated with His own hands but for whom all these decorations and Royal construction, they don't come here. When I heard this, I started crying loudly and said that someone should take me to with God or at least silence the old man who has been crying for so long. And sometimes he cries against the wall of a heavens. Sometimes he cries against the door of a palace. I stayed in this heavens for hours and found this old man standing on some corner crying. When my emotions were out of

control, I personally recognized this old man and said: O dear old man, you have guided me everywhere in such a long journey. Can I help you with your grief?  The old man came to me weeping and said, " O Child" my pain and sorrow will be lessened on the day when my sons and daughters will return to these heavens."  I am the one who made all these gardens and palaces with my own hands so that my sons and daughters could live in them and find happiness.  And this sky is empty because its original shining stars and the stars of my eyes have fallen on the earth and in the darkness, until they come back these heavens, i will be deserted and my heart will be broken.

I looked into the eyes of this old man and asked who are you, Old man?  This old man looked at me with tears and said "I am your Heavenly Father"  As soon as I looked into the eyes of the Almighty Gid, I screamed in pain and fainted.  I don't remember when I came back to my body but when I woke up my right foot was on top of my left, both elbows were on my face, and I was lying on my bed crying. In this senate of the night, I was reminded of the tear-stained face of the Almighty and like an elderly father, weeping over and over again in the memory of his children. I may have left my heart in this sorrowful heaven of the Heavenly Father. No one in this heaven has been able to silence the Heavenly Father, nor me.  Never in my life have I been so tired and sad as I was next morning.

# آسمانی والدین سے ایک درد بھری ملاقات

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤️

کل رات ایک روحانی سفر کے دوران میری حق تعالی سے ملاقات ہوئی۔ یہ ایک درد بھری اور پر سوز ملاقات تھی۔ میں ایک دنیا میں پہنچا جہاں بہت ہی مزہبی قسم کے لوگ تھے اور اپنی مزہبی رسومات کے مطابق زندگی گزار رہے تھے۔ ان کی بیشتر رسومات مسلمانوں جیسی معلوم ہوتی تھیں۔ میں نے خدا کے بارے میں سوال کیا مگر انھوں نے مجھے ان رسومات کے متعلق تو بہت کچھ بتایا مگر وہ خدا کے بارے میں کچھ خاص نہیں جانتے تھے۔ لیکن وہاں ایک بزرگ شخص تھا اور وہ مجھے ان کی تعلیمات کا اصل مقصد اور مفہوم بتانے لگا۔ خقص طور پر ان کی نماز روزوں اور عبادات وغیرہ کے متعلق اور کہنے لگا کہ تمہیں یہ سب ان لوگوں کی طرح سمجھے کی ضرورت نہیں۔ اور جہاں مجھے کوئی دقعت ہوتی وہ بوڑھا شخص بار بار میری مدد کرتا۔ پھر میں ایک ایسی ہی اور دنیا میں پہنچا، میں نے خدا کے بارے میں سوال کیا، انھیں بھی کچھ خاص نہیں پتہ تھا، سوائے انکی رسمی عبادات کے۔ وہاں وہ بوڑھا شخص پھر آ گیا اور میری راہنمائی کرنے لگا۔ اور کہا کہ تجھے ایسا کچھ کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ تو ان سے بہتر کر سکتا ہے۔ اس بار اس نے مجھے ان لوگوں سے پرے لے جا کر ایک منفرد طریقہ سے روح کی پاکیزگی اور مناجات کے بتایا۔ وہاں کچھ ایسے لوگ بھی تھے جو وضو تو کر لیتے مگر ان سے انکی نماز نہیں پڑھی جا رہی تھی۔ جیسے کسی نے ان کی صفوں کے نیچے سیلاب یا پانی چھوڑ گیا ہو۔ یوں لگتا تھا کہ یہ صفحیں پانی پر تیر رہی ہیں اور کوئی

ان پر قدم نہیں جما سکتا۔ میں نے پوچھا کہ یہ کیا ماجرہ ہے تو اس بوڑھے شخص نے بتایا کہ ان کی صف لپٹ گئی ہے اور نیچے جو پانی بہہ رہا ہے وہ خدا کے آنسو ہیں۔ مجھے اس جواب سے بہت تعجب ہوا۔ اسی طرح میں کئی اور دنیاؤں سے گرتا ہوا کسی ایسی جنت میں جا پہنچا جہاں بہت بڑی بڑی حویلیاں اور محل تھے، جن کی تعمیر ایک عمدہ اور انتہائی خوبصورت انداز میں کی گئی تھی جیسے بادشاہوں اور شہزادوں کے محل ہوں، ایک ایک محل کئی کئی ہزار کلومیٹر پر محیط تھا اور وہاں ایسے انگنت محلات تھے۔ بہت دور دور کہیں کوئی اکا دکا لوگ نظر آرہے تھے جو محض دیکھ بھال کے لئے موجود تھے۔ وہاں پھر وہی بوڑھا شخص نظر آیا۔ میں نے اس سے پوچھا کہ کیا اس جنت میں خدا ملے گا؟ اس نے جواب نہیں دیا اور دور بیٹھ کر رونے لگا۔ میں نے دوسرے چند افراد سے دریافت کیا کہ اس جنت میں اتنا کچھ ہونے کے باوجود یہ اتنی خالی کیوں ہے؟ اور اتنی روشن جنت ہونے کے باوجود آسمان بلکل ہی ستاروں سے خالی اور ویران ہے۔ ایسا کیوں؟ مجھے ان سے اپنے سب سوالوں کے جواب تو نہ ملے مگر انھوں نے بتایا کہ یہ جنت خدا نے اپنے ہاھوں سے بنائی تھی، ایک ایک گھر، درودیوار اپنے ہاتھوں سے تعمیر کئے اور سجائے تھے لیکن جن کے لئے یہ ساری سجاوٹ اور تعمیر کی گئی تھی وہ یہاں نہیں آتے۔ میں نے یہ سن کر زور زور سے رونا شروع کر دیا اور کہا کہ کوئی مجھے خدا سے ملا دے یا پھر کم از کم اس بزرگ شخص کو چپ کرا دے جو اتنی دیر سے رو رہا ہے۔ اور کبھی کسی محل کی دیوار سے لگ کے روتا ہے، کبھی کسی محل کے دروازے سے لگ کر روتا ہے۔ میں گھنٹوں اس جنت میں رہا اور اس بزرگ کو کسی نہ کسی کونے پہ کھڑا روتا پایا۔ جب میرے جزبات قابو میں نہ رہے تو میں

نے خود ہی اس بزرگ کو پوچھا کہ اے بابا جی آپ نے اتنے لمبے سفر میں میری ہر جگہ راہنمائی کی ہے۔ کیا میں آپ کی کوئی مدد کر سکتا ہوں تاکہ آپ کا غم کم ہو سکے۔ وہ بزرگ روتا روتا میرے پاس آیا اور کہا کہ بچے میرا دکھ درد اور غم اس دن کم ہو گا جس دن میرے بیٹے بیٹیاں واپس ان جنتوں میں آ جائیں گے۔ میں نے ہی یہ ساری جنتیں اور محل اپنے ہاتھوں سے بنائے تھے تاکہ میرے بیٹے بیٹیاں ان میں رہیں اور خوشیاں پائیں ۔ اور یہ آسمان اس لیے خالی ہے کہ اس کے اصل چمکنے والے ستارے اور میری آنکھوں کے تارے تو زمین پر اور اندھیروں میں گر چکے ہیں، جب تک وہ واپس نہ آجائیں یہ جنتیں ویران رہیں گی اور میرا دل ٹوٹا رہے گا۔

میں نے اس بزرگ شخص کی آنکھوں میں دیکھا اور پوچھا کہ آپ کون ہیں بابا جی؟ اس بزرگ شخص نے اس دفع میری طرف اشک بھری نگاہیں اٹھا کر دیکھا اور کہا! بیٹا میں تیرا آسمانی والدین ہوں۔ میں نے جیسے ہی حق تعالیٰ کی نگاہ سے نگاہ ملائی اور میں وہیں ایک دردناک چیخ مار کر بے حوش ہو گیا۔ مجھے نہیں یاد کہ میں واپس اپنے جسم میں کب لوٹا مگر جب ہوش آیا تو میرا دایاں پاؤں بائیں کے اوپر تھا، دونوں کوہنیاں میرے منہ کے اوپر تھیں،اور میں اپنے بستر پر لیٹا رو رہا تھا۔ رات کے اس سناٹے میں مجھے حق تعالیٰ کا آنسوؤں سے تر چہرہ اور کسی بزرگ باپ کی طرح اپنے بچوں کی یاد میں درودیوار سے لگ کر بارہا رونا یاد آرہا تھا۔ میں شائد اپنا دل اس خدائے بزرگ و برتر کی اس غم سے بھری جنت میں چھوڑ آیا تھا۔ نہ ہی اس جنت میں کوئی حق تعالیٰ کی ذات کو چپ کرا پایا اور نہ مجھے۔ زندگی میں اتنی تھکاوٹ اور غم سے کبھی نہیں اٹھا، جس طرح آج صبح میں اپنے بستر سے اٹھا۔

# (67) A congratulations of the new worlds

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤
*May God's peace be upon you*

"This evening the Heavenly father visited and congratulated the time of his kingdom."

About six o'clock in the evening, I was translating one of the videos of Holiness zahid khan into Urdu while sitting in my room at my couch. As I was sitting, I felt drowsy and went in deep sleep. I felt as if some has pushed my spirit out of my body from behind. I was Going into the dark eternity very fast, it was a road that was very dark, so much so that death would come to anyone for fear of the darkness, there was nothing but darkness on all sides, just as there was nothing above me. Fear of this darkness came to me. I did not know why but I laughed so loudly inside the darkness, so loudly that I could never laugh so loudly in my physical life. I didn't see anyone else there, I only felt the presence of someone else on the right, but at the time I didn't know who he was. I started flying straight on this route. And my spirit, passing through this path at the speed of millions and millions of lightning speeds, went to the other side of this darkness, with the same intensity as

someone pushed me out of my body into this deep darkness, For now i was back into my body but I felt like I was still on my journey, my eyes remained closed but my spirit came out of my body once again and now I reached to the world of the most beautiful lights and golden fire . Now I see myself standing in a very beautiful fire-colored heaven, with a fire light everywhere. Very subtle feelings were forming in my spirit. Suddenly, the Heavenly Father appeared to me in His true form, and said: "Congratulations to all of you. The time of my kingdom has come. Congratulations to Zahid who has done this. I have a lot for all of you and the love that does not fall."

It was a meeting of a few moments, but today there was a strange joy on the face of the Heavenly Father. The light of the God was shining in a unique way. As if it was dancing in joy, today the Heart of the Heavenly father was very happy and there were no tears in His eyes, after a short meeting when my spirit returned to my body, even thought these terrible darkness came out of my heart, Went through which I reached the Heavenly father. And in the joy of this meeting, I myself danced many times this evening. If I was in Germany at this time, I would light a lamp on the doorstep of Holiness Zahid khan and wear him many colourful flowers neckless around his neck. Countless blessings and congratulations from Heavenly father to you all. It is my prayer that now the Heavenly Father will guide us more and more with our hearts and

spirit through the paths of His kingdom, no matter how dark these paths may be, we will continue to walk with laughter in the eyes of every fear. And do God's will. Amen

# خدا کی بادشاہت کی مبارکباد

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤️

"آج شام آسمانی والدین نے دورہ کیا اور اپنی بادشاہت کے دور کی مبارکباد دی۔" شام چھ بجے کے قریب میں اپنے کمرے میں صوفے پر بیٹھا حضرت زاہدؒ کی ایک ویڈیو کا اردو میں ترجمہ کر رہا تھا۔ بیٹھتے ہی مجھے غنودگی محسوس ہوئی اور میں گہری نیند میں چلا گیا۔ مجھے ایسا لگا جیسے کسی نے میری روح کو پیچھے سے میرے جسم سے باہر دھکیل دیا ہو۔ میں اندھیرے ابدیت میں جا رہا تھا، وہ ایک سڑک تھی جو بہت تاریک تھی، اس قدر کہ اندھیرے کے خوف سے کسی کو موت آجائے، ہر طرف اندھیرے کے سوا کچھ نہیں تھا، جیسے میرے اوپر کچھ نہیں تھا۔ مجھے ایک بار اس اندھیرے سے خوف آیا۔ مجھے نہیں معلوم کیوں لیکن میں اندھیرے کے اندر اتنا زور سے ہنسا، اتنا زور سے کہ میں اپنی جسمانی زندگی میں کبھی اتنا زور سے نہیں ہنس سکا۔ میں نے وہاں کسی اور کو نہیں دیکھا، میں نے صرف دائیں طرف کسی اور کی موجودگی محسوس کی، لیکن اس وقت میں نہیں جانتا تھا کہ وہ کون ہے۔ میں اس راستے پر سیدھا پرواز کرنے لگا۔ اور میری روح لاکھوں کروڑوں بجلی کی رفتار سے اس راستے سے گزرتی ہوئی اس اندھیرے کے دوسری طرف چلی گئی، جس شدت کے ساتھ کسی نے مجھے میرے جسم سے نکال کر اس گہرے اندھیرے میں دھکیل دیا، فی الحال میں واپس آگیا تھا۔ میرے جسم میں داخل ہوا لیکن مجھے ایسا لگا جیسے میں ابھی سفر پر ہوں، میری آنکھیں بند رہیں لیکن میری روح میرے جسم سے ایک بار پھر نکل

آئی اور اب میں خوبصورت ترین روشنیوں اور سنہری آگ کی دنیا میں پہنچ گیا ہوں۔ اب میں اپنے آپ کو ایک بہت ہی خوبصورت آگ کے رنگ کی جنت میں کھڑا دیکھ رہا تھا، ہر طرف آگ کی روشنی تھی۔ میری روح میں بہت لطیف احساسات پیدا ہو رہے تھے۔ اچانک حق تعالیٰ اپنی حقیقی شکل و صورت میں میرے سامنے آ گئے اور فرمایا:

" تم سب کو بہت بہت مبارک ہو۔ میری بادشاہت کا وقت آ گیا ہے۔ زاہد کو مبارک ہو جس نے یہ کر دکھایا۔ میرے پاس تم سب کے لیے بہت کچھ ہے اور وہ محبت جو کم نہیں ہوتی۔"

یہ چند لمحوں کی ملاقات تھی لیکن آج حق تعالیٰ کے چہرے پر ایک عجیب سی خوشی تھی۔ خدا کا نور انوکھے انداز میں چمک رہا تھا۔ گویا خوشی میں ناچ رہا تھا، آج آسمانی والدین کا دل بہت خوش تھا اور ان کی آنکھوں میں آنسو نہیں تھے، تھوڑی سی ملاقات کے بعد جب میری روح میرے جسم میں لوٹ آئی تو سوچا کہ وہ میرے دل کے اندھیرے تھے، جو پیچھے رہ گئے اور ان سے گزر کر میں آسمانی والدین کے پاس جا پہنچا اور اس ملاقات کی خوشی میں، میں نے خود بھی اس شام کئی بار بچوں کیطرح رقص کیا۔ اگر میں اس وقت جرمنی میں ہوتا تو حضور زاہد کی دہلیز پر چراغ جلاتا اور ان کے گلے میں بے شمار رنگ برنگے پھولوں کی مالا پہناتا۔ آپ سب کو آسمانی والدین کی طرف سے بے شمار برکتیں اور مبارکباد۔ میری دعا ہے کہ اب سچا والدین خُدا ہمیں اپنی بادشاہت کے راستوں پر اپنی رہنمائی عطا کرے، چاہے یہ راستے کتنے ہی تاریک یا مشکل کیوں نہ ہوں، ہم ہر خوف کی آنکھوں میں

آنکھیں ڈال کر دل و جان اور پوری خوشی کے ساتھ چلتے رہیں۔ اور خدا کی منشاء پوری کریں۔

آمین

# (68) The Old world under my foot

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May God's peace be upon you*

One night during a spiritual journey, Brother Moses and I went through a world where many prophets were pushing the earth down with their feet. As they pressed the earth down with their feet, the earth seemed to sink downwards. We did not ask what was happening. The prophets said that this is our job. You people are also prophets. Come and start trampling this world under your feet. In order for God's new world to come, we began to press the earth hard with our feet. We filed the whole building under our feet where we were standing. And so the prophets came and we trampled the great buildings under our feet too. Many times the rubble would fall on us, many prophets would be buried down but this work continued. Eventually we trampled all the buildings of this old world under our feet, and then a new world began, in which everyone was building a new one with their own hands. They even built a house in which they could settle their new world. This new world was not so glorious but every human heart was connected with other human beings. Everyone was grieving, even people would put their mouths in each other's mouths. Strange peace and comfort at home, as if

the whole world were one family. We also saw other creatures there, they said that this time God's world has come, God had long waited for this world.

# پرانی دنیا میرے قدموں کے نیچے

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤

ایک رات روحانی سفر کے دوران میں اور برادر موزز ایک ایسی دنیا سے گزرے جہاں بہت سارے انبیاء زمین کو اپنے پیروں سے نیچے کی طرف دبا رہے تھے۔ جیسے جیسے وہ دھرتی کو پاؤں سے نیچے کی طرف دباتے، ویسے ویسے ہی زمین نیچے کی طرف دھنستی دیکھائی دیتی۔ ہم نے پوچھا یہ کیا ہو رہا ہے، انبیاء نے کہا کہ یہی ہمارا کام ہے، تم لوگ بھی نبی ہو، آؤ تم بھی اس دنیا کو پاؤں سے نیچے دبانا شروع کرو۔ تاکہ خدا کی نئی دنیا آسکے، ہم نے اپنے پاؤں سے زمین کو زور زور سے دبانا شروع کر دیا۔ ہم جہاں کھڑے تھے وہ پوری عمارت ہم نے پاؤں کے نیچے مسل دی۔ اور بھی انبیاء آتے گئے اور ہم نے اسی طرح بڑی بڑی عمارتوں کو اپنے پیروں کے نیچے روند ڈالا۔ کئی بار تو ملبہ ہمارے اوپر آ گرتا، کئی انبیاء نیچے دب جاتے مگر یہ کام چلتا رہا۔ آخر کار ہم نے اس پرانی دنیا کی ساری عمارتیں اپنے پاؤں تلے روند ڈالیں، اور پھر ایک نئی دنیا کے کا آغاز ہوا، جس میں ہر شخص اپنے ہاتھوں سے ایک نئی تعمیر کر رہا تھا، میں اور برادر موزز نے کئی لوگوں کو چھوٹے چھوٹے گھر بنا کر بھی دیئے جس میں وہ اپنی نئی دنیا بسا سکیں، یہ نئی دنیا اتنی شان و شوکت والی تو ناں تھی مگر اس میں ہر انسان کا دل دوسرے انسان سے جڑا ہوا تھا۔ ہر کوئی غم گسار تھا، یہاں تک کہ لوگ اپنے منہ کا نوالہ بھی دوسرے کے منہ میں ڈال دیتے۔ عجیب سکون اور گھر جیسی راحت محسوس ہوتی، جیسے ساری دنیا ایک ہی خاندان ہو۔ ہم نے وہاں اور اقسام کی مخلوقات

کو بھی دیکھا، انھوں نے بتایا کہ اس بار خدا کی دنیا آگئی ہے، خدا نے اس دنیا کا بہت انتظار کیا تھا۔

# (69) A mountain of God

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May God's peace be upon you*

A few days ago, during a spiritual journey, I passed through a city in South Africa (C), this city was not as it is today, then the number of people was not the same, nor There was a lot of noise as there is in normal times. There were bazaars but they were not as bustling as they are these days. The bazaars of this city were as if there was no place for buying and selling but a place for decoration. It was right in the middle of the city. Normally, about one million people pass through here in a day, so many beautiful houses and glass-like walls and doors that one would be admire of their architecture. And the city was very developed in the field of transportation and modern living, I was amazed at the beauty of this city, and I walked inside a very modern train station, which has a lot of shopping malls. The malls and African-style bazaars were decorated, the only surprise was that there was no buying and selling of anything but everything was absolutely free for everyone, the main entrance of this train station which is made of very beautiful and standard glass. Yes, I saw someone approaching the entrance, this person was over seven feet tall and had very long arms, as soon as this

person turned his face towards me, I recognized him by the look on his face and intensive smile. He was the Heavenly Father, in a form if an African man, he has come to see and meet his African sons and daughters in this very crowded area of this African city (C). The Heavenly Father entered the train station and began to walk with his long, long legs, now with an African dignity on his face, and a strange irony in his longest arms. The Heavenly Father waving His arms, accepted a victorious reception of a few special people. I welcomed and waved, it was also reflecting as if someone had returned to his home. There was a strange joy and contentment on the face of the Heavenly Father. It was a time when people saw the God descending on the great mountains of this city, and this mountain was decorated and specifically called the mountain of God. Because the visites of the Heavenly Father on this mountain it became so popular and could be seen from afar. It called T mountain these days.

# خدا کا پہاڑ

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

چند روز قبل ایک روحانی سفر کے دوران میں ساؤتھ افریقہ کے شہر (------------) سے گزرا، یہ شہر ویسا نہیں تھا جیسا کہ آج ہے، تب لوگوں کی نہ ہی تعداد اتنی تھی، اور نہ ہی شور و غل برپا تھا جتنا کے عام اوقات میں ہوتا ہے، بازار تو تھے مگر ان میں ایسی گھما گھمی نہیں تھی جیسی ان دنوں میں ہوتی ہے۔ اس شہر کے بازار یوں تھے جیسے کوئی خرید و فروخت کی جگہ نہ ہو بلکہ کوئی سجاوٹ کی جگہ ہو۔ یہ اس شہر کی بالکل درمیانی جگہ تھی یہاں پر معمول میں کم و بیش دس لاکھ کے قریب لوگ ایک دن میں گزرتے ہیں، انتہائی خوبصورت گھر اور شیشے جیسے دیوار و در کہ ان کی طرز تعمیر دیکھ کر انسان رشک کرے۔ اور آمدورفت اور ماڈرن زبائش کے شعبے میں یہ شہر بہت ترقی کر چکا تھا، میں اس شہر کی خوبصورتی کو دیکھ کر خود بھی حیران تھا، اور میں چلتا چلتا یہاں کے ایک انتہائی ماڈرن ٹرین سٹیشن کے اندر آگیا، جس میں کئی سارے شاپنگ مالز اور افریقن طرز کے بازار سجے ہوئے تھے، حیرانگی صرف اس بات کی تھی کہ کسی بھی چیز کی خریدوفروخت نہیں تھی بلکہ سب کچھ سب کے لئے بالکل فری تھا، اس ٹرین اسٹیشن کی مین اینٹرنس جو کہ انتہائی خوبصورت اور معیاری شیشے کی بنی ہوئی تھی۔

ہاں، میں نے کسی کو مین اینٹرنس کے قریب آتے دیکھا، یہ شخص سات فٹ سے زیادہ لمبا تھا اور اس کے ہاتھ اور بازو بہت لمبے تھے، جیسے ہی اس شخص نے اپنا رخ میری طرف

کیا، میں نے اسے اس کے چہرے کی نظروں اور شدید مسکراہٹ سے پہچان لیا۔ وہ ہمارا سچا والدین خدا کی ذات تھے۔ ایک افریقی آدمی کے روپ میں ، وہ اس افریقی شہر (---------) کے اس انتہائی پرہجوم علاقے میں اپنے افریقی بیٹے اور بیٹیوں کو دیکھنے اور ملنے آئے تھے۔ حق تعالیٰ ٹرین سٹیشن میں داخل ہوئے اور اپنی لمبی لمبی ٹانگوں کے ساتھ چلنے لگا، اب ان کے چہرے پر افریقی وقار تھا، اور ان کے لمبے بازوؤں میں ایک عجیب سی رعب تھا۔ حق تعالیٰ نے اپنے بازوؤں کو لہراتے ہوئے چند خاص لوگوں کا فاتحانہ استقبال کیا۔ میں نے بھی انکوٗ خیر مقدم کیا اور ہاتھ لہرایا، یہ اس بات کی بھی عکاسی کر رہا تھا جیسے کوئی اپنے گھر لوٹ آیا ہو۔ حق تعالیٰ کے چہرے پر ایک عجیب خوشی اور اطمینان تھا۔ یہ وہ وقت تھا جب لوگوں نے خدا کو اس شہر کے عظیم پہاڑوں پر اترتے دیکھا تھا اور اس پہاڑ کو سجایا گیا تھا اور خاص طور پر خدا کا پہاڑ کہا جاتا تھا۔ کیونکہ اس پہاڑ پر حق تعالیٰ کی زیارتیں بہت مشہور ہوئیں اور دور سے دیکھی جا سکتی تھیں۔ آج کل اس پہاڑی سلسلے کو (---------------) کہتے ہیں۔

# (70) My elder brother & pledge with Holiness Zahid khan

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May God's peace be upon you*

During a spiritual journey I passed through some parts of Pakistan, it was a time when religious people and their leaders were looking for my loved ones and family to be questioned, and if they If they find my family members believing in Zahid Khan, they should be removed. And this issue was happening not only with my relatives and family but also with many other people. One of the main reasons for this was that no such family or society has been established in Pakistan yet. The one who could have set his foot to bring the kingdom of God, either he would have been found and killed, or he would have been silenced with fear and trembling, In between, he belonged to a Muslim Sufi family, he was found by an American Pakistani member Syed Mawlood Sahib, and on his behalf a meeting was arranged with Mr. Zahid in Pakistan. Mr. Zahid Khan Accepted the allegiance of the Sufi man who came with Syed Maulood Sahib, and blessed him and gave him the responsibility of running the mission of God kingdom in Hindu-Pak countries, when I came to know that Holy

Qiblah Zahid (as) They are also visiting Pakistan, so I went to the area looking for them to visit them. It was a very big house with beautiful flowers and greenery in its courtyard.

- As soon as I reached there, I kissed the footsteps of Holiness Zahid Khan and then after that I kissed the feet of the Sufi man who was blessed by the Holiness Zahid Khan and was given the mission of indea & Pakistan. He raised his eyes with respect and wanted to see the face of the Sufi man who was blessed by Zahid (as). This respectful look of mine turned into very charming emotion in a few moments, because this Sufi person was none other than my elder brother who is present in Pakistan today. And prayed aloud. Seeing all this, my heart was full of happiness. I congratulated my elder brother a lot and asked permission from the Holiness Zahid khan and left from there.

# میرا بھائی اور حضرت زاہدؑ سے روحانی بیعت

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک روحانی سفر کے دوران میرا گزر پاکستان کے کچھ علاقوں سے ہوا، یہ ایک ایسا دور تھا جب مذہبی لوگ اور ان کے راہنما میرے عزیز و اقارب اور خاندان کے لوگوں کو ڈھونڈ رہے تھے، تاکہ ان سے باز پرس کی جائے، اور اگر وہ انہیں یعنی کہ میرے خاندان کے لوگوں کو حضرت زاہدؑ کے ماننے والا پائیں تو ختم کر دیا جائے۔ اور یہ معاملہ محض میرے عزیز و اقارب اور خاندان کے ساتھ ہی نہیں بلکہ اور بھی بہت سے افراد کے ساتھ پیش آ رہا تھا، اس کی ایک بڑی وجہ یہ تھی کہ اس دور میں ابھی تک پاکستان میں کوئی ایسا خاندان یا سوسائٹی نہیں قائم ہو سکی تھی، جو خدا کی بادشاہت لانے کے لئے اپنے قدم جما سکی ہو، یا تو انہیں ڈھونڈ کر مار دیا جاتا، یا تو انہیں ڈر اور خوف کے ساتھ چپ کروا دیا جاتا، انہیں دنوں ایک شخص جو کہ عمر میں پچاس سے ساٹھ کے درمیان تھا، جو کہ ایک مسلمان صوفی خاندان سے تعلق رکھتا تھا، اسے ایک امریکن پاکستانی میمبر سید مولود صاحب، ڈھونڈ کر لائے، اور انھیں کے ذریعے حضرت زاہدؑ کے ساتھ پاکستان میں ہی ملاقات کروائی گئی، حضرت زاہدؑ صاحب نے اس صوفی شخص کی بیعت قبول کی جو سید مولود صاحب کے ساتھ آیا تھا، اور اسے برکتیں دیتے ہوئے ہندو پاک کے ممالک میں خدا بادشاہت کا مشن چلانے کی ذمہ داری عطا کی گئی، جب مجھے اس خبر کا پتہ چلا کہ حضرت زاہدؑ بھی پاکستان میں ہی تشریف لائے ہوئے ہیں، تو میں ان کی زیارت کے لئے انہیں ڈھونڈتا ہوا اس علاقے میں

جا پہنچا جہاں پر حضرت زاہدؒ اپنے چند ساتھیوں کے ساتھ تشریف فرما تھے، یہ ایک بہت بڑا گھر تھا، جس کے آنگن میں بہت ہی خوبصورت پھول اور سبزہ ہی سبزہ تھا، اس بڑے سے آنگن میں حضرت زاہدؒ اس صوفی شخص کے ساتھ سرسبز و شاداب گھاس پر تشریف فرما تھے۔ میں نے وہاں پہنچتے ہی حضرت زاہدؒ کی قدم بوسی کی، اور پھر اس کے بعد اس صوفی شخص کے پاؤں کو بوسہ دیا جسے حضرت زاہدؒ نے برکتیں عطا فرمائی تھیں اور ہندو پاک کا مشن عطا فرمایا تھا، میں نے بہت ہی عزت سے اپنی نگاہیں اٹھا کر اس صوفی شخص کا چہرہ دیکھنا چاہا جسے حضرت زاہدؒ نے برکتیں عطا فرمائی تھیں۔ میری یہ عزت بھری نگاہ چند ہی لمحوں میں انتہائی دلفریب جذبات میں بدل گئی، کیونکہ یہ صوفی شخص کوئی اور نہیں بلکہ میرا ہی بڑا بھائی تھا جو کہ آج اس وقت پاکستان میں موجود ہے، حضرت زاہدؒ نے آسمان کی طرف ہاتھ اٹھائے اور باآواز بلند دعا فرمائی۔ یہ سب کچھ دیکھ کر میرا دل خوشی سے معمور تھا، میں نے اپنے بڑے بھائی کو بہت ساری مبارکباد دی اور حضور حضرت زاہدؒ سے اجازت طلب فرمائی اور وہاں سے رخصت ہوا۔

# (71) Threads of love

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤
*May God's peace be upon you*

One night during a spiritual journey I passed a city in Germany. It was late at night but the markets were still open. There were no stars in the sky. It was just like darkness, in the distance a road was visible with occasional traffic. My eyes fell on Qiblah Zahid (as) who was standing on the other side of the road. I walked to the qiblah of Zahid (peace be upon him). I was very happy. The Holy Prophet hugged me and said that I am looking for a special kind of thread in Athar. Saying this, the Holy Prophet extended the thread he was holding in his hand towards me. And he said, 'Go on the straight path and find the same thread.' I took the thread from the Holy Prophet (saw) and walked with permission and walked on the same road and reached an area where I saw a very small shopping mall. - The light inside the shopping mall was much dimmer than the darkness of this dark night, there were small shops adorned with attractive toys and everything that captivated the human heart. I searched in every shop but I never found such thread.

Searching through many such shopping malls and their stores, I came across a small shopping mall where most of the women used to come for shopping. I started looking for the same thread again but I couldn't find the shop where I could get the exact same color and type of thread. I heard Madame Christina call there, she said "I know what thread Zahid is looking for" and where to find it. Then he gestured to me to tell me which way the shop was from where you would find a thread of exactly the same color. It was a small shop right next to a children's toy store. After that I left all the shops here and went straight to the shop from where I found the same thread of the same color with great ease. When I came out of this shop, I saw that I was standing at the place from where this spiritual journey started, and the same road was in front of me on the other side of which the respected Qiblah Zahid (as) was standing. I immediately came to the Holy Prophet and presented the same thread in the service of the Holy Prophet. When I asked the Holy Prophet about the virtue of this unique thread, he said:

"I want to tie the strings of God's will with this thread."

# پیرہت کے دھاگے

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک رات روحانی سفر کے دوران میرا گزر جرمنی کے ایک شہر سے ہوا۔ یہ رات کا ہی ایک پہر تھا مگر ابھی تک بازار کھلے تھے۔ آسمان پہ کوئی ستارہ دکھائی نہیں دے رہا تھا۔ صرف ایک اندھیرے کا سا سماں تھا، دور ایک سڑک دکھائی دے رہی تھی جس پہ اکا دکا آمد و رفت تھی۔ میری نظر حضرت زاہدؒ پر پڑی جو کہ سڑک کے دوسری طرف کھڑے تھے۔ میں چلتا چلتا جاکر حضرت زاہدؒ کے پاس جا پہنچا، میری خوشی کا عجیب ہی سماں تھا۔ حضور نے مجھے گلے لگایا اور فرمایا کہ اطہر میں یہ ایک خاص قسم کے دھاگے جیسا دھاگا ڈھونڈ رہا ہوں، یہ کہتے ہوئے حضور نے اپنے ہاتھ میں پکڑا ہوا دھاگا میری طرف بڑھایا۔ اور فرمایا کہ جاؤ سیدھے راستے پر اور بالکل ایسا ہی دھاگا ڈھونڈ کر لاؤ، میں نے حضور سے وہ دھاگا لیا اور اجازت لے کر چل پڑا اور اسی سڑک پر چلتا چلتا ایک ایسے علاقے میں جا پہنچا جہاں مجھے ایک بہت چھوٹا سا شاپنگ مال دکھائی دیا۔ اس گہری رات کے اندھیرے کے نسبت اس شاپنگ مال کے اندر کی روشنی بہت کم تھی، چھوٹی چھوٹی دکانیں تھیں جو کہ پرکشش کھلونوں اور ہر اس چیز سے مزین تھیں جو کہ انسانی دل کو لبھائے۔ میں نے ہر دکان میں ڈھونڈا مگر مجھے ویسا دھاگا ہرگز نہیں ملا۔

میں اس طرح کے کئی شاپنگ مالز اور ان کی دکانوں کے اندر سے ڈھونڈتا ہوا چلتا جا رہا تھا، میں ایک ایسے چھوٹے سے شاپنگ مال میں پہنچا جہاں پر اکثر و بیشتر خواتین شاپنگ

کرنے کے لئے آیا کرتی تھیں۔ میں نے پھر وہی دھاگہ ڈھونڈنا شروع کیا مگر مجھے وہ دکان نہیں ملی جہاں سے میں بالکل اسی رنگ و قسم کا دھاگا لے سکتا۔ میں نے وہاں میڈم کرسٹینا کو پکارتے سنا، انہوں نے فرمایا "مجھے پتہ ہے زاہد کون سا دھاگا ڈھونڈ رہا ہے" اور وہ کہاں سے ملے گا۔ پھر انہوں نے ہاتھ کے اشارے سے مجھے بتایا کہ وہ دکان کس طرف ہے جہاں سے بالکل اسی رنگ کا دھاگا مل جائے گا۔ وہ ایک چھوٹی سی دکان تھی جو کہ ایک بچوں کے کھلونوں کی دکان کے بالکل ساتھ تھی۔ اس کے بعد میں ساری ادھر ادھر کی دکانیں چھوڑ کر سیدھا اس دوکان پر پہنچا جہاں سے مجھے اسی رنگ کا وہی دھاگا بڑی آسانی کے ساتھ مل گیا۔ جب میں اس دکان سے باہر نکلا تو میں نے دیکھا کہ میں اسی جگہ پر کھڑا تھا جہاں سے یہ روحانی سفر شروع ہوا تھا، اور وہی سڑک میرے سامنے تھی جس کے دوسری طرف حضرت زاہدؒ کھڑے ہوئے تھے۔ میں فورا حضور پاس حاضر ہوا اور بلکل ویسا ہی دھاگا حضور کے خدمت میں پیش کردیا۔ میں نے حضور سے اس منفرد دھاگے کی فضیلت دریافت کی تو آپ نے فرمایا کہ:

"میں نے اس دھاگے سے خدا کی منشاء کی ڈور باندھنی ہے۔"

# (72) A lonely bird, our Heavenly father

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤
*May the peace of God be upon you*

During a spiritual journey I saw the essence of the Almighty, it was a strange world. I traveled trillions of miles to the end of a circle of silent darkness where sadness and loneliness were everywhere But I stopped and I saw a bird there which was very lonely, sad and very sad. The bird was in such a state of grief that it could not fly due to exhaustion from grief. That bird was sitting on a branch-like part of its own being, I wanted to ask this bird who are you and what are you doing here in such deep darkness? Before I could ask all this, this bird He looked away and I felt as if innumerable mountains of sorrow had fallen on my soul. This servant swallowed his tears of sorrow and answered me that I am your Lord and this is a long period of my loneliness from where. I've been around countless times, there was a golden circle of light from the bird's eyes that connected my feelings to the grief of this bird as if I knew that if I had to live in such darkness What about me. This spiritual journey of mine was not so long but I still feel the intensity of its silence, loneliness and grief on my soul,

how long God alone had to go through this darkness and sorrow.

# ایک تنہا پرندہ (ہمارا آسمانی والدین)

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

ایک روحانی سفر کے دوران میں نے حق تعالی کی ذات کو دیکھا، یہ ایک عجیب سا جہان تھا۔

میں کھربوں میلوں کی مسافت کرتا ہوا ایک ایسے خاموش اندھیروں کے نا ختم ہونے والے دائروں میں پہنچا جہاں ہر طرف اداسی اور تنہائی کے سلسلے تھے، ان اندھیروں میں اتنی شدت تھی کہ وہ مجھے اپنی طرف بڑی تیزی سے کھینچ رہے تھے اور میری روح ایک مقام پر جا کر رک گئی اور میں نے وہاں ایک پرندے کو دیکھا جو کہ بالکل اکیلا اداس اور انتہائی غمزدہ تھا۔ اس پرندے پر غم کی حالت یوں تھی کہ وہ غم سے نڈھال ہونے کے باعث اڑ نہیں پا رہا تھا۔ وہ پرندہ اپنے ہی وجود کے کسی شاخ نما حصے پر بیٹھا ہوا تھا، میں نے اس پرندے سے پوچھنا چاہا کہ تم کون ہو اور یہاں اتنے گہرے اندھیروں میں کیا کر رہے ہو؟اس سے پہلے کہ میں یہ سب پوچھتا، اس پرندے نے میری طرف دیکھا اور مجھے یوں لگا کہ میری روح پر ان گنت غم کے پہاڑ ٹوٹ گئے ہوں، اس پرندے نے اپنے غم کے آنسو نگلتے ہوئے مجھے جواب دیا کہ میں تیرا پروردیگا ہوں اور یہ میرا وہ تنہائی کا ایک طویل دور ہے جہاں سے میں انگنت عرصے تک گزرا ہوں، اس پرندے کی آنکھوں سے ایک سنہرے رنگ کا روشنی کا دائرہ بھی تھا جس نے میری محسوسیات کو اس پرندے کے غم کے ساتھ یوں جوڑ دیا جیسے میں جان چکا تھا کہ اگر مجھے اس قدر اندھروں میں رہنا پڑتا تو میرا کیا حال ہوتا۔

میرا یہ روحانی سفر اتنا لمبا نہیں تھا مگر میری روح پر ابھی تک اس کی خاموشی، تنہائی اور غم کی شدت کا احساس امڈا ہوا ہے کہ خدا کی ذات کو ان اندھیروں میں تن تنہا کس قدر طویل وقت اور غم سے گزرنا پڑا۔

# (73) The attack of Muslim extremists

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

During a spiritual journey, I went through a period of the future, where I saw many extremists who were brutally beating me, and shot me dead from the front.

Let me tell you today that from the day I made the painting of the Almighty and the Almighty kissed my eyes, I can see the light of the Almighty in my eyes, which till now is just the truth. It was a gift of love from God Almighty, but this evening I saw inside these twinkling lights, I saw many worlds inhabited by these burning lights, different worlds, creatures and souls. It was as if I was sitting in a movie theater watching a movie out of flames (I gave this example for my own convenience so that I could understand my point). When I lay down, I felt pressure on my chest in a state of drowsiness. It happened so many days later that my soul was feeling so much pressure before it left my body. I knew that my spiritual journey had begun, but to alleviate this pressure I began to read my spiritual word.

O our heavenly parents ...

O heart of God ...

After a while that pressure went away and it felt like someone had enlightened my soul, (As we turn on the room light) And before my eyes a strange burning fire appeared. This is the fire and the light of God that often shines through my eyes. But today many faces began to appear on the other side of this light of fire, and as usual I did not allow my mind to interfere in any way, and allowed me to observe this whole spiritual journey up close, In each of these flames of fire, there were many scenes, innumerable paradises, creatures and lights flickering, and those creatures were nothing special but seemed to be walking and wandering among themselves like ordinary people. I had fully observed that I was looking at other worlds through these flames of light. After a while I saw some people wearing niqabs who looked like Muslims and they went out to kill me, one of them. There was also a little girl. Then there was another pressure on my soul and my soul reached an age where Muslim extremists were standing on all sides and I was surrounded on all sides. I was being beaten. And was being intimidated. The pain and agony of my voice was getting louder and louder. I felt

a very strange thing that whenever my fear began to increase beyond measure, the face of the Almighty would immediately come and cover my face. And the fear would go away and I would smile. This happened again and again and the laughing and smiling face of the Almighty would appear on my face as if I was wearing a mask on my face.It was a sign of my helplessness that it was impossible to walk, and finally three extremists killed me for claiming to be a prophet and a believer in Qiblah Zahid (peace be upon him). I was shot several times in the face. Gone and this time there was a strange pressure on my soul, my heart wanted this pressure to never end, because this time the Almighty stood in front of me and with every shot I sank into the eyes of our heavenly parents Was going

With the pride and smile with which I gave my life, what to say if death comes millions of times in this hobby. This spiritual journey ended here but my heart has been dancing and swaying since this evening. It is humming and this lion is on its lips.

What happened when the arrow was half-sighted?

It's fun to walk across the chest

Colorful winds in the throats of the new spring

Let Gulshan's business run

# انتہا پسند مسلمانوں کا مجھ پر حملہ

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

ایک روحانی سفر کے دوران میرا گزر مستقبل کے ایک ایسے دور سے ہوا، جہاں پر میں نے بہت سارے انتہا پسندوں کو دیکھا جو مجھے بہت بے رحمی سے مار رہے تھے، اور سامنے سے گولیاں چلاتے ہوے میرا قتل کر دیا۔

آج میں آپ کے حضور یہ بھی بتاتا چلوں کہ جس دن سے میں نے حق تعالی کی پینٹنگ بنائی ہے اور حق تعالیٰ نے میری آنکھوں کے بوسے لئے ہیں، مجھے میری آنکھوں میں حق تعالی کا سنہرہ اور نیلا نور دکھائی دیتا ہے، جسے میں حق تعالی کی محبت کا ایک انمول تحفہ سمجھ شکر گزار ہوں، مگر آج شام کو میں نے ان جگمگاتے ہوے نوروں کے اندر دیکھا تو مجھے ان جلتے ہوئے نوروں کے اندر کئی جہان آباد دکھائی دیے، مختلف دنیائیں، مخلوقات اور ارواح دکھائی دیں۔ یوں لگتا تھا جیسے میں کسی سینما گھر میں بیٹھا ہوں اور آگ کی لپٹوں میں سے کوئی فلم دیکھ رہی ہو( میں نے یہ مثال اپنی آسانی کے لئے دی ہے تاکہ اپنی بات سمجھا پاؤں) دراصل بہت دنوں کے بعد آج شام میں چند گھڑیاں سستانے کے لئے لیٹا تو مجھے غنودگی کی حالت میں اپنے سینے پر دباؤ محسوس ہوا۔ ایسا بہت دن بعد ہوا کہ میری روح میرے جسم سے نکلنے سے قبل اتنا دباؤ محسوس کر رہی تھی۔ مجھے معلوم ہو گیا تھا کہ میرا روحانی سفر شروع ہو چکا ہے، مگر اس دباؤ کو کم کرنے کے لئے میں نے اپنا روحانی ورد پڑھنا شروع کر دیا۔

اے ہمارے آسمانی والدین-------------

اے خدا کے دل-----------------

کچھ دیر بعد وہ دباؤ ختم ہوگیا اور ایسا لگا جیسے کسی نے میری روح کو روشن کر دیا ہو، جیسے ہم کمرے کی لائٹ آن ہوئی میری آنکھوں کے سامنے ایک عجیب سی بھڑکتی ہوئی آگ نمودار ہوئی۔ یہ وہی آگ اور خدا کا نور ہے جو اکثر میری آنکھوں سے جھلکتا ہے۔ لیکن آج اس آگ کے نور کے دوسری طرف کئی چہرے دکھائی دینے لگے، اور ہمیشہ کی طرح میں نے اپنے دماغ کو کسی طرح کی دخل اندازی نہیں کرنے دی، اور اس پورے روحانی سفر کا قریب سے مشاہدہ کرنے دیا،

ان آگ کے نوروں کی ہر ہر لپیٹ میں کئی کئی مناظر چل رہے تھے، انگنت جنتیں، مخلوقات اور روشنیاں جھلملا رہی تھیں، اور وہ مخلوقات کچھ خاص نہیں بلکہ بلکل عام لوگوں کی طرح چلتے پھرتے اور آپس میں سرگرداں دکھائی دے رہے تھے۔ مجھے پوری طرح سے مشاہدہ ہو چکا تھا کہ میں ان نور کے شعلوں سے دوسری دنیاؤں کو دیکھ رہا ہوں، مجھے کچھ دیر بعد چند لوگ نقاب پہنے ہوے بھی دکھائی دیئے جو مسلمان معلوم ہوتے تھے اور وہ مجھے قتل کرنے نکلے تھے، جن میں ایک چوٹی سی لڑکی بھی تھی۔ تب وہیں سے میری روح پر ایک اور دباؤ پڑا اور میری روح ایسے دور میں جا پہنچی جہاں ہر طرف مسلمان انتہا پسند کھڑے

تھے اور مجھے ہر طرف سے گھیرے ہوئے تھے۔ مجھے مارا پیٹا جا رہا تھا۔ اور ڈرایا جا رہا تھا۔ تکلیف اور درد کے باعث میری آواز کم اور خوف بڑھتا جا رہا تھا۔ میں نے ایک بہت عجیب بات محسوس کی کہ جب جب میرا خوف حد سے بڑھنے لگتا فورا ہی حق تعالی کا چہرہ آکر میرے چہرے کو ڈھانپ لیتا۔ اور خوف ختم ہو جاتا اور میں مسکرا پڑتا۔ ہر بار اور بار بار ایسا ہی ہوا اور حق تعالیٰ کا ہنستا مسکراتا چہرا میرے چہرے پہ یوں آ کر نمودار ہوتا جیسے چہرے پہ کوئی ماسک پہن رکھا ہو۔

میری بے بسی کا یہ عالم تھا کی چلنا محال تھا، اور آخر کار تین انتہا پسندوں نے مجھے اس بات پر قتل کر دیا کہ میں نے نبوت کا دعوی کیا ہے اور حضرت زاہدؑ کا ماننے والا ہوں، مجھے سامنے سے کئ گولیاں ماری گئیں اور اس بار میری روح پہ ایک عجیب ہی دباؤ تھا، دل چاہتا تھا کہ یہ دباؤ کبھی ختم نہ ہو، کیوں کہ اس بار حق تعالی کی ذات میرے سامنے کھڑی تھی اور ہر ہر گولی پہ میں ہمارے آسمانی والدین کی آنکھوں میں ڈوبتا چلا جا رہا تھا۔

میں نے جس فخر اور مسکراہٹ سے اپنی جان دی کہ اس شوق میں لاکھوں بار بھی موت آے تو کیا ہی کہنا۔ یہ روحانی سفر تو یہیں ختم گیا مگر میرا دل آج شام سے رقص کر رہا ہے، جھوم رہا ہے۔ گنگنا رہا ہے اور یہ شعر لب پر ہے

ہوا جو تیر نظر نیم کش تو کیا حاصل

مزا تو جب ہے کہ سینے کے آر پار چلے

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے

چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے

# (74) Last Row

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤
*May the peace of God be upon you*

Last night, during a spiritual journey, I met the Heavenly Father twice. I prayed to God Almighty to increase the love of you in my heart and to have a let me see your face.

I was escorted with him to a heavens where the Almighty Himself was preaching. Countless prophets were standing in rows before the Heavenly Father. It was a much bigger and more beautiful paradise. The Almighty was in the front row before the sermon started, I was invited to come in the front row. I came to the front row but my eyes fell on countless children who were standing in the back row but they did not get a chance to come in the front row. That I got a place to stand on the last corner in the last row. These dignitaries were also looking at me and the essence of the Almighty was also looking at me, I heard this whole sermon standing in the corner. When the sermon was over, the Almighty departed from there. These dignitaries also went to their world from there and I was sent down to many more paradises from there, where I talked to many prophets, angels and many other creatures. This is the first time I've been tired of traveling. I was invited to come to a

very beautiful paradise. After waiting for a few hours, the angels came to me and said that Allah Almighty has remembered you. I was with them the very next moment, but this journey was also downhill, reaching a world where there were only two ways, one way to come and one way to go. The path from below was like a black tunnel and that path came from hell and the path from above was the way to go, and from there the light started. The earth was completely empty and like a desolate field, in this desolate field a few angels, a chair on which the Essence of the Almighty sat and many children and other prophets were sitting on the ground in front of them. Looked like the ones I used to line up in the upper paradises. I knew very well that these children were prophets of the future. The Almighty looked at me and pointed to the path of Hell and said, "Tell me, is there anyone who loves you or love him the most?" So if he or she has changed him or herself accordingly, I can get them out of hell. I tried but I couldn't remember anyone. The same question was asked by the Almighty to the rest of the prophets. Granted, the Almighty accepted their request and many spirits were called, many prophets left with their desired spirits, the Almighty then asked me the same question, I tried again but No one was remembered in my memory. More prophets raised their hands and familiar spirits were called from hell and more prophets left with their favorite spirits. The Almighty asked me the same question for the third time but I couldn't

remember the name of any person. I said, O heavenly parents! I don't remember anyone, nor do I have my memory.memor left. But there is a though that I want to share with you. I asked, O heavenly parents, what a blessing it is to send all these spirits out of this hell and into the batter world of light. These spirits must have waited for it for long time. The Heavenly Father looked at me with great love and said, I too have waited for them for a long time so they can Chang and harmonise, Now that time has come and now see what I do. The Almighty, pointing to the hand, said, "Open the door, and before my eyes, innumerable spirits began to fly towards the worlds of light, coming out of the paths of darkness." They were not so many but only few. Now there was the Heavenly Father, a few angels and I was standing alone with this chair, all the children, prophets and spirits were gone from there, the Heavenly Father looked at me and said:

Don't you remember anyone. didn't you find anyone that would go with you? I began to weep and said: O heavenly parents! You are my only love, I always remember you and you are standing in front of me today, where should I leave you and go? God's Caste hugged me hard and loved me very much. The Almighty did not say anything after that but wrapped all my tears in His love.

# آخری صف

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤

کل رات ایک روحانی سفر کے دوران میری حق تعالیٰ سے دو مرتبہ ملاقات ہوئی، ایک محترم جنھیں میں کچھ عرصے سے خدا کا پیغام دے رہا ہوں اور یہ محترم حق تعالیٰ کی تصویر کے سامنے بہت دیر تک بیٹھ کر محبت میں آنسو بہاتے رہے اور حق تعالیٰ کے حضور دعا کرتے رہے کہ ان کے دل میں خدا کی محبت بڑھ جائے اور دیدار الٰہی نصیب ہو جاے۔ مجھے ان محترم کے ساتھ ایک ایسی بالا جنت میں سفر کروایا گیا جہاں پر حق تعالیٰ کی ذات خود وعظ فرما رہے تھے، ان گنت انبیاء حق تعالیٰ کے حضور صف بہ صف کھڑے ہوئے تھے، یہ ایک بہت بڑی اور حسین ترین جنت تھی، میں حق تعالی کا وعظ شروع ہونے سے پہلے سب سے اگلی صف میں تھا، میں نے ان محترم کو اگلی صف میں آنے کے لئے دعوت دی۔ یہ تو اگلی صف میں آگئے مگر میری نظر ان گنت بچوں پر پڑی جو کہ بہت پیچھے قطار در قطار کھڑے تھے مگر انہیں اگلی صفوں میں آنے کا موقع نہیں مل رہا تھا، میں ان بچوں کو اگلی صفوں میں بلاتا بلاتا خود اتنا پیچھے چلا گیا کہ آخری صف میں آخری کونے پر مجھے کھڑا ہونے کے لیے جگہ ملی۔ یہ محترم بھی مجھے دیکھ رہے تھے اور حق تعالیٰ کی ذات بھی میری طرف دیکھے جا رہے تھے، میں نے یہ سارا وعظ کونے میں کھڑا رہ کر سنا۔ جب وعظ ختم ہوا تو حق تعالی کی ذات وہاں سے تشریف لے گئے۔ یہ محترم بھی وہاں سے اپنے جہان میں چلے گئے اور مجھے وہاں سے کئی اور جنتوں میں نیچے کی طرف بھیج دیا گیا، جہاں

میری بہت سارے انبیاء ، فرشتوں اور بہت سی دیگر مخلوقات سے بات ہوئی۔ ایسا پہلی بار ہوا ہے کہ میں سفر کے دوران تھک گیا تھا۔ مجھے ایک اور انتہائی حسین جنت میں آنے کے لئے دعوت دی گئی، چند گھڑیاں سستانے کے بعد فرشتے مجھ سے مخاطب ہوئے اور کہا کہ حق تعالی کی ذات نے تمہیں یاد فرمایا ہے۔ میں لگلے ہی لمحے ان کے ساتھ ہو لیا، مگر یہ سفر بھی نیچے کی طرف تھا، ہم ایک ایسے جہان میں پہنچے جہاں پر دو ہی راستے تھے، ایک آنے کا اور ایک جانے کا راستہ تھا۔ جو راستہ نیچے سے تھا وہ ایک سیاہ رنگ کی سرنگ کے مانند تھا اور وہ راستہ دوزخوں کی طرف سے آتا تھا اور جو راستہ اوپر کی طرف تھا وہ جانے کا راستہ تھا، اور وہاں سے روشنی شروع ہوتی تھی۔ دھرتی پوری طرح سے خالی اور ایک چٹیل میدان جیسی تھی، اس چٹیل میدان میں چند فرشتے کھڑے تھے اور ایک کرسی جس پر حق تعالیٰ کی ذات تشریف فرما تھے اور ان کے سامنے بہت سے بچے اور دیگر انبیاء زمین پر بیٹھے تھے، یہ بچے مجھے انہی بچوں کی مانند لگ رہے تھے جنہیں میں بالا جنتوں میں صفیں سیدھی کرواتا رہا تھا۔ میں یہ واضح طور پر جان چکا تھا کہ یہ بچے مستقبل کے دور کے انبیاء میں سے ہیں۔ حق تعالیٰ نے میری طرف دیکھا اور دوزخوں والے راستے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ کیا کوئی تیرا چاہنے والا یا کوئی تیری محبت ہو تو بتا؟ میں اسے دوزخوں سے نکال دیتا ہوں، ( یاد رہے یہ وہ ارواح تھیں جو عرصہ دارز سے ترقی کرتے ہوئے خود کو بدل رہی تھیں) میں نے کوشش کی لیکن مجھے کوئی شخص یاد نہ آیا، یہی سوال حق تعالیٰ نے باقی انبیاء سے بھی کیا، سب نے باری باری ہاتھ اٹھا کر بتایا کہ انہیں کون سا شخص پیارا ہے جو مدت دراز سے ترقی کی جانب سفر کر رہا ہے، جسے دوزخ سے نکال دیا جائے، حق

تعالیٰ نے ان کی درخواست کو قبول فرمایا اور بہت ساری ارواح کو بلا لیا گیا جو خود کو بدلنے میں کامیاب ہو چکے تھے۔ اور خدا کی فطرت اور محبت کو دل و جان سے تجربہ کرنا چاہتے تھے۔ بہت سارے نبی اپنی من چاہی ارواح کے ساتھ وہاں سے مزید ترقی کے جہانوں میں رخصت ہوگئے، حق تعالی نے پھر مجھے وہی سوال ارشاد فرمایا، میں نے پھر کوشش کی لیکن میری یاداشت میں کوئی بھی شخص یاد نہیں آرہا تھا۔ مزید انبیاء نے ہاتھ کھڑے کیے اور مزیدار ارواح کو دوزخوں سے بلا لیا گیا اور مزید انبیاء اپنی من پسند ارواح کے ساتھ وہاں ترقی کے جہانوں میں رخصت ہوتے گئے۔ حق تعالیٰ نے تیسری مرتبہ مجھ سے وہی سوال ارشاد فرمایا مگر مجھے کوئی بھی شخص یا کسی کا نام یاد نہ آیا۔ میں نے عرض کی، اے آسمانی والدین ! مجھے کوئی شخص یاد نہیں آ رہا، اور نہ ہی میرے پاس میری یاداشت ہے۔ مگر ایک تمنا ہے جو میں آپ کے حضور پیش کرنا چاہتا ہوں، حق تعالی نے فرمایا بالکل ضرور بتاؤ۔ میں نے عرض کی اے آسمان والدین، کیا ہی آپکی عنایت ہو کہ ان تمام ارواح کو دوزخوں سے نکال کر روشنی کے جہانوں میں بھیج دیا جائے، ان ارواح نے بہت مدت دراز تک انتظار کیا ہو ہے۔ ( ایسا میں نے اپنی روحانی ترقی کی کمی کے باعث کہا، جبکہ مجھے ایسا ہرگز نہیں کہنا چاہیے تھا) حق تعالیٰ کی ذات نے نہایت محبت سے میری طرف دیکھا اور فرمایا، میں نے بھی ان کا بہت مدت انتظار کیا ہے، مگر اب زمین پر میری بادشاہت کا زمانہ آگیا ہے اور اب دیکھ میں کیا کرتا ہوں، حق تعالی کی ذات نے ہاتھ کا اشارہ کرتے ہوئے فرمایا دروازے کھول دو، میری نگاہوں کے سامنے بہت سی ارواح اندھیروں کے راستوں سے نکلتی ہوئی بہتر جہانوں کی طرف پرواز کرنے لگیں۔ لیکن تعجب یہ تھا کہ اس کے باوجود جو ارواح

دوزخوں سے نکل پائیں وہ بہت کم تھیں۔ اب وہاں پر حق تعالی کی ذات، چند فرشتے اور میں اس کرسی کے ساتھ اکیلا کھڑا تھا، تمام بچے، انبیاء اور ارواح وہاں سے جا چکے تھے، حق تعالیٰ نے میری طرف دیکھا اور پوچھا

تجھے کسی کی یاد نہیں ستاتی؟ تجھے کوئی نہیں ملا کہ تو بھی اس کے ساتھ چلا جاتا؟ میں نے رونا شروع کر دیا اور کہا اے آسمانی والدین! تو ہی تو میری ایک محبت ہے، تیری ہی تو ہمیشہ یاد ستاتی ہے اور تو تو آج میرے سامنے کھڑا ہے، میں تجھے چھوڑ کر کہاں جاؤں؟ خدا کی ذات نے مجھے بڑے زور سے گلے لگایا اور بہت پیار کیا۔ حق تعالیٰ نے اس کے بعد مزید کچھ نہیں کہا مگر میرے سارے آنسو اپنی محبت کے دامن میں سمیٹ لئے.

# (75) The message of God for Prophets of new World

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

Last night I met the Almighty on a spiritual journey, the most innocent meeting I have ever had.

I used to sit in front of the image of Almighty for a long time last night and kept praying: O my heavenly parents, increase your love in my heart. The intensity of the light in my eyes was such that I did not know when my spiritual journey started and I reached a very beautiful paradise with many prophets. Were It was as if we were all little souls. And have come to this paradise for sports. We've all been hugging there for a long time. There were mountains of chocolates and ice cream and everything else that made a four or five year old happy. When we are satisfied with the game, there is a glimmer of love and light from the Almighty and it took us to the next paradise. Here too we played well, ate and drank. After a while, the light of God's love came again and we got the next paradise. It went on like this until now our children started flying on their own and through the lovely paradises we reached a special paradise where there was a huge field and white books

were read everywhere. Like an ocean of books, we opened those books. There were sketches of new faces on every page of every book. After that we flew from there and went to the next paradise. The field here was the same but the scene was completely different. On each side were beautiful boxes made of iron, with small sand-like seeds inside and securely sealed from above. And to some extent these boxes were visible. We had no idea why they were standing here. Suddenly God's light came down from heaven, and we all became impatient with joy. We reached the top of these seed boxes with this blue light. This light enveloped us all like clouds, in a short while that cloud parted and appeared there with the Almighty, we all ran towards the little child, the Almighty loved us all and spent a lot of time with us Yes, the Almighty was making us happy with small things and we were all making fun of it. The Almighty also told us about the books that we saw in the previous paradise that all those sketches are of all the prophets who will still come. And also about the boxes that were filled with small seeds like grains of sand. That is the number of seeds in all the visible boxes that I am about to send the prophets.

Allah Almighty lovingly explained that many human societies do not like to give birth to more children. And then pointing to me he said look at him he gets up at night and cries he prays but does not have children That my heavenly parents will surely have children in the future and

she left with a smile on her face with the Almighty and when I opened my eyes I was (apparently) really crying.

# خدا کا نئی دنیا کے لئے انبیاء کو پیغام

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

کل رات ایک روحانی سفر میں حق تعالیٰ سے ملاقات ہوئی، یہ آج تک کی تمام ملاقاتوں میں سے سب سے زیادہ معصومانہ ملاقات تھی۔

میں گزشتہ رات حق تعالیٰ کی تصویر کے سامنے بیٹھ کر بہت دیر روتا رہا اور دعا کرتا رہا کہ اے میرے آسمانی والدین میرے دل میں اپنی محبت بڑھا دے۔ آنکھوں میں نور کی شدت اتنی تھی کہ پتا نہیں چلا کب میرا روحانی سفر شروع ہوگیا اور میں بہت سارے انبیاء کے ساتھ ایک انتہائی حسین جنت میں جا پہنچا، اس جنت کی خاصیت یہ تھی کہ یہاں آتے ہی تمام ارواح 4-5 سال کے بچے کی ہو جاتی تھیں۔ ایسا لگ رہا تھا کہ ہم تمام ارواح چھوٹے چھوٹے ننھے منے بچے ہیں۔ اور اس جنت میں کھیل کود کے لیے آئے ہیں۔ ہم سب وہاں بہت دیر گھلے ملتے رہے۔ وہاں بڑے بڑے چاکلیٹ اور آئس کریم کے پہاڑ اور ہر وہ چیز تھی جس سے چار پانچ سال کے بچے کی خوشیاں جڑی ہوتی ہیں۔ جب ہم کھیل کھیل کر مطمئن ہو گئے تو وہاں حق تعالیٰ کی محبت اور نور کا ایک جھونکا آیا اور ہمیں اڑا کر اگلی جنت میں لے گیا۔ یہاں بھی ہم نے خوب کھیل کود کی، کھایا پیا۔ کچھ دیر بعد ایک بار پھر خدا تعالیٰ کی محبت کے نور کا جھونکا آیا اور ہمیں اگلی جنت میں لے گیا۔ یہ سلسلہ یونہی چلتا رہا حتیٰ کہ اب ہم نے سب بچے خود اڑنے لگ گئے اور پیاری پیاری جنتوں سے ہوتے ہوئے ایک خاص جنت میں پہنچے جہاں پر ایک بہت بڑا میدان تھا اور ہر طرف سفید

رنگ کی کتابیں ہی کتابیں پڑھی تھی۔ جیسے کوئی کتابوں کا سمندر ہو، ہم نے ان کتابوں کو کھول کر دیکھا۔ ہر کتاب کے ہر صفحے پر نئے نئے چہروں کے سکیچز بنے ہوئے تھے۔ اس کے بعد ہم وہاں سے پرواز کر کے اگلی جنت میں چلے گئے یہاں پر میدان تو ویسا ہی تھا مگر منظر بالکل مختلف تھا۔ ہر طرف لوہے کے بنے ہوئے خوبصورت ڈبے ہی ڈبے تھے، جن کے اندر ریت نما چھوٹے چھوٹے بیج تھے اور اوپر سے حفاظت کے ساتھ بند کئے ہوئے تھے۔ اور تا حد نگاہ بلندیوں تک یہ ڈبے ہی ڈبے دکھائی دے رہے تھے۔ ہمیں کچھ سمجھ نہیں آرہا تھا کہ وہ یہاں کس لیے پڑے ہیں۔ کہ اچانک آسمان سے خدا کا نیلہ نور نازل ہوا، ہم سب خوشی سے بے تاب ہونے لگے۔ ہم اس نیلے نور کے ساتھ ان بیجوں کی ڈبوں کے اوپر، بلندیوں پر جا پہنچے۔ اس نور نے ہم سب کو بادلوں کی طرح گیر لیا، تھوڑی دیر میں وہ بادل چھٹ گیا اور وہاں حق تعالیٰ کی ذات نمودار ہوئی، ہم سب ننھے ننھے بچے سچے والدین کی طرف دوڑے، حق تعالیٰ نے سب کو بہت پیار فرمایا اور بہت دیر ہمارے ساتھ وقت گزارا، حق تعالیٰ کی ذات ہمیں چھوٹی چھوٹی باتوں سے خوش فرما رہے تھے اور ہم سب بچے بات بات پہ کلکاریاں لگا رہے تھے۔ حق تعالیٰ ہمیں ان کتابوں کے متعلق بھی بتایا جو ہم نے پچھلی جنت میں دیکھیں کہ وہ تمام سکیچز ان تمام انبیاء کے ہیں جو مستقبل میں آئیں گے۔ اور ان ڈبوں کے متعلق بھی بتایا ہے کہ جو ریت کے ذروں جیسے چھوٹے چھوٹے بیجوں سے بھرے ہوئے تھے، کہ یہ تمام تاحد نگاہ دکھائی دینے والے ڈبوں کے اندر ان بیجوں کی وہ تعداد ہے جتنے کہ میں انبیا بھیجنے والا ہوں۔ حق تعالیٰ کی ذات نے بہت پیار سے سمجھاتے ہوئے فرمایا، انسانوں کی بہت ساری سوسائٹیز زیادہ بچوں کو جنم دینا

پسند نہیں کرتے۔ اور پھر میری طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا اسے دیکھو یہ راتوں کو اٹھ اٹھ کر روتا ہے نماز پڑھتا ہے لیکن بچے مزید پیدا نہیں کرنا چاہتا، سارے ننھے قلقق ننھے بچے پھر سے ہسنے لگے، اور میں رونے لگا جیسے کوئی بچہ روتا ہے اور میں کہنے لگا کہ اے میرے آسمانی والدین میں مستقبل میں ضرور بچے پیدا کروں گا اور حق تعالیٰ کی ساتھ وہاں سے مسکراتے ہوئے رخصت ہو گئ اور جب میری آنکھ کھلی تو میں نے (ظاہری) حقیقت میں رو رہا تھا۔

# (76) The spirit of Holiness Zahid khan with shining lights.

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

On Saturday 11th December, during your seminary on 21st December, I saw the soul of the Holy Prophet (saw). I looked at the members in the same conference hall in a shiny dress. As if they were preaching themselves. Then I saw another painting of the Almighty which looked exactly the same but had a side pose and a smile on my face. This light kept coming to my room even more intensely, especially during the next Sunday zoom meeting, even when I lay down for a while after the meeting, a blue sky light came and covered my face and eyes, I was stunned. From the bottom of my heart, I would like to express my sincere gratitude to Qiblah Zahid (peace be upon him) for his teachings, prayers and sacrifices for the benefit of humanity and for all of us. May Allah Almighty keep us steadfast and faithful to God and God's heart till our last breath. Amen

# حضرت زاہدؑ کی روح کا چمکتا ہوا دیدار

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

بروز ہفتہ تاریخ گیارہ دسمبر صد اکیس کے حضرت زاہدؒ کے سیمینار کے دوران میں نے حضرت زاہدؒ کی روح کا دیدار کیا، آپکی روح بہت روشن اور سر پر مکمل طور پر بال بھی دکھائی دیے، اس کے کافی دیر بعد میں نے حق تعالیٰ کی ذات کو بھی ایک چمکدار لباس میں اسی کانفرنس ہال میں میمبران کی طرف دیکھتے ہوئے دیکھا۔ جیسے وہ خود وعظ دے رہے ہوں۔ پھر میں نے حق تعالیٰ کی ایک اور پینٹنگ بھی دیکھی جو دیکھنے میں بلکل ویسی ہی تھی مگر سایڈ پوز تھا اور چہرے پر مسکان تھی، یہ تینوں کشوف میں نے جاگتی آنکھوں سے دیکھے اور بار ہا اپنے کمرے میں نیلے آسمانی نور کو دیکھا، اور خصوصاً اگلے روز اتوار زوم میٹنگ کے دوران یہ نور اور بھی شدت سے میرے کمرے میں آتا رہا، حتیٰ کہ جب میں میٹنگ کے بعد کچھ دیر کے لیئے لیٹا تو ایک نیلے آسمانی نور نے میرے چہرے اور آنکھوں کو آ کر ڈھانپ لیا، میں تہہ دل سے حضرت زاہدؒ کا شکر گزار ہوں جن کی تعلیماتز دعاؤں اور قربانیوں کے طفیل انسانیت اور ہم سب پر اس قدر عنایات نازل ہو رہی ہیں، اور یہ حق تعالیٰ کا فضل اور انسانیت سے محبت ہے، جس کا سہرا حضرت زاہدؒ کے سر پہ آتا ہے، حق تعالی کی ذات ہمیں استقامت عطا فرمائیں اور آخری سانس تک سچے والدین اور حضور کے وفا دار رہنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

# (77) The world of saints

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

A few days ago, in a spiritual observation, I came across a very Chinese style world, in which the sky was visible and there was light. There were millions of kilometers of walls and mountains, and people could be seen sitting in remote areas. There I saw one of our members Butt Sahib who was looking for his 8-9 year old daughter. I saw Butt's youngest daughter meditating on a long wall in a small baradari. I recognized her and wanted to talk, as if she couldn't hear me. After a while I realized that in this world we humans look like deaf and dumb people. We don't listen to them and they don't listen to us. Then after a while this girl opened her eyes and saw me and recognized me, and when she came near she put her little hands on my face, and then this little girl kept putting her face on my eyes again and again as if she was very relieved. Be it so, (I also submit here that from the day when the Almighty has kissed my eyes, a special kind of gokdan and blue light comes out of my eyes, sometimes this light is mine.) Covers the soul completely.) This girl said something, I didn't hear anything. Once again she tried and now I could hear her voice, but I did not understand what she said to

me. And then she tried a third time, now I could hear her voice clearly and understand (remember this girl is born speechless in this world of ours). He pointed to his father (Butt Sahib) and said: Tell my father!

Don't run around and don't spend so much, I'm fine and very happy with them, just can't tell them, yes sometimes my feet hurt, just press. After that I left and the next day I narrated this spiritual observation to Mr. Butt who has not heard the voice of his daughter till today. Hearing this observation and his daughter's message, a wave of happiness ran through his heart.

# سادھوؤں کی دنیا

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

چند روز قبل ایک روحانی مشاہدہ میں میرا گزر ایک انتہائی چایئنی طرز کی دنیا سے ہوا، اس دنیا میں آسمان دکھائی دیتا تھا اور روشنی بھی تھی۔ لمبی لمبی لاکھوں کلو میٹر کی دیواریں اور پہاڑ تھے، دور دراز علاقوں میں اکا دکا لوگ بیٹھے دکھائی دے رہے تھے۔ میں نے وہاں ہمارے ایک میمبر بٹ صاحب کو دیکھا جو اپنی 8-9 سالہ بیٹی کو ڈھونڈ رہے تھے۔ کافی درد میں نے ایک لمبی سی دیوار پر ایک چھوٹی سی بارہ دری میں بٹ صاحب کی چھوٹی صاحب زادی کو مراقبہ کی حالت میں بیٹھا دیکھا۔ میں نے اسے پہچان لیا اور بات کرنا چاہی۔ یوں لگا کہ وہ مجھے سن نہیں پا رہی۔ کچھ دیر بعد مجھے محسوس ہوا کہ اس دنیا میں ہم انسان ایک گونگے بہرے لوگوں کی طرح نظر آتے ہیں۔ ہمیں انکی اور انہیں ہماری باتیں سنائی نہیں دیتیں۔ پھر کچھ دیر بعد اس بچی نے اپنی آنکھیں کھول کر مجھے دیکھا اور پہچان لیا، اور پاس آ کر اپنے ننھے ننھے ہاتھ میرے چہرے پہ رکھ دیئے، اور پھر یہ ننھی سی بچی بار بار میری آنکھوں پہ اپنا چہرہ رکھتی جیسے اسے بہت سکون مل رہا ہو، (میں یہاں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ جس دن سے حق تعالیٰ کی ذات نے میری آنکھوں کے بوسے لیئے ہیں اس دن سے میری آنکھوں سے ایک خاص قسم کا گولڈن اور نیلے رنگ کا نور نکلتا ہے، کبھی کبھی یہ نور میری روح کو پوری طرح سے ڈھانپ لیتا ہے) اس بچی نے کچھ کہا، مجھے کچھ سنائی نہ دیا۔ ایک بار پھر اس نے کوشش کی اور اب میں اسکی آواز تو سن پایا، مگر اس بچی نے مجھ سے جو

کچھ کہا میں بلکل سمجھ نہیں پایا۔ اور پھر اس نے تیسری بار کوشش کی، اب میں اسکی آواز واضح طور پہ سن سکتا تھا اور سمجھ بھی رہا تھا ( یاد رہے یہ بچی ہماری اس دنیا میں پیدائشی طور پر گفتار اور سماعت سے محروم ہے)۔ اس نے دور اپنے باپ (بٹ صاحب) کی طرف اشارہ کرتے ہوے کہا میرے باپ سے کہو! ادھر ادھر مت بھاگے اور نہ ہی اتنے خرچے کرے ، میں ٹھیک ہوں اور اس سے بہت خوش ہوں، صرف اسے بتا نہیں پاتی، ہاں کبھی کبھی میرے پاؤں میں درد ہوتا ہے، بس دبا دیا کرے ۔ اسکے بعد میں وہاں سے روانہ ہوا اور لگلے روز یہ روحانی مشاہدہ میں نے محترم بٹ صاحب کو سنایا جنہوں نے آج تک اپنی بچی کی آواز نہیں سنی۔ یہ روحانی مشاہدہ اور اپنی بیٹی کا پیغام سن کر ان کے دل میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔

# (78) Famous film stars & their spiritual growth

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

The other day, on a spiritual journey, I met film star Shah Rukh Khan and his son. They were accompanied by two women, as if both father and son were with their spouses, but both father and son were their partners. Standing at a great distance with Hayat, it was a dark world where there is always a falling evening and I talked to Shah Raj Khan for a long time. He and his wife were very upset and now they have something in this world. Was not visible I told him the teachings of the Holy Prophet and reassured him and as he started to move forward, his son called me from afar and complained that you have come to love my father very much but you do not love me at all. Hugged, now he said again that he is not happy to hug, I kissed him on the face like a child, every time he said I loved him, I know him like a small child Was It seemed like he was getting a lot of coins as long as he was in love with her. I stayed there for a long time and wondered how I could find comfort and relief in their lives now in this dark world, because their souls were empty of light.

I gave them the teachings of the Holy Prophet and prayed for them and left.

# نامور شخصیات کی روحانی حالت

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک روز قبل میرے ایک روحانی سفر میں، میری ملاقات فلم سٹار شاہ رخ خان اور اسکے بیٹے سے ہوئی، ان دونوں کے ہمراہ دو خواتین بھی تھیں، جیسے دونوں باپ بیٹا اپنی اپنی جیون ساتھی کے ہمراہ ہوں، مگر دونوں باپ بیٹا اپنی اپنی شریک حیات کے ہمراہ خاصے فاصلے پر کھڑے تھے، یہ ایک اندھیری دنیا تھی جہاں ہر وقت ڈھلتی ہوئی شام کا سماں رہتا ہے اور میری کافی دیر شاہ رج خان سے بات ہوتی رہی وہ اور اسکی شریک حیات بہت پریشان تھے اور اب انہیں اس دنیا میں کچھ دکھائی نہیں دیتا تھا۔ میں نے اسے حضور کی تعلیمات کا بتایا اور تسلی دی اور آگے بڑھنے لگا تو دور سے اسکے بیٹے نے مجھے پکارہ اور اس بات کا شکوہ کیا کہ آپ میرے والد سے بہت محبت کرتے آئے ہیں مگر آپکو مجھ سے بلکل بھی پیار نہیں، میں اسے گلے ملا، اب اس نے پھر کہا کہ وہ گلے ملنے سے خوش نہیں، میں نے اسکو ایک بچے کی طرح چہرے پہ بوسہ دیا، اس نے جتنی بار کہا میں اسے پیار کرتا رہا، مجھے وہ ایک چھوٹے سے بچے کی مانند معلوم ہو رہا تھا۔ یوں لگ رہا تھا جتنی دیر میں اسے پیار کر رہا تھا اسے بہت سکوں مل رہا تھا۔ میں وہاں کافی دیر رکا اور سوچتا رہا کہ اب اس اندھیری دنیا میں انکی زندگی میں سکوں اور راحت کیسے آے گی، کیوں کہ ان سب کی ارواح نور الٰہی سے خالی تھیں۔ میں نے انہیں حضور کی تعلیمات دیں اور انکے لیئے دعا کی اور وہاں سے رخصت ہوا۔

# (79) Welcome to the female Prophets in God's new world by God himself and Holiness Zahid khan.

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

May peace be upon you. Respected Qiblah Zahid Khan Sahib

A family member Ms. (s) who is from Holland, through her teachings she came to see the Almighty. As she sat in meditation with the image of the Almighty in front of her. Says that! I saw a forest and in that forest I saw the essence of the Almighty, He looked very handsome and attractive, his heart was drawn towards him. Everyone was looking at me with great pleasure, it seemed as if women were being promoted as prophets and I also had this desire that I too would be a prophet and I would have been a prophet in the time of Christ. Asked if I could become a prophet to uphold the rights of Arab women? All the people looked at me and Hazrat Zahid Khan Sahib looked at me with a big smile and my eye was opened. Please guide me.

Thank you very much

# خدا کی ذات اور مسیح الزماں زاہدؑ کا خواتین انبیاء کو خوش آمدید

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤️

ایک فیمیل میمبر محترمہ (س) صاحبہ جو کہ ہولینڈ سے ہیں، آپکی تعلیمات کے توسط سے انہیں حق تعالیٰ کا دیدار ہوا۔ جیسے ہی وہ محترمہ حق تعالیٰ کی تصویر کو اپنے سامنے رکھ کر مراقبہ میں بیٹھیں۔ فرماتی ہیں کہ ! میں نے ایک جنگل دیکھا اور اس جنگل میں حق تعالیٰ کی ذات کو دیکھا، وہ بہت حسین اور پر کشش معلوم ہوتے تھے، دل انکی طرف کھنچا چلا جا رہا تھا، وہاں ایک بہت بڑا حجرا بھی تھا جس کے اندر مسیح الزماں حضرت زاہدؑ اور نبی اطہر بھی موجود تھے اور نبی محمد صاحب کی ازواج بھی موجود تھیں، سب لوگ مجھے بہت مسرت کے ساتھ دیکھ رہے تھے، ایسا لگ رہا تھا جیسے خواتین کو انبیاء کی حیثیت پہ فائز کیا جا رہا تھا اور مجھے بھی یہ خواہش پیدا ہوئی کہ اے خدا کاش میں بھی ایک نبی ہوتی اور میں نے مسیح الزماں حضرت زاہدؑ سے پوچھا کہ کیا میں نبی بن سکتی ہوں تاکہ عرب کی خواتین کے حقوق کی بالا دستی کر سکوں؟ تمام لوگوں نے میری طرف دیکھا اور حضرت زاہد خان صاحب نے میری طرف نہایت مسکرا کر دیکھا اور میری آنکھ کھل گئ۔ آپ سے گزارش ہے کہ میری راہنمائی فرمائی جاۓ۔ بہت بہت شکریہ

# (80) O dear God, Once there was a deep love between us before we left you.

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

The day before, I saw the essence of the Almighty in a spiritual observation. I see that there is a beautiful open house in Punjabi style in the courtyard of which Mr. Akram Bhai and his mother Ms. are sitting on a white sofa, his mother is wearing a white dress and two stitches. With wool sweaters. Akram Bhai is wearing a brown shalwar kameez, there is a glass table in front of which there is also a glass, there is a very beautiful and very big carpet in front of the sofa and under the table. - From the part of the courtyard where I was looking, from the right side I saw the Essence of the Almighty coming, and the Essence of the Almighty stood right in front of Akram Bhai, as soon as Akram Bhai saw the Essence of Allah. , Immediately stood up and prostrated at the feet of the Almighty. This was the same observation, but when I told this spiritual observation to Akram bhai, he became very grateful to the Almighty. They look exactly the same.

# کبھی ہم میں، تم میں قرار تھا

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

ایک روز قبل میں نے ایک روحانی مشاہدے میں حق تعالیٰ کی ذات کو دیکھا۔ کیا دیکھتا ہوں کہ پنجابی طرز کا ایک خوبصورت سا کھلا ڈلا گھر ہے جس کے آنگن میں ہمارے ایک ممبر اکرم صاحب اور ان کی والدہ ایک سفید رنگ کے صوفہ پہ بیٹھے ہیں، انکی والدہ صاحبہ نے ایک سفید رنگ کا لباس پہنا ہوا ہے اور دو سلائیوں کے ساتھ اون کا سویٹر بن رہی ہیں۔ اکرم صاحب ایک براون رنگ کا شلوار قمیص زیب تن کیے ہوئے ہیں، سامنے ایک شیشے کی میز ہے جس پر شیشے کا ایک گلاس بھی پڑا ہوا تھا، صوفہ کے بلکل سامنے اور میز کے نیچے ایک انتہائی خوبصورت اور کافی بڑا سا قالین بھی بچھا ہوا تھا۔ آنگن کے جس حصے سے میں دیکھ رہا تھا، وہیں دائیں جانب سے میں نے حق تعالی کی ذات کو آتے دیکھا، اور حق تعالیٰ کی ذات اکرم صاحب کے بلکل سامنے آ کر کھڑے ہو گئے، جیسے ہی اکرم صاحب نے خدا کی ذات کو دیکھا، فورا کھڑے ہو گئے اور حق تعالی کے قدموں میں سجدہ ریز ہو گئے۔ یہ مشاہدہ اتنا ہی تھا مگر جب میں نے یہ روحانی مشاہدہ اکرم صاحب کو بتایا تو وہ حق تعالیٰ کے حضور بہت شکر گزار ہو گئے، میں انکی والدہ صاحبہ سے کبھی ملا تو نہیں مگر اکرم صاحب نے بتایا کہ جو میں نے انکی والدہ صاحبہ کا حلیہ بیان کیا وہ دیکھنے میں بلکل ویسی ہی ہیں۔

# (81) The end of the religious world

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

May peace be upon you

During a spiritual journey last night, the Almighty made me witness an era in which the religious worlds had come to an end. That was the world, but the era was brand new. It so happened that I reached a very big ground in some part of Pakistan and saw that this world is full of prophets and there are very few people who are trying to save their religions by hiding somewhere but the Almighty Prophets are scattered everywhere, sometimes religious gatherings and groups would appear but then they would return helpless. At one point I saw a powerful group of Islamists standing with stones in their hands in order to throw stones at the government of Pakistan. Were Suddenly, advertisements of many European countries started running on these big screens and it was said that now this world will be just one homeland. The homeland of God's democracy and divine love and now all over the world such laws will prevail which will be based on humanity and the axis of God. Among these European countries, Germany

was at the forefront. As soon as the International Bill of the Divine Family was passed, the people of this Islamic religious group made a little noise and with great frustration they started throwing stones on the ground which they were carrying in their hands. In this spiritual observation, I have seen the demise of religions and the kingdom of God very closely. Let's just say that today, as our Zaidinis secretly teach the teachings of the Almighty in Islamic countries, there will be a time when the prophets of the Almighty will be scattered everywhere like flowers in a Gulshan and humanity will be full of joy. There will be a divine family.

# مذہبی دنیا کا اختتام

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

کل رات ایک روحانی سفر کے دوران حق تعالیٰ نے مجھے ایک ایسے دور کا مشاہدہ کروایا جس کے اندر مزہبی دنیاؤں کا خاتمہ ہو گیا تھا۔ دنیا یہی تھی مگر دور بلکل نیا تھا۔ ہوا یوں کہ میں پاکستان کے کسی علاقے میں کسی بہت بڑے گراونڈ میں پہنچا اور دیکھا کہ یہ دنیا انبیاء سے بھر چکی ہے اور بہت ہی چند اکا دکا لوگ ہیں جو کہیں چھپ چھپا کر اپنے مزاہب کو بچانے کی کوشش کر رہے ہیں مگر حق تعالیٰ کے انبیاء ہر طرف پھیلے ہوے تھے، کبھی کبھار کوئی مزہبی جلسے اور گروہ دکھائی دیتے مگر پھر وہ بے بس ہو کر واپس لوٹ جاتے۔ ایک جگہ پہ میں نے اسلام کے ایک زور دار گروہ کو دیکھا جو ہاتھوں میں پتھر اٹھاے کھڑے تھے تاکہ پاکستان کی حکومت کے خلاف پتھراو کر سکیں ، اس دور میں گلی گلی ٹی وی اور بڑی بڑی سکرینوں پر حضرت زاہدؑ کی تعلیمات سنائی اور دکھائی جا رہیں تھیں۔ اچانک ان بڑی بڑی سکرینوں پر بہت سارے یورپین ممالک کے اشتہار چلنے لگے اور بتایا جانے لگا کہ اب یہ دنیا صرف ایک وطن ہو گا۔ خدا کی جمہوریت اور محبت الٰہی کا وطن اور اب ساری دنیا میں ایسے قوانین رائج ہوں گے جن کی بنیاد انسانیت اور محور خدا کی ذات ہو گی۔ ان یورپین ملکوں میں جرمنی سب سے آگے اور نمایاں تھا۔ جیسے ہی ایک الٰہی خاندان کا عالمی بل پاس ہوا، اس اسلامی مذہنی جماعت کے لوگوں نے تھوڑا بہت شور مچایا اور بڑی مایوسی کے ساتھ انھوں نے پتھر زمین پر پھینکنے شروع کر دیئے جو انھوں نے ہاتھوں میں اٹھا

رکھے تھے۔ میں نے اس روحانی مشاہدہ میں مزاہب کو دم توڑتے اور خدا کی بادشاہت کو بہت قریب سے دیکھا ہے۔ یوں کہہ لیں کہ جیسے آج ہمارے زیدینی اسلامی ممالک میں چھپ چھپا کے حق تعالیٰ کی تعلیمات پھیلا رہے ہیں، ایک دور ہو گا کہ مذہبی لوگ چھپ چھپا کر اپنا بچاؤ کرنے کی ناکام کوشش کریں گے اور حق تعالیٰ کے انبیاء ہر طرف ایسے پھیلے ہیں گے جیسے کسی گلشن میں ہرطرف پھول کھلے ہوتے ہیں اور انسانیت ایک خوشیوں بھرا الٰہی خاندان ہو گی۔

# (82) The Divine fragrance of heavenly father

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

Today Akram Sahib recited such a loving word that the clouds of love of the Almighty spread in his heart. I requested and recorded that song of his and then we both remembered Tilak Mahoo Elahi in the evening even Zahir Khan Bhai came to visit. I shared with them both my spiritual observation in which the Almighty showed me that Zahir Bhai loves me like a parent and an elder. We all thanked the Almighty and remembered with great anguish that all of a sudden the Golden Light of the Almighty appeared on the left side of the shop. I immediately told them both. The whole restaurant started smelling of rose buds. We all felt this fragrance intensely together and continued to feel this deep fragrance for many minutes and felt the love of Almighty so closely that we have never experienced such happiness together. On the contrary, like children, they started inhaling this fragrance loudly. There was a strange fragrance and spirituality that this fragrance never diminished. After a while I saw the same

golden light of the Almighty and I told them. It was as if the Almighty was with us this evening.

# حق تعالیٰ کی الٰہی خوشبو

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤️

آج اکرم صاحب نے ایک ایسا محبت بھرا کلام پڑھا کہ دل میں حق تعالیٰ کی محبت کے بادل چھا گئے۔ میں نے درخواست کر کے ان کا وہ نغمہ ریکارڈ کر لیا اور پھر ہم دونوں ہی شام تلک محو یاد الٰہی رہے، حتی کہ ظاہر خان صاحب بھی تشریف لے آے۔ میں نے ایک ساتھ ان دونوں کو اپنا وہ روحانی مشاہدہ بیان کیا جس میں حق تعالیٰ نے مجھے دکھایا کہ ظاہر بھائی میرے لیئے ایک ماں باپ اور بزرگ جیسی محبت رکھتے ہیں۔ ہم سب نے حق تعالیٰ کو بہت شکرگزای اور تڑپ سے یاد کیا کہ اچانک حق تعالیٰ کا گولڈن نور اکرم صاحب کے ریسٹیوریںٹ میں بائیں طرف سے رونما ہوا۔ میں نے فوراً ان دونوں کو بتایا یہ دونوں یہ سن کر جھوم اٹھے اور اسکے بعد اس شدت سے ایک ایسی خوشبو آئی کہ پورا ریسٹیوریںٹ گلابوں کلیوں سے مہکنے لگا۔ ہم سب نے ایک ساتھ اس خوشبو کو شدت سے محسوس کیا اور کئی منٹ تک اس گہری خوشبو کو محسوس کرتے رہے اور اتنا قریب سے حق تعالی کی محبت کو محسوس کیا کہ ہم نے ایک ساتھ ایسی خوشی پہلے کبھی تجربہ نہیں کی تھی۔ بلکہ ظاہر صاحب تو بچوں کی طرح اس خوشبو کو زور زور سے سانسوں میں اتارنے لگے۔ عجیب سی خوشگواری اور روحانیت کا سماں چھا گیا اور دل چاہتا تھا کہ یہ خوشبو کبھی کم نہ ہو۔ کافی دیر بعد پھر مجھے حق تعالیٰ کا وہی گولڈن نور دکھائی دیا اور میں نے انھیں بتایا۔ ہم سب کو ایسا لگا جیسے آج شام حق تعالیٰ کی ذات ہمارے ساتھ تھی۔

# (83) A meeting with God in a day light

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

A few days ago, Brother Nawaz Butt and I were standing outside a park with their two young sons. And he was playing a lot of games with them. And they were waiting for the baby's mummy to come and pick them up and drop us off at a nearby place. It was before dusk. Vehicles were parked on all sides outside the park. They also saw an old-fashioned car in the car, the driver's seat of which was empty, and in the seat next to it sat a young man of "mixed" color and race, who was lovingly looking at Mr. Butt and his children. After a while, the man got out of the car and hugged Mr. Butt and said that he was very happy to see him loving his children so much. He put his hand on her shoulder and said, "I also had a son who died in Africa." Seeing this love of yours today, I remembered my son. This is exactly the time when we offer the Zaidini evening Asr prayers. As the alarm went off on my watch, the man spoke of his lost son. My heart turned completely to God. And I started looking at this person with divine feelings in my heart. The man was expressing his feelings and love to Mr.

Butt and his children with full attention and love. A girl and a boy passed by us holding each other's hands. The man said this while looking at them "The pairing is great." The man seemed extremely emotional and conscious in an instant. As if everything is in his eyes. The thing that attracted me the most to her was her unconditional love for Mr. Butt and his children. The little girl started shouting happily when she saw her mummy's car coming. A smile ran down the faces of the two girls. As soon as I got closer I saw in this person's eyes, These were the same eyes I saw in the first meeting with the Almighty. Seeing that the Almighty is standing in front of me, my hands and feet became cold. And a strange storm of emotion began to pull me towards the Almighty. At that moment, the Almighty looked at me and I felt something deep inside my consciousness, an article that this meeting is a story of love between the Almighty and Butt Sahib, so I have to stand by and watch. I saw a strange ecstasy and authority in the eyes of the Almighty which stopped my feet where I was standing. And I rolled up my tears and stood there and watched them all mingling in the love of the Almighty. The Almighty loved them all so much that He repeatedly said! I love you so much, as the Almighty kept saying this, their voices kept getting louder and louder. My tears had taken me to a world of patience. As we sat in the car with the children, the Almighty kept smiling at us and shouting that we would meet again. I miss you so much I remained silent

and drank my tears.  I told Mr. Butt to look back, the man was sitting in the car and he was still looking at us and we saw that the Almighty was turning his back and looking at us again and again and was shedding tears. – When I told this to Mr. Butt, he got up twice and went to another room and cried and said only: "If I only knew then I would see the Almighty for the rest of my life." I spent that whole week as if I have kept nothing but God's love in this world.  Amen

# خدا کی ذاتؐ کا دن کی روشنی میں دیدار

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

چند روز قبل میں اور محترم بٹ صاحب انکی دو ننھی بیٹوں کے ہمراہ ایک پارک کے باہر کھڑے تھے۔ اور ان کے ساتھ بہت گھل مل کر بہت کھیل کود کر رہے تھے۔ اور بچوں کی والدہ کا انتظار کر رہے تھے تاکہ وہ آکر انہیں لے جائے اور ہمیں بھی نزدیک کسی مقام پر اتار دے۔ یہ شام ڈھلنے سے پہلے کا وقت تھا۔ پارک کے باہر ہر طرف گاڑیاں کھڑی تھیں۔ انہیں گاڑیوں میں ایک پرانی طرز کی کار بھی دکھائی دی، جس کی ڈرائیور سیٹ خالی تھی اور ساتھ والی سیٹ پر ایک ''مکس'' رنگ و نسل کا جوان بیٹھا تھا جو نہائیت محبت کی نگاہ سے بٹ صاحب اور انکے بچوں کی طرف دیکھ رہا تھا۔ تھوڑی دیر میں وہ شخص کار سے باہر آ گیا اور بٹ صاحب سے آکر گلے ملا اور کہا کہ وہ بہت خوش ہو رہا ہے انہیں اپنے بچوں سے اتنی محبت کرتا ہوا دیکھ کر۔ اور اپنا ہاتھ ان کے کندھے پر رکھ کر کہا میرا بھی ایک بیٹا تھا جو ایفریقہ میں مر گیا۔ آج تیری یہ محبت دیکھ کر مجھے اپنا بیٹا یاد آگیا۔ (یہ عین اسی وقت کی بات ہے جب ہم زیدینی شام کی عصر کی نماز پڑھتے ہیں) جیسے میری گھڑی پر الارم آن ہوا اس شخص نے اپنے کھوئے ہوئے بیٹے کی بات کی۔ میرا دل پوری طرح سے خدا کی طرف گھوم گیا۔ اور میں اپنے دل میں الہی جذبات لیے ہوئے اس شخص کی طرف دیکھنے لگا۔ وہ شخص پوری توجہ اور محبت کے ساتھ محترم بٹ صاحب اور ان کے بچوں کو اپنے جذبات اور اپنا پیار جتا رہا تھا۔ اتنے میں ایک لڑکی اور لڑکا ایک دوسرے کا ہاتھ

تھامے ہمارے پاس سے گزرے۔ اس شخص نے انہیں دیکھتے ہوئے یہ کہا" دونوں کی جوڑی بہت اچھی ہے" وہ شخص ایک ہی لمحے میں انتہائی جذبات اور باشعور دکھائی دیتا تھا۔ جیسے اس کی نگاہ میں ہر چیز ہو۔ جو چیز مجھے اس کی طرف سب سے زیادہ مائل کر رہی تھی وہ اس کی والہانہ محبت تھی بٹ صاحب اور ان کے بچوں کے ساتھ۔ چھوٹی بچی اپنی ممی کی گاڑی کو آتے ہوئے دیکھ کر خوشی سے شور مچانے لگی۔ دونوں بچیوں کے چہرے پر ایک خوشی دوڑ گئی۔ جیسے ہی میں نے قریب ہو کر اس شخص کی آنکھوں میں دیکھا، یہ وہی آنکھیں تھیں جو میں نے حق تعالیٰ سے پہلی ملاقات میں دیکھی تھیں۔ یہ دیکھ کر کہ حق تعالیٰ کی ذات میرے روبرو کھڑی ہے میرے ہاتھ پیر ٹھنڈے ہو گئے۔ اور ایک عجیب سا جذبات بھرا طوفان مجھے حق تعالیٰ کی طرف کھینچنے لگا۔ اسی وقت تعالیٰ کی ذات میں میری طرف دیکھا اور میں نے گہرے طور پر اپنے شعور کے اندر کچھ محسوس کیا، یہ ایک ایسا مضمون کہ یہ ملاقات حق تعالیٰ کی اور بٹ صاحب کی محبت کی داستان ہے اس لیئے مجھے ساتھ میں کھڑے رہ کر دیکھنا ہے۔ میں نے حق تعالیٰ کی آنکھوں میں ایک عجیب سا وجد اور اختیار دیکھا جس نے میرے پاؤں وہیں روک دیئے، جہاں میں کھڑا تھا۔ اور میں اپنے آنسو سمیٹ کر وہیں کھڑا رہا اور ان سب کو حق تعالی کی محبت میں گھلتے ملتے ہوئے دیکھ رہا۔ حق تعالیٰ نے ان سب کو بہت پیار دیا حتی کہ بار بار فرمایا! میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں، جیسے جیسے حق تعالیٰ یہ بات کہتے جاتے ویسے ویسے ان کی آواز بلند ہوتی جاتی رہی تھی۔ میرے آنسو مجھے بہا کر نجانے کونسی صبر کی دنیا میں لے گئے تھے۔ جیسے ہی ہم بچوں کے ساتھ گاڑی میں بیٹھے حق تعالیٰ کی ذات ہمیں دیکھ دیکھ کر مسکراتی رہی اور پکار

پکار کر فرماتی رہی کہ ہم پھر ملیں گے۔ مجھے تم لوگوں کی بہت یاد آئے گی۔ میں خاموش رہا اور اپنے آنسو پیتا رہا۔ میں نے بٹ صاحب کو کہا کہ پیچھے مڑ کر دیکھیں وہ شخص گاڑی میں جا بیٹھا ہے اور ابھی بھی ہمیں دیکھ رہا ہے اور ہم نے دیکھا کہ حق تعالیٰ کی ذات بار بار اپنی گردن پیچھے گھما کر ہمیں دیکھ رہے تھے اور اپنی آنکھوں سے آنسو صاف رہے تھے۔ جب ہم بٹ صاحب کے کمرے میں پہنچے اور میں نے یہ بات محترم بٹ صاحب کو بتائی تو وہ دو بار اٹھ کر دوسرے کمرے میں جا کر روئے اور صرف اتنا کہا کہ " کاش یہ مجھے اس وقت پتہ ہوتا تو میں جی بھر کے حق تعالیٰ کو دیکھ تو لیتا" وہ پورا ایک ہفتہ میرا ایسے گزرا جیسے خدا کی محبت کے سوا اس دنیا میں اور کچھ نہیں رکھا، میری دعا ہے کہ حق تعالیٰ کی ذات ہم سب کو یوں آن ملے جیسے بٹ صاحب کو آن ملی۔ آمین

# (84) A fast Car and Heavenly father was my guide

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

Last night I went through a spiritual world, a world of religious people. I met many spirits. Those who repair cars in their world and are always a victim of a strange race. The roads in this world are very rocky and the speed of accidents is much faster than the physical world. Thousands of wrecked vehicles lay on the broken and rocky roads in the form of wreckage. There were no traffic rules. The only rule was that the person who hit the car as hard as he could hit the road. (There I met the Almighty. He gave me a car which was a very modern and modern kind of race car. The Almighty did not sit with me in the car but wherever my car collided, Picked up the car and put it back on the road and looked along with me on every road) The car began to make its way forward with great force. I couldn't drive on rocky roads at all. My car crashed so many times that one day the car broke into pieces. (Here the Almighty gave me a remote and left). As soon as I pressed the button on this remote the car started to connect again and became a new style modern car. And

now this car has become an invisible car. I easily reached a palace-like house. In which lived very religious kind of spirits. Despite living in a dilapidated palace, these spirits retained their awe and dignity. I wondered how these religious people could be so stubborn and stubborn despite living in such a rotten and ruined palace. I asked a man wearing a gown that you guys are walking around like (bored) guests. Please tell, whats the story of them big puppys .Because I too have been walking since I came to this palace and I do not know where I am going. The man replied as he walked, "I don't even know where I am going. The spirits in this palace are moving in many directions and no one knows where they are going." And this is the most disgusting and sad state of the world in which souls have been suffering for a long time. Most of us are religious people who were so capable that if we used our energy and abilities in the world we would become part of the kingdom of God. I also have great thinkers, thinkers, doctors, scientists and engineers who work here today like car repair and so on. This is the state of the whole spiritual world. I am a car mechanic here.

The person who was telling me all these things was the great Muslim scholar of today, Engineer Muhammad Ali Mirza Sahib.

I have been researching some of Engineer Mirza's videos for a few days now to show our new Zaidini members some

facts that the members have come from Islam. Mirza Engineer Sahib is still alive but his spiritual condition is what was shown to me last night in the spirit world. Seeing their condition, I felt very sorry for them and also learned that we should not get entangled in solving the problems of old religions. Otherwise, our fate will be like that of the religious leaders who are themselves trapped and are also disgracing their prophets.

# ایک نایاب گاڑی اور خدا کی ذات ہمسفر

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

کل رات میں ایک روحانی دنیا سے گزرا، یہ مذہبی لوگوں کی دنیا تھی۔ میری ملاقات کئی ارواح سے ہوئی۔ جو اپنی دنیا میں گاڑیاں مرمت کرتے تھے اور ہر وقت ایک عجیب سی دوڑ کا شکار تھے۔ اس دنیا میں سڑکیں بڑی پتھریلی اور حادثات کی رفتار ظاہری دنیا سے بہت تیز تھی۔ ٹوٹی پھوٹی اور پتھریلی سڑکوں پر ہزاروں کی تعداد میں کئی ٹوٹی پھوٹی گاڑیاں کسی ملبے کی شکل میں پڑی تھیں۔ ٹریفک کے کوئی قوانین نہیں تھے۔ بس ایک ہی اصول تھا کہ جو شخص گاڑی سے جتنی زور دار ٹکر مار سکتا ہے اسی کو راستہ مل سکتا ہے۔ (وہاں میری حق تعالیٰ سے ملاقات ہوئی۔

انھوں نے مجھے ایک گاڑی دی جو بہت ہی ماڈرن اور جدید قسم کی ایک ریسی کار تھی۔ حق تعالیٰ خود کار میں میرے ساتھ نہیں بیٹھے مگر جہاں بھی میری کار ٹکرائی، انھوں نے اپنے ہاتھوں سے میری گاڑی کو اٹھا کر واپس راستے پر رکھ دیا اور ہر راستے پر میرے ساتھ ساتھ نظر آے) یہ کار بڑی ہی طاقت کے ساتھ اپنا رستہ بناتی ہوئی آگے کی طرف جانے لگی۔ مجھے پتھریلی راہوں پر گاڑی بالکل چلانی نہیں آرہی تھی۔ میری کار اتنی بار ٹکرائی کہ ایک وقت آیا کار ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے۔ (یہاں پر حق تعالیٰ کی ذات نے مجھے ایک ریموٹ دیا اور رخصت ہو گئے)۔ جیسے ہی میں نے اس ریموٹ کا بٹن دبایا وہ کار پھر سے جڑنا شروع ہوگئی اور ایک نئی طرز کی جدید کار بن گئی۔ اور اب یہ کار ایک نہ نظر آنے والی کار

بن گئی۔ میں بڑی آسانی سے ایک محل نما گھر کے پاس پہنچ گیا۔ جس میں بڑی ہی مذہبی قسم کی ارواح رہتی تھیں۔ ٹوٹے پھوٹے محل میں رہنے کے باوجود یہ ارواح اپنا رعب اور وقار رکھے ہوئے تھیں۔ یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ یہ مذہبی لوگ اس قدر بوسیدہ اور کھنڈر نما ٹوٹے ہوئے محل میں رہنے کے باوجود اتنے ضدی اور کھڑوس کیسے ہو سکتے ہیں۔ میں نے ایک گاؤن پہنے ہوئے شخص سے پوچھا کہ تم کسی پرانے گیسٹ ہاؤس لوگ (بیزار) مہمان کی طرح کیوں چل پھر رہے ہو۔ ذرا بتاؤ تو سہی یہ کیا معاملہ ہے اور یہ کیسی دنیا ہے؟ کیوں کہ میں بھی جب سے اس محل میں آیا ہوں میں چلتا جا رہا ہوں اور مجھے نہیں پتہ میں کہاں جا رہا ہوں۔ اس شخص نے چلتے چلتے جواب دیا کہ مجھے بھی نہیں پتہ کہ میں کہاں جا رہا ہوں اس محل میں ارواح کئی اطراف میں چلتی رہتی ہیں اور کوئی نہیں جانتا کہ وہ کس طرف جا رہی ہیں۔ اور یہ اس دنیا کی سب سے بیزار اور غم ناک حالت ہے جس میں ارواح بہت عرصہ دراز سے مبتلا ہیں۔ ہم میں سے اکثر وہ مذہبی لوگ ہیں جو اتنے قابل تھے کہ اگر ہم اپنی توانائی اور قابلیت دنیا میں استعمال کرتے تو خدا کی بادشاہت کا حصہ بن جاتے۔ میرے ساتھ بڑے بڑے قابل لوگ مفکر، ڈاکٹرز، سائنٹیسٹ اور انجینئرز بھی ہیں جو آج یہاں پر گاڑیوں کی مرمت وغیرہ جیسے کام کرتے ہیں۔ اس پوری روحانی دنیا کی یہی حالت ہے۔ میں خود یہاں ایک کار مکینک ہوں۔ یہ ساری باتیں جو شخص مجھے بیان کر رہا تھا یہ شخص آج کے دور کا بہت بڑا مسلم عالم انجینئر محمد علی مرزا صاحب تھے۔ میں چند روز سے انجینئر مرزا کے ویڈیوز میں سے کچھ ریسرچ کر رہا تھا تاکہ ہمارے نئے زیدینی ممبران کو اسلام کے کچھ حقائق دکھا سکیں جو ممبرز اسلام سے آئے ہیں۔ مرزا انجینئر صاحب ابھی

زندہ ہے مگر اسکی روحانی حالت ایسی ہے جو مجھے کل رات عالم ارواح میں دکھائی گئی۔ کہ اسکی حالت دیکھ کر مجھے بہت رحم آیا اور عبرت بھی ہوئی کہ ہم لوگ بھی کہیں پرانے مذاہب کی گتھیاں سلجھاتے سلجھاتے خود نہ الجھ جائیں۔ ورنہ ہمارا انجام بھی انہیں مزہبی رہنماؤں جیسا ہوگا جو خود بھی پھنس گئے اور اپنے انبیاء کو بھی روحانی دنیا میں رسوا کر رہے ہیں۔

# (85) My guide is God

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One night during my spiritual journey I met the Heavenly Father, he was walking towards the forest and I was following him. Sometimes when I encountered an obstacle, the Heavenly Father would stop and remove the obstacle in my way and remove the branches and thorns of big trees with both his hands, so that I could pass easily. We made this trip to the forest together. (That was the all spiritual observation in this journey.)

# میرا راہبر خدا کی ذات

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

ایک رات میرے روحانی سفر کے دوران میری ملاقات حق تعالی سے ہوئی، وہ آگے آگے جنگل کی طرف چل رہے تھے اور میں ان کے پیچھے پیچھے چلتا جا رہا تھا۔ کہیں کہیں جب مجھے کوئی رکاوٹ پیش آتی حق تعالیٰ کی ذات رک کر میرے راستے کی رکاوٹ دور فرماتے اور اپنے دونوں ہاتھوں سے بڑے درختوں کی ٹہنیاں اور کانٹے دور کرتے جاتے، تاکہ میرے گزرنے میں آسانی ہو سکے۔ یہ جنگل کا سفر ہم نے ایک ساتھ طے کیا۔ (یہ روحانی مشاہدہ اتنا ہی ہے۔

# (86) The majestic dress of God

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One night the person of the Heavenly Father visited and appeared in a royal dress. I could paint but I can't tell how beautiful the dress was. This time, the Heavenly Father did not visit alone. All the universes and creatures were with them.

All these universes and where they stood behind the Almighty in an order, just like the wings of a peacock. The Heavenly Father smiles or the facets of existence and face come into motion, all the universe and creatures come into motion. And there was a special kind of light that covered all these worlds.

One of the special things that happened in this divine observation was that the color of the eyes of the Almighty was green. And the same green color was prominent in the dress.

# خدا کی ذات کا شاہانہ لباس

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤

ایک شب حق تعالی کی ذات تشریف لائے اور ایک شاہانہ لباس میں نمودار ہوئے۔ لباس دیکھنے میں کتنا حسین تھا میں شاید اسے کبھی پینٹ تو کر سکوں لیکن بتا نہیں پاؤں گا۔ اس بار حق تعالیٰ کی ذات اکیلے تشریف نہیں لائے۔ بلکہ ان کے ہمراہ تمام کائناتیں اور مخلوقات تھیں۔ یہ تمام کائناتیں اور جہاں ایک ترتیب کے ساتھ حق تعالی کے پیچھے کھڑی تھیں بلکل اسی طرح جیسے مور کے پیچھے اسکے پنکھ۔ جیسے جیسے حق تعالی کی ذات مسکراتے یا وجود اور چہرے کے خدوخال حرکت میں آتے، تمام کائنات اور مخلوقات حرکت میں آ جاتیں۔ اور ان کے گرد ایک خاص سبز قسم کی روشنی تھی جس نے ان تمام جہانوں کو ڈھانپ رکھا تھا۔ ایک خاص چیز جو اس مشاہدہ الٰہی میں پیش آئی وہ یہ تھی کہ حق تعالی کی آنکھوں کا رنگ بھی سبز تھا اور یہی سبز رنگت لباس میں بھی نمایاں تھی۔

# (87) The childhood form of God

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One night during my spiritual journey, I saw the heavenly father was standing on a coffin from a high place and there was darkness on all sides, a strange sonata and heartbreaking loneliness.

The the Almighty was seen in this scene of a child of 8-10 years. Childhood on the face, seriousness and heart, looking to his left. Shortly after, light came out of the eyes of the heavenly father. The light was blue. Now I could see the eyes and face of the Heavenly Father very clearly. Suddenly I saw two very large shadows which were many sins taller than the height of the Heavenly Father (childhood form). Those two shadows were not shadows of darkness but two clouds of love and patriarchal love of the Heavenly Father which seemed to be much bigger than their own stature. The two loving clouds were looking in the direction of the eyes of the Heavenly Father.

# خدا کی ذات کا بچپن کا روپ

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤️

ایک شب میرے روحانی سفر کے دوران میں نے دیکھا کہ حق تعالیٰ کی ذات کسی اونچے سے جبوترے پر کھڑی ہے اور ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ہے، ایک عجیب سناٹا اور دل دہلا دینے والا اکیلا پن تھا۔ حق تعالی کی ذات اس منظر میں کوئی 8-10 سال کا بچہ معلوم ہو رہی تھی۔ چہرے پر بچپنا، سنجیدگی اور دل کے یعنی اپنی بائیں طرف دیکھ رہے تھے۔ تھوڑی ہی دیر بعد حق تعالیٰ کی ذات کی آنکھوں سے شدت کیساتھ روشنی نکلی۔ اس روشنی کا رنگ نیلا تھا۔ اب میں حق تعالیٰ کی آنکھوں اور چہرے کو نہایت واضح طور پر دیکھ پا رہا تھا۔ اچانک میں نے دو بہت بڑے سائے دیکھے جو حق تعالیٰ کے (بچپن کے روپ) والے قد سے کئی گناہ لمبے تھے۔ وہ دو سائے اندھیرے کے سائے نہیں تھے بلکہ حق تعالی کی ممتا اور باپ والی محبت کے دو بادل تھے جو ان کے اپنے قد سے بھی بہت بڑے دکھائی دے رہے تھے۔ وہ دونوں محبت بھرے بادل اسی طرف دیکھ رہے تھے جس طرف حق تعالیٰ کی نگاہیں تھیں۔

# (88) Distribution of rewards from God to new prophets

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

During a spiritual journey, I saw the the Heavenly Father, was standing on a height. Like someone standing on stage to distribute prizes. In front of the stage stood some prophets who would come before the Heavenly Father one by one and bow their heads. The Heavenly Father called a prophet to Himself and placed a very beautiful luminous shawl around his neck. This happened countless times. Every time the person of the Heavenly Father would call one or another prophet in front of him and put a light garment around his neck.

After a while I saw that there were other people standing in a row behind the Heavenly Father who looked exactly like the Heavenly Father. As soon as the Heavenly Father flew from there, one by one, all of them came to the fore, and one by one, they called countless prophets forward and repeated the same pattern of wearing the same luminous shawl.

They all left one by one, followed by a female being in the same line, whose faces and bodies reflected the love of God. These women repeated the same thing.  And clothe the countless prophets with light shawls.

It was a very interesting and loving spiritual observation in which I was clearly shown how much we love the Heavenly Father and His luminous family, human beings and other creatures, and wish that every person, Have a living relationship with God and let everyone be a prophet.

It has been shown that whoever comes with a pure heart is made a prophet.

Congratulations to those who found the time of prophet Zahid khan.  And remain faithful to God until the last breath.

# خدا کی ذات اور انبیاء کیلئے تقسیم انعامات

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤️

ایک روحانی سفر کے دوران میں نے حق تعالیٰ کی ذات کو دیکھا، جو کسی انچائی پر کھڑے تھے۔ جیسے کوئی شخص انعامات تقسیم کرنے کے لئے سٹیج پر کھڑا ہوتا ہے۔ اسٹیج کے سامنے تاحد نگاہ انبیاء کھڑے تھے جو ایک ایک کر کے حق تعالیٰ کے سامنے آتے اور اپنا سر جھکا دیتے۔ حق تعالی کی ذات نے ایک نبی کو اپنی طرف بلایا اس کے گلے میں ایک انتہائی خوبصورت نورانی شال پہنا دی۔ ایسا ان گنت بار ہوا۔ ہربار حق تعالیٰ کی ذات کسی نہ کسی نبی کو سامنے بلاتے اور اس کے گلے میں نورانی پوشاک پہنا دیتے تھوڑی دیر بعد میں نے دیکھا کہ حق تعالیٰ کی ذات کے پیچھے ایک قطار میں اور بھی لوگ کھڑے ہیں جو دیکھنے میں بالکل حق تعالیٰ کی ذات جیسے ہیں۔ جیسے ہی حق تعالی کی ذات نے وہاں سے پرواز کی ایک ایک کر کے وہ تمام ہم شکل سامنے آتے گئے اور انہوں نے بھی ایک ایک کر کے ان گنت انبیاء کو آگے بلایا اور وہی نورانی شال پہنانے کا سلسلہ دہرایا۔ وہ تمام بھی ایک ایک کرکے وہاں سے روانہ ہوتے گئے۔ ان کے بعد اسی قطار میں ان کی ہم شکل خواتین سامنے آئیں، جن کے چہروں اور وجود سے خدا کی ممتا کی محبت جھلک رہی تھی، ان خواتین نے بھی یہی سلسلہ دہرایا۔ اور ان گنت انبیاء کو نورانی شالیں پہنائیں۔ یہ ایک انتہائی دلچسپ اور محبت الٰہی سے لبریز روحانی مشاہدہ تھا جس میں مجھے صاف صاف دکھایا جا رہا تھا کہ حق تعالیٰ کی ذات اور ان کا نورانی خاندان، ہم انسانوں اور دیگر مخلوقات کو کس قدر محبت کرتے

ہیں، اور چاہتے ہیں کہ ہر شخص کا خدا کی ذات کے ساتھ ایک زندہ تعلق ہو اور ہر شخص نبی ہونے کا درجہ پائے۔ دکھایا گیا ہے کہ جو شخص بھی ایک خالص دل لے کر آیا اسے قبول کیا گیا، اکثر کو نبی بنا دیا گیا۔ مبارک ہوں وہ لوگ جنہوں نے آپ حضرت زاہدؑ کا دور پایا۔ اور آخری سانس تک خدا کے وفادار رہے۔

# (89) Construction of the New World and Travel to Germany

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

During a spiritual journey I passed through my hometown (...). And saw a very large modern type of truck. The truck was loaded with huge tires and doors. The truck was said to be loaded with a special kind of wood and furniture and was heading to Germany with some special people from the city. It was said that a great house of God was being built in Germany. These people would be used in the construction and would be transported to Germany with this blessed wood.

We had several new members in the truck. There I saw Akram Sahib standing with the statue of his late wife. She looked half-woman and half-dhal and chased Akram Sahib everywhere he went. Akram Sahib gave us his clothes and shoes

He said, "Take it. I can't come to Germany with you yet. We insisted but he refused." He said that he wouHeavenly

Fathere able to leave his wife's idol. At that moment, the driver of the truck looked at him and said in a thunderous voice, "Let's go!"

As soon as Akram Sahib heard this sound, he left everything and jumped inside the truck, and quietly came and stood with us.

We were all amazed to see that the driver of this beautiful and big truck was none other than Heavenly Father Himself.

By the allegiance of Holiness Zahid Khan.

# نئی دنیا کی تعمیر اور جرمنی کا سفر

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤

ایک روحانی سفر کے دوران میں اپنے آبائی شہر (---------) سے گزرا۔ اور ایک بہت بڑے ماڈرن قسم کے ٹرک کو دیکھا۔ یہ ٹرک بہت بڑے ٹائروں اور دروازوں سے لبریز تھا۔ کہا جا رہا تھا کہ یہ ٹرک ایک خاص قسم کی لکڑی اور فرنیچر سے بھرا ہوا ہے اور اس شہر (---------) کے چند خاص لوگوں کے ہمراہ جرمنی کی طرف جارہا ہے۔ بتایا جا رہا تھا کہ جرمنی میں کوئی بہت بڑا خدا کا گھر تعمیر ہو رہا ہے یہ لوگ اس تعمیر میں کام آئیں گے اور اس مبارک لکڑی کے ساتھ جرمنی میں پہنچا دیے جائیں گے۔ ہمارے کئی نئے ممبران ٹرک میں سوار ہو چکے تھے۔ وہاں پر میں نے اکرم صاحب کو دیکھا جو اپنی مرحومہ بیوی کی مورت کے ساتھ کھڑے تھے۔ جو دیکھنے میں آدھی عورت اور آدھی بے جان گڑیا لگ رہی تھی اور ہر طرف اکرم صاحب کا پیچھا کرتی جہاں جہاں وہ جاتے۔ اکرم صاحب نے ہمیں اپنے کپڑے اور جوتے دیئے اور کہا کہ یہ لے جاؤ میں تمہارے ساتھ ابھی جرمنی نہیں آ سکتا، ہم نے بہت اصرار کیا مگر وہ نہ مانے۔ کہا کہ میں اپنی بیوی کی مورت کو چھوڑ کر نہیں جا پاؤں گا۔ اتنی دیر میں اس ٹرک کے ڈرائیور نے انکی طرف دیکھا اور گرجدار آواز میں کہا چلو چلیں! اکرم صاحب نے یہ آواز سنتے ہی ہر چیز چھوڑ کر ٹرک کے اندر چھلانگ لگادی، اور چپ چاپ ہمارے ساتھ آ کر کھڑے ہو گئے۔ ہم سب لوگ یہ دیکھ کر بہت حیران

ہوئے کہ اس انتہائی خوبصورت اور بڑے ٹرک کا ڈرائیور کوئی اور نہیں حق تعالی کی ذات خود تھے۔

# (90) A season of grief for spirits

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

Last night during a spiritual journey I passed through one if the lower middle dimensional world, with few angels. As soon as I arrived in this world, I have experienced a very foul-smelling atmosphere,

There was a strange smell in the air. We all landed on an amazing beach. We could see from one side of the ocean to the end of the ocean. Beautiful sea creatures and plants of innumerable colors were visible. Around the sea, let's say that this was a very beautiful world, which can be considered millions of times more beautiful than the European countries of today. There were millions of spirits were sitting on the beach, both male and female. In their life on earth they have put God's love behind him for selfish love. All these people were naked, all these people were suffering from a very deep grief in the memory and anguish of their beloved one's. In order to alleviate this grief and helplessness, these spirits would be ready to associate with anyone at any time, knowing their beloved.

But still the grief of their heart and separation could not be lessened. While walking on this sea, I also came in

contact with a 24-23 year old girl who was crying with tears even after the meeting. When I inquired, she said that she was weeping over the separation of her beloved one's and one child whom she had left behind after her death.

From there I walked to a building that was full of beautiful gardens. And decorated with colorful swings. Here the spirits would fly a little bit. Once again a girl came to me. We talked while flying in the air. This girl was in the same state of grief. Every girl I met had a strange grief of separation of her love one's in her heart.

At the same time, much more was happening in this building and in countless other palaces like it. Like the firing of bullets, the fear of being attacked or caught at any moment, like a sign of helplessness.

I inquired from one of the spirit and he said that sometimes demons and evil spirits attack us from the lower hell. And sometimes the spirits from us also go to the lower worlds and attack.

There is a strange age of restlessness, fear, anguish and sorrow in a world that never fails.

During this observation, as long as I remained in this world, I felt the grief of all these spirits in my heart and left this world crying.

# ارواح پہ غم کا موسم

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

کل رات ایک روحانی سفر کے دوران میرا گزر عالم برزخ کے ایک نچلے جہاں سے ہوا، یہ سفر چند فرشتوں کے ساتھ ہوا۔ جیسے ہی میں اس دنیا میں پہنچا انتہائی بد بودار فضا نے میرا استقبال کیا، فضا میں ایک گھٹن اور عجیب سی بدبو تھی۔ ہم سب ایک حیران کن سمندر کے ساحل پر اترے۔ ہم سمندر کے ایک کنارے سے سمندر کی آخری حد تک دیکھ سکتے تھے۔ ان گنت رنگوں والے خوبصورت سمندری مخلوقات اور نباتات دکھائی دے رہی تھیں۔ سمندر کے اردگرد یوں کہہ لیں کہ یہ ایک انتہائی خوبصورت دنیا تھی جو کہ آج کے دور کے یورپین ممالک سے بھی کروڑوں گناہ زیادہ حسین تصور کی جا سکتی ہے۔ ساحل سمندر پر لاکھوں کی تعداد میں ایسے لوگ بیٹھے ہوئے تھے جنھوں نے مرد اور عورت کی خود غرض محبت کے لیے خدا کی محبت کو پس پشت ڈال دیا۔ یہ تمام لوگ بے لباس تھے، یہ سب لوگ اپنے اپنے محبوب کی یاد اور تڑپ میں ایک انتہائی گہرے غم کا شکار تھے۔ اسی غم اور بے بسی کو دور کرنے کے لئے یہ ارواح کسی بھی وقت کسی کو بھی اپنا محبوب جان کر اس کے ساتھ صحبت کر لینے کو تیار ہو جاتیں۔ مگر پھر بھی ان کے دل اور جدائی کا غم کم نہ ہو پاتا۔ اس سمندر پر چہل قدمی کرتے کرتے میری بھی ایک 24-23 سالہ لڑکی سے صحبت ہوئی جو صحبت ہونے کے بعد بھی آنسوؤں کے ساتھ رو رہی تھی۔ میں نے دریافت کیا تو اس نے بتایا کہ وہ اپنے محبوب اور ایک بچے کی جدائی میں رو رہی ہے جنہیں وہ مرنے

کے بعد پیچھے چھوڑ آئی ہے۔ وہاں سے میں چلتا چلتا ایک بلڈنگ میں پہنچا جو انتہائی خوبصورت باغیچوں سے لبریز تھی۔ اور رنگ برنگے جھولوں کے ساتھ سجائی گئی تھی۔ یہاں پر ارواح تھوڑا بہت اڑ بھی لیتی تھیں۔ ایک بار پھر ایک لڑکی میرے پاس آئی ہم نے فضا میں اڑتے ہوئے صحبت کی۔ اس لڑکی کی بھی وہی غم کی حالت تھی۔ میں جس لڑکی سے ملتا رہا سب کے دل میں جدائی کا ایک عجیب ہی غم تھا وہاں کی راعنائیاں انہیں ہرگز اطمینان نہیں دیتا تھیں۔ ایک ہی وقت میں اس بلڈنگ اور اس جیسے ان گنت محلات میں اور بھی بہت کچھ ہو رہا تھا۔ جیسے کہ گولیوں کا چلنا، کسی بھی وقت حملے یا پکڑے جانے کا ڈر، جیسے ایک بے بسی کا عالم ہو وغیرہ وغیرہ۔ میں نے ایک روح سے دریافت کیا تو اس نے بتایا کہ کبھی کبھی نچلی دوزخوں سے شیاطین اور بری ارواح ہم پر حملہ کر دیتی ہیں۔ اور کبھی کبھی ہماری طرف سے بھی ارواح نچلی دنیاؤں میں جا کر ہلہ بول دیتی ہیں۔ ایک عجیب سی بے چینی، ڈر، رنج والم اور غم کا دور رہتا ہے اس دنیا میں جو کبھی کم نہیں ہوتا۔ اس مشاہدہ کے دوران میں جتنی دیر بھی اس دنیا میں رہا میں نے ان سب ارواح کا غم اپنے دل میں بھی اتنا ہی محسوس کیا اور روتا ہوا اس دنیا سے رخصت ہوا۔

# (91) God's presence and the caravan of female prophets

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

Last night on a spiritual journey I met our dear heavenly parents. The meeting took place in a forest, the forest was a never ending series where the Heavenly Father was walking. He hugged me lovingly and I held his hand as soon as I met him. There was great joy on the face of the Heavenly Father, and hw wes looking for someone else to come with great searching but with lots of patience. I asked, "O dear heavenly father, who you are waiting for?" You said "I'm waiting for a caravan."

We walked in the same forest for many hours waiting, and I saw the happy face of true heavenly father again and again, sometimes from one side and sometimes from the other. Who was caught unconscious, the true heavenly father said. "What are you doing Athar? I said, "Father, I think if I let go of your hand, then you are gone." The Heavenly Father laughed out loud and said, "I'm here right now." The caravan arrived in such a short time. They were both on foot and on horseback. As if they have come from afar, from the deserts, the Arabic was becoming known,

there were more women, the Heavenly Father met them in the warmth of the greatest, spent a lot of time with them in this forest and like a long ceremony  The atmosphere became and then after that the Heavenly Father departed from there, it seemed that it was the knot of the people who came to give the attribute of the Heavenly Father to prophethood, in which women were in the forefront.

# خدا کی ذات اور خواتین انبیاء کا قافلہ

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

کل رات ایک روحانی سفر میں میری ملاقات ہمارے پیارے آسمانی والدین سے ہوئی۔ یہ ملاقات ایک جنگل میں ہوئی، جنگل کیا تھا ایک نہ ختم ہونے والا سلسلہ تھا جہاں خدا کی ذات چہل قدمی فرما رہے تھے۔ مجھے پیار سے گلے لگایا اور میں نے ملتے ہی انکا ہاتھ تھام لیا۔ خدا کی ذات کے چہرے پہ گہری خوشی نمایاں تھی، اور آپ بڑی جستجو مگر صبر کے ساتھ کسی اور کے آنے کا بھی انتظار فرما رہے تھے۔ میں نے پوچھا کے اے ہمارے آسمانی والدین آپ کس کا انتظار فرما رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا

"میں ایک قافلے کا انتظار کر رہا ہوں" ہم اسی انتظار میں کئی گھنٹے اسی جنگل میں چلتے رہیے، اور میں بار بار سچے والدین کے چہرہ مبارک کو کبھی ایک طرف سے دیکھتا اور کبھی دوسری طرف سے، وقت گزرنے کا احساس نہیں ہوا لیکن میں نے ابھی تک حق تعالیٰ کا ہاتھ نہیں چھوڑا بلکہ لا شعوری طور پر مضبوطی کے پکڑ لیا تھا، سچے والدین نے فرمایا۔" اطہر کیا کرتا ہے، میں نے کہا اے باپ مجھے لگتا ہے اگر میں نے آپ کا ہاتھ چھوڑ دیا تو پھر آپ تو گئے، حق تعالی کی ذات کھلکھلا کے ہنسے اور کہا ابھی تو میں ادھر ہی ہوں"۔ اتنی دیر میں قافلہ پہنچ گیا یہ لوگ پیدل بھی تھے اور سوار بھی، جیسے بہت دور سے آے ہوں، ریگستانوں کی طرف سے، عربی معلوم ہو رہے تھے، زیادہ خواتین تھیں، حق تعالیٰ کی ذات ان سب سے بڑے پر تپاک انداز میں ملے، کافی دیر انکے ساتھ اس جنگل میں وقت گزارا

اور ایک لمبی تقریب جیسا ماحول بن گیا اور پھر اسکے بعد حق تعالی کی ذات وہاں سے رخصت ہوے، یوں لگ رہا تھا کہ یہ ان لوگوں کا گرہ تھا جن کو حق تعالی کی ذات نبوت کا منسب عطا فرمانے آے تھے، جن میں خواتین پیش پیش تھیں۔

# (92) God's Spaceship

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One night during a spiritual journey, I saw myself standing in my hometown and Holiness zahid khan in the same house where I spent my childhood, and looking up at the sky, I could see kites everywhere, among the people flying kites. Many prophets were also around. Somewhere one and two people were seen flying kites. Until then, I had neither a kite nor a string in my hand. When I looked up at the sky, I saw a huge kite thousands of kilometers away. Suddenly a string fell on me. It looked like a raw string, the other end of which was attached to a huge kite that could be seen thousands of kilometers in the sky. I have captured this moment, and slowly began to speak. Feeling the tension of such a big kite, it occurred to me that this string is so raw that it should not break. With that thought, I carefully pulled the strings down slowly. That kite was now very close, now what I saw carefully was not a kite anymore but a spaceship, inside it were not thousands, not millions, but countless windows in it. And the captain of this spaceship was Holiness Zahid khan. As soon as I recognized Holiness Zahid khan, I called out loud to him that I was pulling down this string. Holiness Zahid

khan, looked at me and said with great love. Athar is a cord of love, be careful not to break it. I pulled this era down with more care and love. Now that spaceship was so close that the whole city was hidden under its shadow. From the courtyard of the house from which I was pulling the strings towards him, he came down on the roof of this house. The landing of this spaceship exploded so violently that the house and the whole city became a wreck. And so far only the special sight of the Holiness zahid khan, whom I had pulled from the sky to the earth with the strings of love, was visible to me. Inside which there were innumerable windows, and Holiness. zahid khan came out of this spaceship, hugged me, and congratulated me and said, Athar this is God's spaceship. Thank God it landed safely this time.

# خدا کی ذات کا سپیس شپ

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک رات روحانی سفر کے دوران، میں نے دیکھا کہ میں اپنے آبائی گاؤں اور اپنے اسی گھر میں کھڑا ہوں جہاں میرا بچپن گزرا تھا، اور آسمان کی طرف دیکھتا ہوں تو ہر طرف پتنگیں ہی پتنگیں دکھائی دیتی ہیں، پتنگیں اڑانے والے لوگوں میں بہت سے لوگ انبیاء بھی تھے۔ کہیں پر ایک اور کہیں دو دو لوگ پتنگ اڑاتے دکھائی دے رہے تھے۔ اس وقت تک میرے ہاتھ میں نہ تو کوئی پتنگ تھی اور نہ ہی کوئی ڈور۔ جب میں نے آسمان کی طرف دیکھا، تو مجھے ہزاروں کلومیٹر خلا میں ایک بہت بڑی پتنگ دکھائی تھی، میں سوچنے لگا کہ اتنی بڑی پتنگ جو اتنی دور سے نظر آ رہی ہے، کون آ رہا ہوگا؟ اچانک میرے اوپر ایک ڈور آ کر گری۔ دیکھنے میں وہ ایک کچی سی ڈور تھی، جس کا دوسرا سرا اسی بہت بڑی پتنگ کے ساتھ وابستہ تھا جو ہزاروں کلومیٹر آسمان پہ نظر آ رہی تھی۔ میں نے اس دور کو پکڑ لیا ہے، اور آہستہ آہستہ کھینچنا شروع کر دیا۔ اتنی بڑی پتنگ کا اس قدر تناؤ محسوس کرتے ہوئے، میرے من میں یہ خیال آیا کہ یہ ڈور تو بہت ہی کچی ہے کہیں ٹوٹ نہ جائے۔ اسی خیال سے میں ڈور کو بڑی احتیاط کے ساتھ آہستہ آہستہ نیچے کیطرف کھینچتا گیا۔ وہ پتنگ اب کافی نزدیک آ چکی تھی، اب میں نے جو غور سے دیکھا تو وہ کوئی پتنگ نہیں تھی بلکہ ایک سپیس شپ تھا، اس کے اندر ہزاروں نہیں لاکھوں نہیں بلکہ ان گنت کھڑکیاں تھیں۔ اور اس سپیس شپ کے کیپٹن حضرت زاہدؒ تھے۔ میں نے حضرت زاہدؒ کو پہچان لیا، اور حضور

کو آواز دے کر بتایا کہ حضور اس ڈور کو میں نیچے کھینچ رہا ہوں، حضور نے میری طرف دیکھا اور بڑی محبت سے فرمایا۔ کہ اطہر یہ پیار کی الٰہی ڈور ہے، بڑی احتیاط سے کہیں ٹوٹ نہ جائے۔ میں نے اور احتیاط اور محبت کے ساتھ اس ڈور کو نیچے کی طرف کھینچا۔ اب وہ اسپیس شپ اتنا نزدیک آ گیا کہ اس کے سائے کے نیچے پورا شہر چھپ گیا تھا۔ جس گھر کے آنگن سے میں ڈور کو اپنی طرف کھینچ رہا تھا، اس گھر کی چھت پر وہ سپیس سپ آ کے اتر گیا۔ اس سپیس شپ کے اترنے سے اس قدر شدت کے ساتھ دھماکا ہوا، کہ وہ گھر اور وہ پورے کا پورا شہر ، ایک ملبہ بن گیا۔ اور اب تا حد نگاہ صرف حضور کا سپیشل نظر آ رہا تھا جسے میں نے پیار کی ڈور کے ساتھ آسمان سے زمین پر کھینچ لیا تھا۔ جسکے اندر انگنت کھڑکیاں تھیں، اور حضرت زاہدؒ اس سپیس شپ سے باہر آئے، مجھے گلے ملے، اور مبارکباد دی اور فرمایا، اطہر یہ خدا کا سپیس شپ ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ یہ اس بار خیریت سے زمین پر اتر آیا ہے،

# (93) The spiritual world, the Sufi friend and the allegiance of Holiness Zahid khan

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

A few days ago, on a spiritual journey, I saw a very dear and dear Sufi friend, who was expelled from the world of Sufism in the spirit world because he had come to believe in the revered Holiness zahid khan. Respected Holiness zahid khan and I were already standing in a world of Sufism, where the spirits used to face extreme intensity of thirst and hunger. These Sufi friends were also in a state of extreme thirst. There I tried to make them guava juice, he expressed a little dislike, and after a while that juice was no longer fit for him to drink. And Holiness zahid khan looked at this Sufi friend and said that maybe he is also hungry, I will make some food for him, Sufi friends were feeling very weak due to weakness. I hugged them many times and laid him on a bed, the reason I fell love and compaction with him again and again, because in my childhood days, he was the Sufi friend who respected and helped me a lot. He was familiar with the teachings of Zahid Khan Sahib and

was made aware of many divine secrets of Heavenly father. For which I am also forbidden to treat them. As soon as Holiness Zahid Khan came in the yard to make something. They started making bread so big that it could feed the whole city. There was a similar arrangement of food there. I looked at Holiness Zahid Khan, then I saw that Holiness Zahid Khan had just started baking bread, I felt that this dear friend, The Sufi brother will have to wait longer to eat. And there are still more stages of patience for him in this world, which he has to decide. He accepted Holiness Zahid Khan as his Messiah in the spirit world, and also swore allegiance to him.

# روحانی دنیا، صوفی دوست اور زاہدؒ کی بیعت

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤️

چند روز قبل ایک روحانی سفر میں میں نے ایک بہت ہی پیارے اور عزیز صوفی دوست کو دیکھا، جسے عالم ارواح میں صوفیت کے جہانوں سے اس لئے نکال دیا گیا تھا کیوں کہ وہ حضرت زاہدؒ پہ ایمان لے آیا تھا۔ میں اور حضرت زاہدؒ پہلے سے ہی صوفیت کے ایک جہان میں کھڑے تھے، جہاں پر روح کو پیاس اور بھوک کی بہت زیادہ شدت کا سامنا کرنا پڑتا تھا۔ یہ صوفی دوست بھی شدید پیاس کی حالت میں مبتلا تھے، وہاں پر میں نے انہیں امرود کا جوس بنا کر پلانے کی کوشش کی، انہوں نے تھوڑی ناپسندیدگی کا اظہار کیا، اور کچھ دیر بعد وہ جوس ان کے پینے کے لائق بھی نہیں رہا۔ اور حضرت زاہدؒ نے اس صوفی دوست کی طرف دیکھا اور فرمایا کہ شاید انہیں بھوک بھی لگی ہوئی ہو گی، میں انکے لیے کچھ کھانا بناتا ہوں، صوفی دوست کمزوری کی وجہ سے کافی لاغر محسوس کر رہے تھے۔ میں نے انہیں کئی بار گلے سے لگایا اور انہیں ایک چارپائی پر لٹا دیا، مجھے ان کے ساتھ محبت کی جو وجہ بار بار یاد آ رہی تھی، وہ یہ تھی کہ میرے بچپن کے دنوں میں، یہی وہ صوفی دوست تھے جنہوں نے مجھے محترم زاہد خان صاحب اور تصوف کی تعلیمات سے آشنا کیا تھا اور بہت سے راز الٰہی سے روشناس کروایا تھا۔ جسکے لیے میں ان کا آج بھی ممنوع ہوں۔ جیسے ہی حضرت زاہدؒ کچھ بنانے کے لیے صحن میں آئے۔ انہوں نے ایک اتنی بڑی روٹی بنانا شروع کر دی کہ اس روٹی سے پورے شہر کو کھانا کھلایا جاسکتا تھا۔ وہاں بلکل ایسا ہی کھانے کا انتظام

بھی موجود تھا، میں نے حضرت زاہدؒ کی طرف دیکھا، تو میں نے دیکھا کہ حضور نے ابھی روٹی پکانی شروع ہی کی تھی، مجھے یوں محسوس ہوا کہ ابھی ان محترم دوست صوفی کو کھانا کھانے کے لئے اور انتظار کرنا پڑے گا۔ اور اس دنیا میں ابھی ان کے لیے اور بھی صبر کے مراحل ہیں، جو انھوں نے طے کرنے ہیں۔ میرے لئے یہ بہت بات تھی کہ انھوں نے حضرت زاہدؒ کو روح کا دنیا میں اپنا مسیح ازماں قبول کر لیا، اور حضرت زاہدؒ کے ہاتھ پر بیعت بھی کی۔

# (94) The golden light became The face of God

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

A few days ago I had a divine vision, I was lying in bed after prayers, it seemed that my spirit wanted to come out from my body through my feet, as soon as I lay down, I completely fell asleep, and I see that I have reached a very dark world,  It was late at night and I was sitting in a car with the spirit of my late brother 'B' khan, the night was dark and I ask him to drive slowly on this dark road, some people were crossing the road which were dressed very nice,. I told my brother to slow down or else someone might get hurt because the road was very dark and the car light was very bright.  He slowed down the car with great skill, the rest of the people passed but an old man who was crossing the road at the end, he fell due to a collision with the car, I recognized him as soon as I saw this old man. He was my late father. I got out of the car regretting my brother and took care of my father.  He was well dressed but in a state of semi-consciousness. I hugged him and started crying.  It was as if I was seeing the past in a new age, I had a strange world of grief and I started screaming

and cursing all my brothers and myself saying, O father if we truly loved you all this Would not hugged, my father to my chest and cried out that I did not work as hard for you as you always did for me. My grief became so intense that I forgot why I was crying, because words like heavenly parents kept coming out of my lips. I do not know when I brought the Heavenly Father in my grief and I realize that the person I am hugging and crying is the Heavenly Father, in order to remove this wonder. I looked at my father's face and saw that it was really God who I had been holding in my arms for so long. I looked up impatiently at the sky and started crying loudly, I saw a golden light in the sky and the clouds of this light were like a whirlpool of fire in the earth and sky. In this whirlpool there was a strange cloud of distant sorrow which I could feel deeply and then that burning cloud of golden fire covered the sky to some extent and gradually became the face of the Heavenly Father.

# گولڈن نور میں خدا کا چہرہ بن گیا

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤️

چند روز قبل مجھے دیدار الٰہی ہوا، میں نماز کے بعد بستر پہ لیٹا ہی تھا کہ ایسا لگا کہ میری روح پاؤں کی طرف سے نکلنا چاہتی ہے، لیٹتے ہی نیند آ گئی، اور دیکھتا ہوں کہ میں ایک اندھیری دنیا میں پہنچ گیا ہوں، گہری رات کا سماں ہے اور میں اپنے مرحوم برادر 'ب' کی روح کیساتھ ایک گاڑی میں بیٹھا ہوں، رات اندھیری ہے اور میں اسے اس تاریک سڑک پہ گاڑی آہستہ چلانے کے لئے کہتا ہوں، چند لوگ سڑک کراس کر رہے تھے جو کہ خاصے اچھے لباس پہنے ہوئے تھے۔ میں نے اپنے بھائی سے کہا کہ گاڑی آہستہ کر لے ورنہ کسی کو چوٹ لگ سکتی ہے کیونکہ سڑک انتہائی تاریک اور کار کی روشنی خاصی تیز تھی۔ اس نے بڑی مہارت سے گاڑی آہستہ کی، باقی لوگ تو گزر گئے لیکن ایک بزرگ شخص جو آخر پہ سڑک کراس کر رہا تھا، وہ گاڑی سے ٹکرانے کے باعث گر گیا، میں نے اس بزرگ کو دیکھتے ہی پہچان لیا۔ وہ میرے مرحوم والد گرامی تھے، میں نے بھائی پہ افسوس کرتے ہوئے گاڑی سے اترا اور اپنے والد کو سنبھالا۔ وہ خوش لباس مگر نیم بیہوشی کہ حالت میں تھے، میں نے گلے لگا کر رونا شروع کر دیا۔ یوں لگا جیسے میں ماضی کے دور کو، ایک نئے دور میں دیکھ رہا تھا، مجھ پر غم کا عجیب عالم تھا اور میں چیخ چیخ کر اپنے تمام بھائوں اور خود کو بھی کوسنے لگا کہ اے باپ اگر ہم تجھ سے سچی محبت کرتے تو یہ سب نہ ہوتا۔ میں اپنے باپ کو اپنے سینے سے لگاے رو رو کے پکار رہا تھا کہ میں نے بھی تجھ سے وہ محبت

نہیں کی جتنی محبت تو نے ہمیشہ مجھ سے کی۔ میرے غم کی شدت ایسی گہری ہوتی گئی کہ مجھے یہ مکمل طور پہ بھول گیا کہ میں کس لے لئے رو رہا ہوں، کیوں کہ میری زبان سے بار بار "آسمانی والدین" جیسے الفاظ نکل رہے تھے۔ مجھے یہ خبر نہ رہی کہ میں اپنے غم میں کس وقت خدا کی ذات کو لے آیا تھا اور یہ احساس کر رہا ہوں کہ جس شخص کو میں گلے لگا کر رو رہا ہوں یہ خدا کی ذات ہے، اس تعجب کو دور کرنے کی غرض سے میں نے اپنے والد کے چہرے کیطرف نگاہ ڈالی تو وہ سچ میں خدا کی ذات تھی جسے میں اپنی باہوں میں لے کر کب سے رو رہا تھا۔ میں نے اور بے تابی سے آسمان کی طرف دیکھ کر اور زور سے رونا شروع کر دیا، دیکھتا ہوں کہ آسمان پر ایک گولڈن نور دیکھائی دیا اور اس نور کے بادل یوں تھے جیسے کوئی زمین و آسمان میں آگ کا بھنور ہو۔ اس بھنور میں ایک عجیب شدت غم کے بادل تھے جو میں گہرے طور پہ محسوس کر رہا تھا اور پھر وہ گولڈن آگ کا دھکتا ہوا بادل تاحد نگاہ آسمان پر چھا گیا اور آہستہ آہستہ حق تعالیٰ کا چہرہ بن گیا۔

# (95) A nostalgia and introduction to the previous life in the spirits world

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

It was night time, and I was finishing my prayers and getting ready for bed. I was translating Holiness Zahid khan's book conversation with God...... into Urdu for many hours these days. I fell asleep due to fatigue. Suddenly someone shook my bed, I was fast asleep but unconsciously I felt that there was someone in my room besides me. At the same time, someone shocked my leg, and called out my name with great intensity.

Donand!

Donand!

Donand!

Get up! As soon as I heard my name, I replied, good! And I got up. She was the voice of a white light creature, and with it their were other spirits. I could hear their voices. When I woke up long before bed. I woke up happily in the remembrance of God, then I looked at the image of the

Heavenly Father, and began to recite the words (O our heavenly parents, O heart of God) and continued this promise till then, until again. Sleep did not come (O my true parents, put your love in my heart), but while i was thinking and a thoughts came to my mind again and again, that my name is Athar, then this angel should call me by the name of Donand. Was? And not only that, but why did I answer as if it was my name? Then I remembered that I had lived countless lives in the worldly spirits of the spiritual worlds even before the physical life of this world. Which was shown to me in many previous spiritual observations, but I have not yet been called by the name of my past life. This was the first time.

# عالم ارواح کی زندگی سے ایک پرانی یاد اور تعارف

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

رات کا وقت تھا، اور میں نماز ختم کر کے سونے کی تیاری کر رہا تھا، میں ان دنوں کئی گھنٹوں تک، حضرت زاہدؑ کی کتاب ہمکلامیء خدا کی اردو ٹرانسلیشن کر رہا تھا، تھکاوٹ کے باعث لیٹتے ہی نیند آ گئی۔ اچانک کسی نے میرے بیڈ کو ہلایا، میں گہری نیند میں تھا مگر لاشعوری طور پر میں نے یہ محسوس کر لیا کہ میرے کمرے میں میرے علاوہ بھی کوئی موجود ہے۔ اسی اثنا میں پھر کسی نے میرے پیر کو ہلایا، اور بڑی ہی شدت سے میرا نام پکارا۔ دوںند۔ دو نند۔ دوںند! اٹھ جا! میں نے اپنا نام سنتے ہی جواب دیتے ہوئے کہا، اچھا! اور میں اٹھ گیا۔ وہ کسی سفید نور کی مخلوق کی آواز تھی، اور اس کے ہمراہ اور بھی ارواح تھیں۔ مجھے ان سب کی آوازیں بھی سنائی دے رہی تھیں۔ جب کہ میں نیند سے کافی دیر پہلے جاگ چکا تھا۔ میں خوشی سے اٹھ کر خدا کی یاد میں پھر سے محو گیا، حق تعالیٰ کی تصویر کی طرف دیکھا، اور ورد پڑھنا شروع کر دیا کہ ( اے ہمارے آسمانی والدین اے خدا کے دل) اور تب تک یہ دعا بھی کرتا رہا، جب تک دوبارہ نیند نہیں آ گئی کہ (اے میرے سچے والدین، میرے دل میں اپنی محبت بسا دے)، لیکن سوچتے سوچتے میرے من میں یہ خیال بار بار آیا، کہ میرا نام تو اطہر ہے، پھر یہ فرشتہ تو مجھے دوںند کے نام سے کیوں پکار رہا

تھا؟ اور یہی نہیں بلکہ میں نے ایسے جواب کیوں دیا جیسے دونند یہ میرا ہی نام ہو؟ پھر مجھے یاد آ گیا کہ میں اس جسم کی ظاہری زندگی سے پہلے بھی روحانی دنیاؤں کی عالم ارواح میں ان گنت زندگیاں جی چکا ہوں۔ جو پچھلے کئی روحانی مشاہدات میں مجھے دکھائی گئی تھیں، مگر ابھی تک مجھے میرے پچھلی روحانی زندگی کے کسی نام سے نہیں پکارا گیا تھا۔ اس بار یہ پہلی دفعہ تھا۔

# (96) A cloak of divine light

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One night after prayers I was just lying down when I immediately fell asleep. I saw that I was lying in the same room as in another room under a light sheet. This room was the same but the world was different. It was a dark world. Suddenly there was a heavy downpour, the rain was so heavy it rained inside my room with the same intensity, and it was no ordinary rain, it had finely chopped green fodder , Which we often put our livestock in the house. By the grace of God, I was covered with a blanket of light so that I did not get wet with the rain at all and was not affected in any way by the intensity of this rain. The first thought that came to my mind during the rain was that in this dark world, do I know anyone else here? Or is there any spirit that I can communicate and guide spiritually? Immediately I got spiritually connected with my own brother 'K'. He was also soaking in a rotten settlement of the same world, (let us say here that he is a very hardworking and responsible man of our family, and has been successful and serving in the love and loyalty of the family all his life so much so that, being a good-hearted man, as well as a devoted Muslim and a completely

devouted to aslam and he loves his prophet Muhammad blindly. I could do nothing to help him in that world, except to comfort his heart and in my heart I was saddened to see my brother who still loves me so much.
As I watched the whole scene from inside the blanket of light, so I realized that the intensity of the rain had decreased, I waited a little longer and heard the footsteps of some other people, who they were standing outside the right window of the room. I removed the light sheet from my face, and the rain debris that had fallen on the light sheet continued to move to one side. And I was completely dry and with a good warmth, I went to the window where I noticed the presence of some people, they were soaking wet in the rain, but instead of coming in they gave me a light bulb. They were showing me i Kidds toys made of Cotton, and their very beautiful clothes and very beautiful faces, were persuading me to open the window of this room for them, but I told them this or to put it another way, I didn't understand why they were trying to seduce me by showing me toys from the skylight instead of knocking on the window. I felt a little insecure from them so I didn't open the window for them. They tried to open the window using their love and strength, as soon as they pushed the window, my eye were opened. I pray that if I have hurt the hearts of these creatures in my spiritual journey, they will forgive me. And if their expectations

were anything other than God's love, let them consider it too.

# الٰہی نور کی چادر

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

ایک رات میں نماز کے بعد ابھی لیٹا ہی تھا کہ فوراً نیند آ گئی، دیکھتا ہوں کہ میں اپنے اسی کمرے جیسے کسی اور کمرے میں ایک نوری چادر کے نیچے سیدھا لیٹا ہوا ہوں، یہ کمرہ ویسا ہی تھا مگر دنیا کوئی اور تھی بلکہ کوئی اندھیری دنیا تھی۔ اچانک ایک بڑی زور دار طوفانی بارش ہونے لگی، بارش کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ یہی بارش میرے کمرے کے اندر بھی اسی شدت سے ہونے لگی، اور یہ کوئی عام بارش نہیں تھی، اس بارش میں باریک باریک کٹا ہوا سبز چارہ بھی شامل تھا، جو ہم اکثر گھروں میں اپنے مال مویشی کو ڈالتے ہیں۔ خدا کی عنایت سے میرے اوپر نور کی ایک چادر تھی جس وجہ سے میں بالکل نہیں بھیگا اور نہ ہی کسی طرح سے اس بارش کی شدت سے متاثر ہوا۔ بارش کے دوران میرے دل میں سب سے پہلے خیال آیا کہ اس اندھیری دنیا میں، کیا میں کسی اور شخص کو بھی جانتا ہوں؟ یا کہیں کوئی ایسی روح ہے جس کو میں روحانی طور پر رابطہ کر کے رہنمائی دے سکوں؟ فوراً ہی میرا روحانی رابطہ میرے اپنے ہی بھائی 'خ' سے ہوا۔ وہ بھی اسی دنیا کی ایک بوسیدہ سی بستی میں بھیگ رہا تھا، (یہاں یہ بتاتا چلوں کہ یہ ہمارے کنبے کا انتہائی محنتی اور ذمہ دار انسان ہے، اور پوری زندگی خاندان کی محبت اور وفاداری میں کامیاب اور خدمت گزار رہا ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ وہ ایک نیک دل انسان ہونے کیساتھ ساتھ ایک پکا مذہبی اور مکمل طور پر ایک کٹر مسلمان اور عاشق رسول محمد عربی ہے) میں اس دنیا میں اس کی

کوئی خاص مدد نہیں کر سکا، سوائے اس کے کہ اسکے دل کو تسلی دے سکوں۔ اور میرے دل میں بھی بڑی غم گساری کا سماں تھا کہ میں اپنے بھائی کو آج بھی جو مجھ سے بہت محبت کرتا ہے، اسے اس حالت میں دیکھتا رہا۔ جیسا کہ میں یہ سارا منظر اس نور کی چادر کے اندر سے دیکھ رہا تھا، لہذا مجھے یہ احساس ہوا کہ بارش کی شدت میں کمی ہوئی ہے، میں نے تھوڑی دیر اور انتظار کیا اور کچھ اور لوگوں کے پاؤں کی آہٹ سنی جو میرے اس کمرے کی دائیں کھڑکی کے باہر کھڑے تھے۔ میں نے نور کی چادر کو اپنے چہرے سے ہٹایا، اور بارش کا جو ملبہ نوری چادر کے اوپر گر چکا تھا، وہ ایک طرف جاتا رہا۔ اور میں پوری طرح سے خشک اور ایک اچھی حرارت کے ساتھ، اس کھڑکی کی طرف گیا جہاں سے مجھے کچھ لوگوں کی موجودگی کا احساس ہوا تھا، وہ لوگ بارش میں شدید بھیگے ہوئے تھے، لیکن اندر آنے کی بجائے وہ ایک روشن دان سے مجھے کپڑے کے بنے ہوئے نفیس کھلونے دکھا رہے تھے، اور ان کے بہت ہی خوب صورت لباس اور نہایت حسین چہرے، مجھے اس بات پر مائل کر رہے تھے کہ میں اس کمرے کی کھڑکی ان کے لئے کھول دوں، مگر میں ان کی یہ بات۔۔ یا یوں کہہ لیں کہ 'چال' سمجھ نہیں پایا کہ وہ کھڑکی پر دستک دینے کی بجائے روشندان سے کھلونے دکھا کر مجھے کیوں مائل کر رہے تھے، مجھے ان سے تھوڑا سا عدم تحفظ محسوس ہوا اس لئے میں نے ان کے لیے کھڑکی نہیں کھولی، جبکہ انہوں نے اپنی محبت اور طاقت کا استعمال کرتے ہوئے کھڑکی کو کھولنے کی کوشش کی، جیسے ہی انہوں نے کھڑکی کو دھکا لگایا، میری آنکھ کھل گئ۔ میں دعا گو ہوں کہ میرے اس روحانی سفر میں اگر

میں نے ان مخلوقات کے دل کو ٹھیس پہنچائی ہے تو وہ مجھے معاف کر دیں۔ اور اگر ان کی توقعات خدا کی محبت کے علاوہ کچھ اور تھیں تو وہ بھی ان پہ غور کریں۔

# (97) Dark worlds of the hells

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One night I passed through a very dark world, a very dark and long distance world. I stood in a world where the spirit needed millions of kilometers to reach another spirit. There was intense distance and loneliness, I searched for spirits for a long time but due to darkness and distance I could not find any spirit. I didn't even know where I was going. In that time I heard the voice of Holiness Zahid khan.

Athar!!!

hurry, hurry, hurry, hurry, hurry, hurry, hurry, hurry, hurry, hurry, hurry, hurry,

I have started walking fast, the very same time a train passand just behind me, I was saved by Holiness Zahid khan, i could have come under the train. I didn't see anything but realized that I was actually standing at a train station, where a few people were watching the train with cameras, but the state of darkness is getting deeper and deeper. One of the caretakers noticed my presence and started looking for me with a flashlight in his hand. I was

surprised that his flashlight did not have enough light to see even the lines of his other hand. What's more, when he approached me and I was addressing him again and again, he could not even hear my voice. Now I was standing right in front of him and I said, hello sir, I'm last ...

When he first looked at me, my eyes was immediately opened.

# جہنموں کے اندھیری دنیائیں

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

ایک رات میرا گزر ایک انتہائی اندھیرے جہان سے ہوا، یہ نہلیت تاریک اور طویل مسافت پہ مبنی جہان تھا۔ میں ایک ایسی دنیا میں کھڑا تھا جہاں روح کو دوسری روح تک پہنچنے کے لیے لاکھوں کلومیٹر فاصلہ درکار تھا۔ شدید دوری اور تنہائی تھی، میں ایک لمبا عرصہ تک ارواح کو ڈھونڈتا رہا مگر اندھیرے اور دوری کے باعث میں کسی روح کو تلاش نہ کر پایا۔ مجھے یہ بھی معلوم نہیں ہو رہا تھا کہ میں کس طرف سفر کر رہا ہوں۔ اتنے میں مجھے حضرت زاہدؒ کی آواز آئی، اطہر! جلدی-- جلدی-- جلدی چل--میں نے اندھیرے میں تیز تیز چلنا شروع کر دیا، ٹھیک اگلے ہی سیکنڈ ایک تیز رفتار ٹرین میرے پیچھے سے گزر گئی۔ مجھے احساس ہوا کہ اگر حضور کی آواز مجھے راہنمائی نہ کرتے تو میں اس ٹرین کے نیچے آ جاتا۔ مجھے کچھ بھی دکھائی نہ دیا مگر ایک احساس ہوا کہ میں دراصل ایک ٹرین اسٹیشن پہ کھڑا ہوں، جہاں پر کچھ چند لوگ خاص قسم کے کیمروں سے اس ٹرین سٹیشن پہ نگرانی کرتے ہیں، مگر اندھرے کی یہ حالت ہے کہ گھرے سے گہرا ہوتا جا رہا ہے، ان نگران لوگوں میں سے ایک نے میری موجودگی کو محسوس کیا اور ہاتھ میں ایک ٹارچ لئے مجھے ڈھونڈنے لگا، میں حیران ہو رہا تھا کہ اسکی ٹارچ میں اتنی روشنی بھی نہیں تھی کہ اپنے دوسرے ہاتھ کی لکیریں ہی دیکھ سکے۔ اس سے بڑھ کر یہ کہ جب وہ میرے قریب پہنچا اور میں بار بار اسے مخاطب کر رہا تھا تو اسے میری آواز بھی سنائی نہیں دے رہی تھی ۔ اب میں بلکل اسکے

سامنے کھڑا تھا اور میں نے کہا ، ہیلو سر، آئی ایم لاسٹ۔۔۔۔۔۔۔ جب اس نے میری طرف پہلی نظر دیکھا، فوراً ہی میری آنکھ کھل گئی۔

# (98) My Spiritual Journey in the Blue crystal Light

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One day after evening prayer, I lay down for a while to rest little. So i Word continued on the tongue

"O our heavenly parents, O heart of God" and I saw that within these circles and conditions of the golden light, innumerable worlds are inhabited, which are visible beyond the flames of light. I lay down to sleep and looked beyond the flames of light and enjoyed the countless beautiful views. A very beautiful world was seen in which palaces of innumerable colors, creatures, big shopping malls and beautiful people were seen. Many of them greeted me with joy and kept smiling for a long time. The people there seemed to be many times more elegant, happy and developed and beautiful than human beings. I have been observing this world for a long time, and when I was walking out of the door of a shopping mall, I saw a very beautiful girl entering the same shopping mall through the same door. We looked at each other at about the same time. Like she wanted to talk to me for a while, in a few moments our friendship deepened, after some

introductory talk she grabbed my hand and took me on a tour of many beautiful places, and told me more about this world. Her beauty was inhabited, I was very impressed with her boldness and closeness, she asked me if she can show me her house, I was even more exited, when we arrived at her house, I was amazed to see that every corner of her house And wherever I looked, there was some kind of artwork and paintings, I was looking at every wall of her whole house, now my eyes were on the same thing on every wall. Searching again and again, that was the painting of the Heavenly Father. When I asked her if there was a painting of the Heavenly Father in her house, the girl was surprised to hear this question, as if having a picture of God in her house was a new thing, but I was Welcome that I could stay in her house as long as if I wanted. When I became convinced that she could not tell me anything about the painting of God, I soon began to think of leaving this world, and so it happened, I saw a purple light moving forward. It was the color of light that was common to most of the colors of this world, the real search and thirst for my spirit in my spiritual journey, to find something's more about God, or a scene that led to God. To deepen my emotions, I saw a lot of things there, but there was nothing that could persuade me to stay in this world any longer. I took permission from this beautiful girl with great love and urgency and asked her if I can leave. She was ok with it.

Within a few moments I was back in my body and sat up in the flames, chanting the word of the Heavenly Father.

# نیلے کنج آسمانی نور میں میرا روحانی سفر

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

ایک دن شام کے وقت نماز عصر کے بعد، میں سستانے کی غرض سے کچھ دیر کے لئے لیٹ گیا، اس شام نماز کے دوران ہی میری نگاہوں میں خدا کا گولڈن اور نیلا نور دکھائی دے رہا تھا، اسی نور کی شدت کیساتھ میں آنکھیں بند کرکے لیٹ گیا۔ زبان پہ ورد جاری رہا( اے ہمارے آسمانی والدین اے خدا کی دل) اور دیکھتا ہوں کہ ان گولڈن نور کے دائروں اندر انگنت جہان نور کی لپٹوں کے پار دکھائی دے رہے ہیں۔ میں سونے کی غرض سے لیٹا اور ان نور کی لپٹوں کے اس پار دیکھتا رہا اور ان گنت خوبصورت نظاروں سے لطف اندور ہوتا رہا۔ ایک نہایت ہی حسین دنیا دکھائی دی جس میں انگنت رنگوں کے محل، مخلوقات، بڑے بڑے شاپنگ مالز اور حسین سے حسین تر لوگ دکھائی دے رہے تھے۔ ان میں سے کئیوں نے مجھے خوشی کیساتھ خوش آمدید بھی کیا اور کئی دور سے ہی مسکراتے رہے، وہاں کے لوگ انسانوں سے کئی گنا زیادہ نفیس، خوش اور ترقی یافتہ اور خوبصوت معلوم ہو رہے تھے۔ میں کافی دیر اس دنیا کا مشاہدہ کرتا رہا، اور جب ایک شاپنگ مال کے گھومتے ہوئے دروانے سے باہر نکل رہا تھا تو میں نے ایک بہت ہی خوبصورت لڑکی کو اسی دروازے سے اسی شاپنگ مال کے اندر داخل ہوتے ہوئے دیکھا۔ ہم نے تقریبا ایک ہی وقت پہ ایک دوسرے کیطرف دیکھا۔ یوں لگا کہ جیسے وہ مجھ سے کچھ دیر کیلئے بات کرنا چاہتی تھی، چند ہی لمحات میں ہماری دوستی بہت گہری ہو گئی، کچھ تعارفی باتیں کرنے کے بعد اس نے

میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے کئی خوبصورت مقامات کی سیر کروائی، اور بتایا کہ اس دنیا میں کیسی کیسی خوبصورتی آباد ہے، میں اسکی بے باکی اور قربت سے خاصہ متاثر تھا، اس نے مجھے اپنا گھر دکھانے کا کہا تو مجھے اور مسرت محسوس ہوئی، جب ہم اسکے گھر پہنچے تو میں یہ دیکھ کر بہت محذوز ہوا کہ اس کے گھر کے کسی بھی کونے اور جہاں جہاں بھی نگاہ پڑتی تھی، وہیں پہ کسی نہ کسی طرح کا آرٹ ورک اور رنگ سازی دکھائی دیتی تھی۔ میں اس کے پورے گھر کی ہر در و دیوار کو بڑے غور سے دیکھ رہا تھا، اب میری نگاہیں ہر دیوار پہ ایک ہی چیز کو بار بار ڈھونڈ رہی تھیں، وہ تھی حق تعالیٰ کی تصویر۔ جب میں نے اس سے یہ دریافت کیا کہ کیا تمہارے گھر میں کوئی حق تعالیٰ کی تصویر بھی موجود ہے، تو وہ لڑکی یہ سوال سن کر بہت حیران ہوئی، جیسے اس کے گھر میں خدا کی تصویر ہونا ایک نئی بات تھی، مگر مجھے اس نے اس بات سے خوش آمدید کہا کہ میں جب تک چاہوں اس کے گھر میں رہ سکتا ہوں۔ جب مجھے یقین ہو گیا کہ وہ مجھے خدا کی تصویر کے بارے میں کچھ نہیں بتا سکتی تو میں بہت جلد اس دنیا سے رخصت ہونے کا سوچنے لگا، اور ایسا ہی ہوا، میں نے ایک پرپل رنگ کی روشنی کو آگے آگے چلتے دیکھا۔ یہ روشنی کا وہ رنگ تھا جو اس دنیا کی اکثر رنگینیوں میں مشترک تھا، میرے اس روحانی سفر میں میری روح کی جو اصل تلاش اور پیاس تھی، وہ خدا کی ذات کا نشاں ڈھونڈنے کی تھی، یا کوئی ایسا منظر جو خدا کی طرف میرے دل کے جذبات کو مزید گہرا کردے، مجھے وہاں پر بہت کچھ دکھائی دیا لیکن ایسا کچھ نہیں تھا جو مجھے اس دنیا میں کچھ دیر مزید رک جانے کے لئے آمادہ کر سکے۔ میں نے اس حسین لڑکی سے بڑے ہی پیار اور اجلت سے اجازت لی اور جانے کیلئے کہا۔ چند ہی لمحوں

کے اندر میں واپس اپنے جسم میں تھا اور انہیں آگ کی لپٹوں میں حق تعالیٰ کا ورد کرتے ہوئے اٹھ بیٹھا۔

# (99) Old relationships, new age

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤
*May the peace of God be upon you*

In a spiritual observation I see that I was sitting in a house of my dear ones of the time and those who met my mother . In the village of 'K', it had become known that God had chosen me as his prophet, and I had promised to be with Holliness Zahid Khan, for the reign of God, till the last breath. All the people in the village were listening to the teachings of Messiah, the heart of God and treating me with great respect, but some people were still disliking me but because of their helplessness, they wanted to harm me, they did so but Couldn't because God was gracious and His light was with me, some people were trying to meet me but they were also being stopped and when I did mystery I was allowed to meet, everything had changed, their the attitude of the people too, many of them wanted to know God and many were completely disgusted. Suddenly a loved one named Abdul Sattar came to my room and met me with a smile the tooth was yours. I am returning to you saying this, he placed that tooth in my hand. I looked at this tooth carefully and it was the tooth on the right side of my mouth, still Shining brightly, I received that tooth and left after meeting some more

friends. I request to Holiness Zahid khan is requested to explain the meaning of this spiritual observation. thank you so much.

# پرانے رشتے نیا دور

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک روحانی مشاہدہ میں دیکھتا ہوں کہ میں اپنے دور کے عزیز اور میری والدہ ماجدہ کے ملنے والوں کے ایک گھر میں بیٹھا تھا، یہ وہ لوگ تھے جو کسی دور میں میرے ساتھ بڑی محبت رکھتے تھے اور بعد میں دوریوں کی نظر ہو گئے، ان کے گاؤں میں یہ مشہور ہو چکا تھا کہ مجھے خدا نے اپنا نبی چن لیا ہے، اور میں حضرت زاہدؑ کے ساتھ، خدا کی بادشاہت کے دور کیلئے، آخری سانس تک، مدد گار رہنے کا وعدہ کر چکا ہوں۔ سبھی گاؤں کے لوگ خدا کے دل مسیح الزماں کی تعلیمات سن رہے تھے اور مجھے بہت عزت سے پیش آ رہے تھے، لیکن چند لوگ اب بھی مجھے نا پسند کر رہے تھے مگر اپنی بے بسی کے باعث، مجھے نقصان پہنچانا چاہتے تھے، وہ ایسا نہیں کر سکے کیونکہ خدا کہ عنایت اور اسکا نور میرے ساتھ تھا، کچھ لوگ مجھ سے ملنے کی کوشش کر رہے تھے مگر انہیں روکا بھی جا رہا تھا اور جب میں نے اسرار کیا تو ملاقات کروا دی گئی، سب کچھ بدل چکا تھا، ان لوگوں کا رویہ بھی، ان میں سے کئی لوگ خدا کو جاننا چاہتے تھے اور کئی مکمل بے زار تھے، اچانک میرے کمرے میں عبدالستار نام کا عزیز آیا اور مسکر کر مجھے ملا، ملتے ہی اس نے مجھے ایک دانت کی پیشکش کی، اور کہا یہ دانت آپکا ہی تھا۔ میں آپکو لوٹا رہا ہوں۔ یہ کہہ کر وہ دانت اس نے میرے ہاتھ پہ رکھ دیا۔ میں نے اس دانت کو غور سے دیکھا تو وہ میرے ہی منہ کا دائیں طرف کا دانت تھا۔ جو شدید چمک رہا تھا، میں نے وہ دانت وصول کیا اور کچھ اور احباب

سے ملاقات کے بعد وہاں سے رخصت ہوا۔ حضور آپ سے درخواست ہے کہ اس روحانی مشاہدہ کی تعبیرو مفہوم بیان فرما دیں۔ بہت شکریہ

# (100) The Spinning World of Iron Rods

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One night I met Holiness Zahid khan in the spiritual world, I see that we were flying in a very high place, He showed me many creatures and wonders which are very difficult to describe in words. We passed through many worlds and cross such a high mountains and then the places that everything disappeared there and we traveled a lot even in this darkness. There we saw a 'planet' made of thick iron wires, larger than many suns. The house was spinning fast and all its wires were spinning in the same proportion, and there was a proper distance between each wire and the other wire. It was very impossible to pass through these millions and millions of kilometers long wires which were revolving all the time, from all sides. I asked, Holiness Zahid khan, how can I pass through this very large and innumerable revolving star planet?" He said, "Athar, you know that if you go straight, the path will be paved automatically. Saying this, the Holiness Zahid khan, departed from there, and I stepped inside this planet, this is such a whirlpool of stars." No one could

come out for millions of years. I could see everything was moving. I looked to the front and walked so that now even if these wires clung to me and tore me to pieces, I would keep my way straight. I walked fast and how long it took to go, I don't know, there were times when I felt like

"As if I all fell anytime"

پچھلے ہفتے میں میری حق تعالیٰ کی ذات سے، مختلف اوقات میں ، تین مرتبہ ملاقات ہوئی۔ کل رات بھی ایک روحانی مشاہدے میں، ہمارے سچے والدین سے میری پھر ملاقات ہوئی۔ یہ ایک عجیب و غریب دیواروں سے مزین دنیا تھی۔ ہر طرف سیاہ رنگت کی بڑی بڑی دیواریں کھڑی تھیں۔ جیسے اندھیرے کے لا متناہی خول ہوں۔ تب وہاں میرے علاوہ کوئی اور نہیں تھا۔ اچانک مجھے کسی نے آواز دی اور کہا انہیں دیواروں کے پیچھے خدا کی ذات کھڑی ہے۔ کیا تم اسے ملنا چاہتے ہو؟ میں نے فوراً کہا ہاں! اس آواز نے پھر کہا کہ اگر اس سے ملنا ہے تو یہ دیواریں گرانا پڑیں گی۔ میں نے کہا گرا دیتے ہیں، جیسے ہی میں نے زور لگایا اور شدت کے ساتھ دھکا دیا تو سب سے بڑی کالے رنگ کی دیوار میرے اوپر آ گری۔ اسکے گرنے سے دوسری ساری دیواریں بھی وہیں ڈھیر ہو گئیں اور ان کے نیچے میرا بھی کچھ نہیں بچا۔ کچھ دیر کیلئے شدید خاموشی اور کوئی سوچ اور یاد بھی باقی نہ رہی۔ اچانک مجھے ہوش آیا اور اس اندھیرے میں ایک نیلی روشنی ٹمٹمانے لگی۔ وہ روشنی پھیلتے پھیلتے میری روح کے گرد ایک چمکتا ہوا لباس بن گئی۔ (میں نے ویسے تو خدا کے نور کو ہزاروں بار دیکھا ہے لیکن اس نیلے نور کی شدت بہت زیادہ دلکش تھی جو میری روح کا حصہ بنتی جا رہی تھی)

یہ نور اس شدت سے بڑھتا جا رہا تھا کہ اسکی روشنی سے ارد گرد پھیلنے لگی، اس معاملے کے شروع ہوتے ہی سب سے پہلی سوچ جو میرے دل میں ابھری وہ یہ تھی کہ دیواریں گر جانے کے بعد خدا کی ذات کہاں ہے؟ دیکھا تو میرے دائیں طرف خدا کی ذات کھڑی مسکرا رہی تھی۔ میں بتا نہیں سکتا میرے دل کو کتنی خوشی ہوئی۔ میں سیدھا جا کے حق تعالیٰ کے گلے لگ گیا۔ پورے زور سے شوق سے انھیں گلے لگا کے رونے لگا۔ سچے والدین نے میری طرف دیکھا، پھر تبسم فرمایا اور میرے چہرے پہ کئی بار بوسے دئیے۔ میں نے حق تعالیٰ کے حضور اس ملاقات اور اس دلکش نور الٰہی کو میری روح میں عطا کردہ عنایت کا شکریہ ادا کیا اور پھر میں بہت دیر انکے نورانی چہرے کے بوسے لیتا رہا۔ خدا کی ذات ان گری ہوئی دیواروں کے اوپر کچھ دیر میرے ساتھ کھڑے رہے۔ حق تعالیٰ نے میری بے خوفی اور سیاہ دیواروں کے گرا دینے کی حوصلہ افزائی کی۔ ہمیشہ کیطرح میرا اس ملاقات سے دل نہیں بھرا تھا لیکن جیسے ہی میرے جذبات ٹھنڈے ہوے خدا کی ذات وہاں سے رخصت ہو گئی۔ جیسے ہی میری روح میرے جسم میں واپس آئی، ایک شدید تھکاوٹ اور جذبات کا غلبہ طاری ہوا، جیسے واقعی ہی میرا جسم کسی ملبے کے نیچے آیا ہو۔ مگر خوشی اتنی کہ حق تعالیٰ سے اس سہانی ملاقات کے بعد، صبح سے کتنی بار رو چکا ہوں، میں خود نہیں جانتا۔

# (114) The support of the Almight God

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One evening he was sitting in front of the image of the Almighty and was thinking deeply in the memory of God. Suddenly I got a call from Mr. Butt, we talked about his housing issues, I prayed from the bottom of my heart that it would happen that Mr. Butt would shift with me in the same room. After the call was disconnected, I sat in deep thought in front of the painting of the Almighty. Suddenly the thought came to Mr. Butt that I should pray to God about whether I (my landlord) should ask Tani B about it or not. Just now the thought was taking the form of prayer in my heart that the essence of God appeared from this painting and stood in front of me on the right side.

He looked at me and said in a hurry;

Yes, Athar, you should ask

The Almighty repeated this three times.

Immediately after that, the heavenly parents came from there.

I witnessed the incident in such an emergency that I got up from my chair in shock and began to dance with joy.

Happily, I saw the Almighty again today and it was confirmed that the true heavenly parents liked the fact that Mr. Butt should also come with me to the room where I saw Hazrat Zahid. By grace, the image of the Almighty was created and in this way we will be able to spread the whole of humanity together by receiving the light of divine knowledge in our souls.

# حق تعالیٰ کی تائید

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤️

ایک شام میں حق تعالیٰ کی تصویر کے سامنے بیٹھا ہوا تھا اور خدا کی یاد میں بہت گہرائی سے سوچ رہا تھا۔ کہ اچانک مجھے بٹ صاحب کی کال آئی، انکی رہائش کے مسائل پہ بات ہوئی، دل سے دعا نکلی کہ کاش کہیں ایسا ہو جاے کہ بٹ صاحب اسی کمرے میں میرے ساتھ شفٹ ہو جائیں۔ کال ڈسکنکٹ ہونے کے بعد میں پھر حق تعالیٰ کی پینٹنگ کے سامنے ایک گہری سوچ میں بیٹھ گیا۔ اچانک بٹ صاحب کے بارے میں خیال آیا کہ خدا کے حضور اس بارے میں دعا کروں کہ شائد مجھے ( اپنی لینڈ لارڈ ) تانی بی سے اس بارے میں پوچھنا چاہیے یا نہیں۔ ابھی یہ خیال میرے دل میں دعا کی صورت اختیار کر ہی رہا تھا کہ خدا کی ذات اسی پینٹنگ سے نمودار ہوئی اور میرے سامنے دائیں طرف کھڑی ہو گئی۔

میری طرف دیکھا اور اجلت میں فرمایا ؛

ہاں اطہر تمہیں پوچھ لینا چاہیے

یہی بات حق تعالیٰ نے تین مرتبہ دہرائی۔

اسکے فوراً بعد آسمانی والدین وہاں سے تشریف لے گئے۔

میں نے یہ ماجرہ اتنی ہنگامی حالت میں مشاہدہ کیا کہ میں اپنی کرسی سے چونک کے اٹھا اور خوشی سے ناچنے لگا،

خوشی اس بات کی کہ آج پھر حق تعالیٰ کا دیدار ہو گیا اور اس بات کی تائید بھی مل گئی کہ سچے آسمانی والدین نے اس بات کو پسند فرمایا کہ بٹ صاحب بھی میرے ساتھ اس کمرے میں آ کر رہیں جہاں میں نے حضرت زاہدؒ کی نگاہ کرم سے حق تعالیٰ کی تصویر بنائی تھی اور اس طرح ہم ایک ساتھ رہ کر معرفت الٰہی کی روشنی اپنی روحوں میں حاصل کرنے کیسارھ ساتھ پوری انسانیت کو بھی ایک ساتھ پھیلائیں سکیں گے۔

# (115) The book of Angels

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One night angels came to my room and took me with them to a spiritual world, which was full of knowledge and divine secres of God. I was not familiar with any knowledge of their world, we arrived at a teaching university. I was amazed to see the teaching and publication of these angels. Like a city of knowledge inhabited. Soon the angels brought a book to me and said, "Read it!" I tried but I couldn't read a word. I asked which book is this? He said, "This is the Qur'an." I was very surprised. The angels said again, "Read!" This time I tried and I could easily read this Qur'an in the language of angels. I kept reading this Qur'an and the astonishment deepened in my soul. I asked the angels, what kind of Qur'an is this?

I can't say what that Qur'an was like and it seems that the lines of this Qur'an were far beyond my comprehension. But I can say for sure that in this Qur'an such a rare and unique nature of the Heavenly Father was being told that humanity is not yet familiar with.

# فرشتوں کا کلام

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک رات فرشتے میرے کمرے میں آے اور مجھے اپنے ساتھ ایک روحانی دنیا میں لے گئے، یہ دنیا بہت اے علوم اور معرفت الٰہی سے بھرپور تھی۔ میں انکی دنیا کے کسی بھی علم سے آشنا نہ تھا ، ہم ایک دوس و تدریس کی یونیورسٹی میں پہنچے۔ میں ان فرشتوں کی تدریس و اشاعت کو دیکھ کر دنگ رہ گیا۔ جیسے علوم کا کوئی شہر آباد ہو۔ کچھ ہی دیر میں فرشتے میرے سامنے ایک کتاب لے آے اور کہا کہ پڑھو! میں نے کوشش کی لیکن میں ایک لفظ بھی نہ پڑھ پایا ۔ میں نے پوچھا یہ کونسی کتاب ہے؟ انھوں نے کہا یہ قرآن ہے۔ میں بہت حیران ہوا۔ فرشتوں نے پھر کہا پڑھو! اس بار میں نے کوشش کی اور میں باآسانی اس قرآن کو فرشتوں کی زبان میں پڑھ سکتا تھا۔ میں اس قرآن کو پڑھتا رہا اور حیرانگی میری روح پہ گہرائی کیساتھ چھاتی گئی۔ میں نے فرشتوں سے پوچھا، یہ کیسا قرآن ہے، انھوں نے کہا کہ فرشتوں کے پاس ایسے انگنت قرآن ہیں جو خدا کی معرفت الٰہی بیان کرتے ہیں۔

میں یہ تو نہیں بتا سکتا کہ وہ قرآن کیسا تھا اور یوں لگتا ہے کہ اس قرآن کی سطریں میری سمجھ بوجھ سے بہت بالا تر تھیں۔ مگر میں یہ ضرور بتا سکتا ہوں کہ اس قرآن میں حق تعالیٰ کی ایسی نایاب اور انوکھی فطرت کو بتایا جا رہا تھا جس سے انسانیت ابھی تک نہ آشنا ہے۔

# (116) God's thoughts, God's visit

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One afternoon while our member was sitting in Zahir Khan's shop and thinking about the Heavenly Father, I suddenly thought of one of our members who was fed up with his habit of unnecessary interference and euphoria in the affairs of the mission. I was scolded. I thought in my heart, O true parents, you know that I love everyone in this mission of Holiness Zahid khan, and especially Chatha Sahib, but I forbade him from interfering in the private lives of our other members. I have stopped, so that they are responsible for their own safety. If brother Chatha has been offended by my bitter words, I will apologize to him and I also apologize to you.

I was just thinking that a very deep and intense fragrance of the Heavenly Father surrounded me inside the same shop and I felt light hands on both my shoulders, I closed my eyes for a few moments. Do and observe this storm of divine love more deeply. In a few moments I realized that the Heavenly Father Himself was standing behind me and embracing me with His light. Every time I sniffed this fragrance in my breath, I started laughing out

loud that I would recite this beautiful observation to Holiness Zahid khan and brother Chatha together.

The God keeps an eye on our every thought, nothing is hidden from him.

# خدا کا خیال خدا کی آمد

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو❤

ایک روز دوپہر کے وقت میں ہمارے ممبر ظاہر خان کی شاپ پہ بیٹھا ہوا تھا اور حق تعالیٰ کے متعلق سوچ رہا تھا، اچانک مجھے ہمارے ایک ممبر کا خیال آیا جو مشن کے معاملات میں بار بار اپنی غیر ضروری مداخلت اور خوشگوئی کی عادت پہ بے زار مجھ سے ڈانٹ کھا چکے تھے۔ میں نے دل میں سوچا کہ اے سچے والدین تو جانتا ہے کہ میں حضرت زاہدؒ کے اس مشن کے ہر شخص کو بہت پیار کرتا ہوں، اور خاص طور پہ چٹھا صاحب کو بھی، مگر میں انہیں ہمارے دیگر ممبران کی نجی زندگیوں میں مداخلت سے بار بار روک چکا ہوں، تاکہ وہ اپنی حفاظت کے خود ذمہ دار رہیں۔ اگر میرے تلخ الفاظ سے چٹھا صاحب کی دل آزاری ہوئی ہو تو میں ان سے معذرت کروں گا اور تجھ سے بھی معافی مانگتا ہوں ۔

ابھی میں یہ سوچ ہی رہا تھا کہ حق تعالیٰ کی ایک بہت ہی گہری اور شدت کیساتھ خوشبو نے مجھے اسی شاپ کے اندر چاروں طرف سے گھیر لیا اور مجھے اپنے دونوں کندھوں پہ روشنی کے ہاتھ محسوس ہوے، میں نے چند لمحات کیلئے اپنی آنکھیں نبد کر لیں اور اس محبت الٰہی کے جذبات کے طوفان کو اور گہرائی سے مشاہدہ کیا۔ چند لمحات میں مجھے پتہ چل گیا کہ حق تعالیٰ کی ذات خود میرے پیچھے کھڑی ہے اور اپنے نور کے ہاتھوں سے مجھے گلے لگا رہی ہے۔ میں ہر بار کیطرح اس خوشبو کو اپنے سانسوں میں سمیٹتا ہوا کھلکھلا کر ہنسنے لگا کہ یہ خوش نما مشاہدہ میں حضرت زاہدؒ اور چٹھا صاحب کو ایک ساتھ سناؤں گا۔

خدا کی ذات ہماری ہر سوچ پہ اپنی نگاہ رکھتی ہے، اس ذات سے کچھ بھی پوشیدہ نہیں۔

# (117) A journey to a heart-rending and beautiful world

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

One night in one of my spiritual observations, I came across a very beautiful world of angels. As soon as I arrived in this world, I realized that I had arrived in such a civilized world for a specific purpose, but what my spirit was looking for was the Heavenly Father. In any case, I could not find God there. But I was impressed by the beauty of this world and the people there. As soon as I got inside a huge royal shopping mall, I saw that the creatures there were very beautiful and millions of times more civilized than the European countries. The people were so lively and sophisticated, every door and wall inside this shopping mall was as charming as any Las Vegas buildings. One of the great things about the people there was that if there was a divine thought in the heart and mind of a person in this world, then every bee in the whole world would know. Each person had a relationship with another person as if all the cells in a body gets connected to each other. I did this experiment in such a way that while I was searching for God there with divine thought, I saw

countless wonders, as soon as I saw a table in a very beautiful royal restaurant and because of the beauty of this table, as soon as I The mind moved me to think from worldly angles and I focused my desires on this beautiful table, everyone in this shopping mall immediately tooked at my thinking and hundreds of people turned to me and saw that What does this person think in the sensitive world, I immediately shook my head back and flew forward in this shopping mall. Surprisingly, I also remember the number on this table. Table No. 46

# ایک دل فریب اور حسین دنیا کا سفر

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک رات اپنے ایک روحانی مشاہدہ میں میرا گزر فرشتوں کی ایک نہایت حسین دنیا سے ہوا۔ مجھے اس دنیا میں پہنچتے ہی یہ اندازہ ہو چکا تھا کہ میں اس قدر مہذب دنیا میں کسی خاص مقصد کیلئے ہی پہنچا ہوں لیکن میری روح جس چیز کی تلاش میں تھی وہ حق تعالیٰ کی ذات تھی، بہرحال میں وہاں خدا سے تو نہیں مل سکا مگر مجھے اس دنیا کی خوبصورتی اور وہاں کے لوگوں نے خاصا متاثر کیا۔ جیسے ہی میں ایک بہت ہی بڑے شاہی شاپنگ مال کے اندر پہنچا، میں نے دیکھا کہ وہاں کی مخلوق انتہائی خوبصورت اور یورپین ممالک سے کروڑوں درجے مہذب تھی ۔ لوگ نہایت ہشاش بشاش اور نفیس تھے، اس شاپنگ مال کے اندر کی ہر در و دیوار کسی لاس ویگاس کی تعمیرات کی طرح دلکش تھے۔ وہاں کے لوگوں کی ایک بڑی خاص بات یہ تھی کہ اگر اس دنیا میں کسی شخص کے دل و دماغ میں غیر الٰہی سوچ آتی تو پوری دنیا کے ہر ہر مکیں کو پتا چل جاتا۔ ہر شخص کا دوسرے شخص سے ایسے واسطہ تھا کہ جیسے ایک جسم کے اندر تمام خلیے ایک دوسرے سے وابستہ ہوتے ہیں۔ میں نے یہ تجربہ اس طرح کیا کہ جب تک میں وہاں الٰہی فکر سے خدا کو ڈھونڈتا رہا مجھے انگنت عجائبات دیکھنے کو ملے، جیسے ہی ایک نہایت خوبصورت شاہی ریسٹورنٹ کی ایک ٹیبل پہ میری نظر پڑی اور اس ٹیبل کی خوبصورتی کے باعث جیسے ہی میرے دماغ نے مجھے دنیاوی زاویوں سے سوچنے کی طرف متاثر کیا اور میں نے اس خوبصورت ٹیبل پر اپنی خواہش مرکوز

کی، اس شاپنگ مال کے ہر شخص نے فوراً میری سوچ کو اخذ کر لیا اور سینکڑوں لوگوں نے تو میری طرف پلٹ کر دیکھا بھی کہ ایسی حساس دنیا میں یہ شخص کیسی سوچ رکھتا ہے، میں نے فوراً اپنا دماغ واپس جھٹکا اور اس شاپنگ مال میں اڑتا ہوا آگے سفر کر گیا۔ میرے لئیے حیرانگی کی بات ہے کہ مجھے اس ٹیبل کا نمبر بھی یاد ہے۔ ٹیبل نمبر 46۔

# (118) A journey into a spiritual world of Muslim spirits

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤
*May the peace of God be upon you*

During a spiritual journey I went through a religious world that was very beautiful, developed but under the control of angels. It was a world of Muslim spirits where most people relied on angels for their spiritual growth. I passed by a very large and royal mosque there which was full of Muslim worshipers. There were a few members I recognized. Among them was our member Mr. Zahir Khan. Along with his other friends, he was also seen performing prayers and worship. All of them repeatedly asked me to pray with them, but I avoided them all the time and focused on getting out of this world as soon as possible. Which is not even visible to the worshipers of these mosques. They also stopped me several times but I came out in the middle of their ranks during the prayers of these Muslims. Then I think that these Muslim worshipers are victims of this religious attitude of their own free will, otherwise if I have come out by tearing their pages, anyone can come out.

# مسلمان ارواح کی ایک روحانی دنیا کا سفر

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک روحانی سفر کے دوران میں ایک مذہبی دنیا سے گزرا جو کہ بہت خوبصورت، ترقی یافتہ مگر فرشتوں کے تسلط میں تھی۔ یہ مسلمان اروح کی دنیا تھی جہاں اکثر لوگ اپنی روحانی ترقی کیلئے فرشتوں پہ انحصار کرتے تھے۔ میرا گزر وہاں کی ایک بہت ہی بڑی اور شاہی مسجد سے ہوا جو مسلمان نمازیوں سے بھری ہوئی تھی۔ وہاں چند ممبران کو میں پہچان گیا تھا۔ ان میں ہمارے ظاہر خان صاحب بھی تھے، اپنے دیگر دوستوں کے ہمراہ وہ بھی نوافل اور عبادات کرتے دکھائی دیئے۔ مجھے ان سب نے بار بار اسرار کیا کہ میں انکے ساتھ نماز پڑھوں مگر میں نے اہر بار ٹال۔دیا اور اس بات پہ توجہ دی کہ اس دنیا سے جتنی جلدی ہو سکے نکلا۔جاے، اس کشمکش میں میرا سامنا اس دنیا کی دیگر مخلوقات سے بھی ہوا، جو ان مساجد کے نمازیوں کو بھی دکھائی نہیں دیتیں۔ انہوں نے بھی کئی بار مجھے روکا مگر میں ان مسلمانوں کی نماز کے دوران ہی انکی صفوں کے بیچوبیچ باہر آپہنچا۔ تب مجھے یہ خیال کہ یہ مسلمان نمازی حضرات اپنی مرضی سے اس مذہبی رویوں کے شکار ہیں، ورنہ اگر میں انکی صفحیں چیر کر باہر آپہنچا ہوں تو کوئی بھی نکل سکتا ہے۔

# (119) Fountains of clouds of golden light

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

During a spiritual journey, I passed through a strange magical world where our Mr. B and his two little girls and the mother of these girls were playing in front of a huge building. The children were very happy to see me coming. The mother of the children left for work. Mr. B and his two daughters came to the roof of this huge building. The sky was as bright as clouds of light as if these clouds would carry us along. We all played and jumped with the children in these magical clouds for a long time. Suddenly a golden cloud came and called me to it. I started flying with this cloud. In the same way we all started flying with our own clouds, we passed through the paths of these clouds through very clear springs, I drank water from these springs and then shook the two girls, then to Mr. B.

At the same time, I poured the same water on their heads in turn, which made us all feel very happy and pleasant. It was such a journey that within the clouds of light there was an electric energy of intense love working

which was deepening and stimulating them more and more.

# گولڈن نور کے بادلوں کے چشمے

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک روحانی سفر کے دوران میں ایک عجین و غریب طلسماتی دنیا سے گزرا جہاں ہمارے ربٹ صاحب، انکی دو ننھی ننھی سی بچیاں اور ان بچیوں کی والدہ ایک بہت بڑی بلڈنگ کے سامنے کھیل کود میں مصروف تھے۔ انہوں نے خود مجھے آتا ہوا دیکھ کر بچے کافی خوش ہوے، بچوں کی والدہ کسی کام سے چلی گئیں، میں بٹ صاحب اور انکی دونوں بیٹیاں اس بہت بڑی بلڈنگ کی چھت پہ آ گئے۔ آسمان ایسے نور کے بادلوں سے روشن تھا کہ جیسے یہ بادل ہمیں ساتھ ہی لے اڑیں گے۔ ہم سب ان جادوئی بادلوں میں بچوں کے ہمراہ بہت دیر کھیلتے کودتے رہے۔ اچانک ایک گولڈن رنگت کا بادل آیا اور اس نے مجھے اپنی طرف بلایا۔ میں اس بادل کے ساتھ اڑنے لگا۔ اسی طرح ہم سبھی اپنے اپنے بادلوں کیساتھ اڑنے لگے، ہم ان بادلوں کے رستے نہایت شفاف چشموں سے گزرے، میں نے ان چشموں سے پانی پیا اور اسکے بعد دونوں بچیوں کو پلایا، اسکے بعد بٹ صاحب کو۔

ساتھ ساتھ اسی پانی کو باری باری میں نے انکے سروں پہ بھی بہایا، جس سے ہم سبکو بہت فرحت اور دلکو قرار محسوس ہوا۔ یہ سفر تو اتنا ہی تھا ان روشنی کے بادلوں کے اندر کوئی شدید محبت کا برقی توانائی کام کر رہی تھی جو انہیں زیادہ سے زیادہ گہرا اور محرک کر رہی تھی۔

# (120) The water of divine knowledge

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

During a spiritual journey I went through a very difficult and long journey to reach the one train who was taking me to my last station, I was in great danger from many religious spirits in this world so I took a secret train seat. Rode on  I checked again and again on the way but I narrowly escaped.  When I reached the last stop, an angel found me in human form and gave me a glass of water, looking at my obstruction. I drank half of the water and kept half.  When the angel asked, I told him that I have two other companions, Mr. B and Mr. Z, I will give it to them in half a glass.  The angel secretly asked to drank the remaining half a glass of water.

I refused and asked what was so special about this water, the angels said it was the pure water of life.

# معرفت الٰہی کا پانی

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک روحانی سفر کے دوران میں ایک انتہائی کٹھن اور لمبے سفر سے گزرتا ہوا ایک ترین تک پہنچا جو مجھے اپنے ساتھ آخری اسٹیشنتک لے جا رہی تھی، مجھے اس دنیا میں کئی طرح کی مذہبی ارواح سے شدید خطرہ تھا اس لئے میں ٹرین کی خفیہ سیٹ پہ سوار ہو گیا۔ راستہ میں بار بار چیکنگ ہوئی مگر میں بال بال بچ گیا۔ جب میں آخری اسٹاپ پہ پہنچا تو ایک فرشتہ مجھے انسانی روپ میں ملا اور میری رکاوٹ کی طرف دیکھتے ہوے مجھے پانی کا گلاس دیا، میں نے آدھا پانی پی لیا اور آدھا رکھ لیا۔ فرشتہ نے پوچھا تو میں نے بتا دیا کہ میرے دو اور ساتھی ہیں، بٹ صاحب اور ظاہر صاحب، یہ آدھا گلاس میں انکو دوں گا۔ فرشتہ نے اسرار کیا کہ یہ باقی کا آدھا گلاس پانی بھی پی لو،

میں انکار کر دیا اور پوچھا کہ اس پانی میں کیا خاص بات ہے، فرشتے۔نے بتایا کہ یہ آب حیات ہے۔

# (121) Divine love of God brings every creation closer

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

During a spiritual journey, I met a friend of mine. He greeted me warmly and, referring to his friendship, took me to his ancestral home and kindly asked me to follow him again and again. As soon as I got close to his house, he left all the dangerous dogs to me. Those wild dogs were very bloodthirsty and strangely conservative. I realized that this was my friend's real attempt to kill me with these wild dogs. As those bloodthirsty dogs came to me, I began to caress them with the same love. Their big mouths, which were open to bite me, licked me with their tongues with the same intensity, and began to express their loyalty, and in a short time all those wild dogs became my loyal friends.

# محبت الٰہی ہر مخلوق کو اپنا بنا دیتی ہے

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک روحانی سفر کے دوران میں اپنے ایک لنگوٹیا دوست س سے ملا۔ وہ مجھے بہت پر تپاک انداز سے ملا اور اپنی دوستی کا واسطہ دیتے ہوئے اپنے آبائی گھر کی طرف لے گیا اور مجھے بڑے دلفریب انداز سے بار بار اسکے پیچھے چلتے آنے کو کہا۔ جیسے ہی میں ا ا کے گھر کے قریب پہنچا اس نے نہت سارے خطر ناک کتوں کو میری طرف چھوڑ دیا، وہ جنگلی کتے نہایت خونخوار اور عجیب و غریب قدامت کے تھے۔ میں سمجھ گیا کہ یہ میرے دوست س کی اصل کوشش تھی کہ۔مجھے ان جنگلی کتوں سے مروا ڈالے۔ جیسے جیسے وہ خونخوار کتے میرے پاس آتے گئے، میں ان کو اتنے ہی پیار سے پچکارنے لگا۔ انکے بڑے بڑے منہ جو مجھے کاٹنے کےلۓ کھلے ہوئے تھے، وہ اتنی ہی شدت سے مجھے اپنی زبانوں۔سے چاٹنے لگے، اور اپنی وفاداری کا اظہار کرنے لگے، تھوڑی ہی دیر میں وہ سارے کے سارے جنگلی کتے میرے وفادار دوست بن گئے ۔

# (122) The snake died as soon as it bit

*Dear Holiness Zahid Khan* ❤️
*May the peace of God be upon you*

Last night, in a spiritual observation, I went through a strange and terrifying world. I was standing on the doorstep of a simple house and I felt like something was following me. I was so scared, I soon recognized it was a ten foot long black snake that was biting everyone around and was now following me to leave or escape. I saved myself so much that somehow that snake stopped chasing me. Eventually the snake surrounded me on all sides and stung me hard on my right foot. As soon as I was stung, the snake's mouth turned into a piece of paper and it became lifeless. When I looked at my feet, I did not even have the bite mark of this snake on my feet. I thanked the Heavenly Father that his divine light was with me which saved me from the dangerous blow of this poisonous snake.

# سانپ کاٹتے ہی بے جان ہو گیا

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

کل رات ایک روحانی۔ مشاہدہ میں میرا گزر ایک عجیب خوفناک دنیا سے ہوا۔ میں ایک سادہ سے گھر کی دہلیز میں کھڑا تھا اور مجھے یوں لگا کہ کوئی چیز میرا پیچھا کر رہی ہے۔ مجھے کافی خوف محسوس ہوا، میں نے جلد ہی پہچان لیا یہ ایک دس فٹ لمبا کالا ناگ تھا جو ہر کسی کو کاٹ رہا تھا اور اب میرے تعقب میں تھا۔ میں نے خود کو بہت بچایا کہ کسی طرح وہ سانپ میرا پیچھا کرنا چھوڑ دے۔ آخر کار اس سانپ نے مجھے ہر طرف سے گھیر لیا اور میرے دائیں پاؤں پہ زور دار ڈنک مارا۔ مجھے ڈنک مارتے ہی اس سانپ کا منہ ایک کاغذ کا بن گیا اور وہ بے جان سا ہونے لگا۔ جب میں نے اپنے پاؤں کو دیکھا تو میرے پاؤں پہ اس سانپ کے ڈنک کاٹے کا نشان تک نہ تھا۔ میں نے حق تعالیٰ کا شکر ادا کیا کہ اس کا نور الٰہی میرے ساتھ تھا جس کے باعث میں اس زہریلے ناگ کے خطرناک وار سے بچ گیا۔

# (123) Citizenship of God's New World

*Dear Holiness Zahid khan*
*May God's peace be upon you*

Last night the angels took me to a very beautiful world. This world was a new kind of world, like when we build a new house, everything in it looks brand new. The angels said that this is God's new world and God's sons and daughters will live here. When I asked them to meet me, I was amazed at their quantity. God's sons and daughters were innumerable and every where.

The angels first brought me out of a building where all these sons and daughters were gathered. It looked like an ID card office. It was a very long queue starting with me. The angels said that those who arrived, will get the citizenship card of this new world.

In the meantime, a very beautiful but fair-skinned girl came and stood with me in the queue. I replied her with a smile to stand in line.

The angels started taking old ID cards. First my old ID card was taken, and my old name was cut out and my new

name was written there. As soon as I read it, my spirit became intoxicated with tears.

My new name was replaced by "Son of God" and "Citizenship of God's Heart".

My emotions were suddenly hurting me. The angels entered new data on the new identity card and this matter happened to all spirits. We also visited many new places in this world.

That girl stayed with me and in many places she took care of me. Because with every step, there was a new season of divine mystic moments, from which I was drowning in the love of the Heavenly Father very deeply.

Now we all had our own ID cards and with the help of this card we could buy every rip in the world, it would take us inside a huge shopping mall that looks like a European or American style shopping mall. Millions of times more advanced and majestic. After a variety of purchases, when we all went to pay for items on our new ID cards, I was standing in the front row as usual and the counter was wondering how to pay only with ID cards? Because the account associated with this card is empty. I was just about to reach out and swap my ID card into the machine then a person reached out and swiped his card and went to the other side of the counter and stood. It was none other than the Heavenly Father Himself. I was overjoyed

and I smiled at the girl standing next to me and asked her to put her belongings with me because it is our heavenly parents who have paid. This girl looked at me with very humble eyes and explained to me with her eyes that the Almighty has paid for all the sons and daughters who have come in this long queue. Don't worry about me, pay attention to God.

The Almighty looked at us all and said:

You are all my sons and daughters and this new world is mine.  Welcome to this new world.

Remember!  You are all mine and I am yours, all those are mine and only mine, everything belongs to them.

Take whatever you like in this new world, aslong you are mine, every blessing of this new world is yours.

We all walked slowly in this line and God stood behind this counter praying and blessing us.

I wish I could tell my earthly brothers and sisters how intense the season of love and its depth was in this new world of God. With every breath I take, I am thankful to Holiness Zahid khan that thanks to him, I, and all humanity, have been blessed with a new ideal world of God.

# خدا کی نئی دنیا کی شہرت

حضور آپ پہ حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

کل رات فرشتے مجھے ایک نہایت خوبصورت دنیا میں لے گئے۔ یہ دنیا ایک نئی طرز کی دنیا تھی، جیسے ہم کوئی نیا گھر تعمیر کرتے ہیں تو اسکی ہر چیز بلکل نئی دکھائی دیتی ہے۔ فرشتوں نے بتایا کہ یہ خدا کی نئی دنیا ہے اور یہاں خدا کے بیٹا بیٹیاں رہیں گے۔ میں ان کو ملنے کے لیئے پوچھا تو میں ان کی تعداد دیکھ کر حیران رہ گیا۔ خدا کے بیٹا بیٹیاں انگنت تھے۔

فرشتے سب سے پہلے مجھے ایک بلڈنگ کے باہر لے آے جہاں ان سب بیٹا بیٹیوں کو اکٹھا کیا گیا۔ دیکھنے میں یہ ایک آی ڈی کارڈ آفس تھا۔ یہ ایک انتہائی لمبی قطار تھی جو مجھ سے شروع ہو رہی تھی۔ فرشتوں نے بتایا کہ تم آنے والوں کو اس نئی دنیا کی شہرت کا کارڈ ملے گا۔

اتنی دیر میں ایک نہایت خوبصورت مگر سانولے رنگ کی لڑکی میرے ساتھ آ کر کھڑی ہو گئی۔ میں نے اسے قطار میں ساتھ کھڑا رہنے کیلیئے مسکراہٹ سے جواب دیا۔

فرشتوں نے پرانے آی ڈی کارڈ لینے شروع کر دیئے۔ سب سے پہلے میرا پرانا آی ڈی کارڈ لیا گیا، اور میرا پرانا نام کاٹ کر وہاں پہ میرا نیا نام لکھا گیا۔ جسے پڑھتے ہی میری روح آنسوؤں سے شرابور ہو گئی۔ میرے نئے نام کی جگہ پہ لکھا'' خدا کا بیٹا'' اور ''شہرت خدا کا

دل" اچانک سے میرے جذبات مجھے گھائل کرتے جاے رہے تھے۔ فرشتوں نے نئے شناختی کارڈ پہ نئے کوائف درج کر دیئے اور یہ معاملہ سبھی ارواح کے ساتھ پیش آیا۔ ہم اس دنیا کی کئی اور نئے مقامات پہ بھی گئے۔

وہ لڑکی بھی میرے ساتھ ساتھ رہی اور کافی مقامات پہ اس نے مجھے سمبھالا بھی۔ کیوں کہ ہر اگلے قدم پہ خدا کی معرفت الٰہی کا ایک نیا ہی موسم ہوتا، جس سے میں حق تعالیٰ کی محبت میں ڈوبتا جا رہا تھا۔

اب ہم سب کے پاس اپنے اپنے آی ڈی کارڈ موجود تھے اور ہم اس کارڈ کی مدد سے اس دنیا کی ہر چیر خرید سکتے تھے، ہمیں ایک بہت بڑے شاپنگ مال کے اندر لے جایا گی جو دیکھنے میں یوپپین یا امریکن طرز کے شاپمگ مالز سے کروڑوں گنا زیادہ ایڈوانس اور شاہانہ تھا۔ مختلف اقسام کی خریداری کے بعد جب ہم سب اپنے نئے کارڈز پہ اشیاء کی ادائیگی کرنے گئیے تو ہمیشہ کی طرح میں قطار میں سب سے آگے کھڑا تھا اور کاؤنٹر یہ کھڑا سوچ رہا تھا کہ صرف آڈی کارڈ پہ کیسے ادائیگی ہو گی، کیونکہ اس کارڈ کے ساتھ منسلک اکاونٹ تو خالی ہے۔ میں ابھی ہاتھ بڑھا کر اپنا آء ڈی کارڈ مشین میں سواپ کرنے ہی لگا تھا کہ ایک شخص نے اپنا کارڈ آگے بڑھا کر سوائپ کر دیا۔ اور کاونٹر کی دوسری طرف جا کر کھڑا ہو گیا۔ یہ کوئی اور نہیں بلکہ حق تعالیٰ کی ذات خود تھی۔ میری خوشی کی انتہا نہ رہی اور میں نے اپنے ساتھ کھڑی لڑکی سے بھی مسکراتے ہوے کہا کہ وہ بھی اپنا سامان میرے سامان کیساتھ رکھ دے کیونکہ یہ ہمارا آسمانی والدین ہے جس نے ادائیگی کر دی ہے۔

اس لڑکی نے بڑے ہی شائستہ اور جھکی ہوئی نگاہیں اٹھاتے ہوے میری طرف دیکھا اور آنکھوں سے ہی مجھے سمجھا دیا کہ حق تعالیٰ نے اس لمبی قطار میں آے ہوئے تمام بیٹے بیٹیوں کی ادائیگی کر دی ہے، تم میری فکر مت کرو خدا کیطرف دھیان دو۔

حق تعالیٰ نے ہم سب کیطرف دیکھا اور فرمایا،

تم سب میرے بیٹے بیٹیاں ہو اور یہ دنیا میری ہے۔ اس نئ دنیا میں تمہارا خوش آمدید ہے۔

یاد رکھو! تم سب صرف میرے ہو اور میں تم سب کا اپنا ہوں، جو میرا ہے اور صرف میرا ہے، میرا سب کچھ اسکا ہے۔

اس نئ دنیا میں جو کچھ تمہیں پسند ہو لے لو، جو تم میرے ہو تو اس نئ دنیا کی ہر نعمت تمہاری ہے۔

ہم اس قطار میں سب کے سب آہستہ آہستہ چلتے گئے اور خدا کی ذات اس کاؤنٹر کے پیچھے کھڑی ہمیں دعائیں اور نوازشات کرتی رہی۔

کاش میں اپنے بہن بھائیوں کو بتا سکوں کہ خدا کی اس نئی دنیا میں محبت کا موسم اور اسکی گہرائی کتنی شدید تھی۔ میں اپنی ہر سانس کے ساتھ حضرت زاہدؒ کا شکر گزار ہوں کہ ان کی بدولت مجھے بلکہ ساری انسانیت کو خدا کی نئی مثالی دنیا کا دور نصیب ہوا ۔

# (124) A long journey to the promised land

*Dear Holiness Zahid khan*
*May God's peace be upon you*

One night i have passed through an advanced spiritual world, with huge rivers and fast moving trains everywhere. People had traveled long distances, most of them wanting to travel to European countries. I tried hard but I couldn't find the trail that would make my journey faster. So I started walking. And walked along a flowing river. After a while an expensive car came to me and stopped. Brother Syed Mulud was riding in this car. They invited me to get in the car to take me to the next train to Germany. This was a very rare type of comfort vehicle. few things we spoke during the trip and he dropped me off at a nearby place from where I could get a train. It was a very quiet area and there was no traffic. Syed Sahib dropped me off there and left. I waited on this platform for a very long time but no train came. I started walking again and after a long journey

I boarded the train that could take me to Germany.

# وعدے کی سرزمین کیطرف لمبا سفر

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک رات میں عالم ارواح کی ایک ایڈوانس دنیا سے گزرا، ہر طرف بڑے بڑے دریا اور تیز چلنے والی ٹرینیں دکھائی دیتی تھیں۔ لوگ بہت لمبی لمبی مسافتیں طے کر کے وہاں آئے تھے، ان میں سے اکثر و بیشتر یورپین ممالک کی طرف سفر کرنا چاہتے تھے۔ میں نے کافی کوشش کی لیکن مجھے وہ ٹریل نہیں ملی جس سے میں اپنا سفر جلدی کر لیتا۔ لہذا میں نے پیدل چلنا شروع کر دیا۔ اور ایک بہتے ہوئے دریا کے ساتھ ساتھ چلتا رہا۔ تھوڑی دیر کے بعد ایک قیمتی گاڑی میرے پاس آ کر رک گئی۔ اس گاڑی پہ برادر سید مولود صاحب سوار تھے۔ انہوں نے گاڑی کے اندر سوار ہونے کی دعوت دی تاکہ مجھے اس ٹرین تک پہنچا سکیں جو مجھے اگلی جرمنی لے جائے۔ یہ بہت ہی نایاب قسم کی آرام دے گاڑی کی۔ سفر کے دوران چند باتیں ہوئیں اور انہوں نے مجھے ایک قریبی مقام پر اتار دیا یہاں سے میں ایک ٹرین حاصل کر سکتا تھا۔ یہ ایک نہایت خاموش ترین علاقہ تھا اور کوئی آمدورفت نہ تھی۔ سید صاحب مجھے وہیں اتار کے رخصت ہو گئے۔ میں کافی دیر اس پلیٹ فارم پر انتظار کرتا رہا لیکن کوئی ٹرین نہ آئی۔ میں نے پھر پیدل سفر کرنا شروع کر دیا اور ایک لمبے سفر کے بعد اس ٹرین میں سوار ہو گیا جو مجھے جرمنی لے کر جا سکتی تھی۔

# (125) Confused People of religions

*Dear Holiness Zahid khan*
*May God's peace be upon you*

During a spiritual journey, I met brother Syed Maulood. He said that he was going to visit Mr. Abdul gaffar Jamba , and was going to give him the message of Messiah Zahid khan, would I like to go with him? I happily agreed to go along and it was decided that I would invite Jamba to the teachings of Holiness Zahid khan and brother Syed Maulood would inform him of other spiritual facts.

We left and were standing outside his house shortly after. Mr. Jamba opened the door and invited us both to house and took us to the drawing room and seated us on white couches. He later sat down on the same couch.

I invited Mr. Jumba to the new divine teachings of the Messenger of God, the heart of God, the Messiah and the Adam of the new age, Holiness Zahid khan, an Syed Maulood Sahib spoke to him about the present state of his spirit.

Mr .Jamba listened to all our conversations and as usual got entangled in the verses of the Quran. The more he tried, the more he became confused.

At the end of the meeting, he became so entangled in the verses of the Quran that he admitted with his full support that he did not want anything outside the Quran.

However, he himself had realized that he was further entangled in the verses of the Quran.

# مذاہب میں الجھے لوگ

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک روحانی سفر کے دوران میری ملاقات سید مولودی صاحب سے ہوئی۔ انھوں نے بتایا کہ وہ جناب جمبہ صاحب کی طرف روانہ ہیں، اور انہیں مسیح الزماں حضرت زاہدؑ کا پیغام دینے جا رہے ہیں، کیا میں ان کے ساتھ چلنا پسند کروں گا؟ میں نے خوشی سے ساتھ چلنے کا اظہار کیا اور طے یہ ہوا کہ میں جنبہ صاحب کو حضرت زاہدؑ کی تعلیمات کی دعوت دوں گا اور سید مولود صاحب انہیں دیگر روحانی حقائق سے آگاہ کریں گے۔

ہم روانہ ہوئے اور تھوڑی دیر بعد ہی ان کے گھر کے باہر کھڑے تھے۔ جنبہ صاحب نے دروازہ کھولا اور ہم دونوں کو مہمان خانہ میں آنے کی دعوت دی۔ جنبہ صاحب ہمیں ڈرائنگ روم میں لے گئے اور سفید رنگ کے صوفوں پر بٹھا دیا۔ بعد میں ویسے ہی ایک صوفہ پر وہ خود بھی بیٹھ گئے۔

میں نے محترم جنبہ صاحب کو پیغمبر خدا ،اللہ کے دل، مسیح الزماں اور آج کے دور کے نئے آدم حضرت زاہدؑ کی نئی الٰہی تعلیمات کی دعوت دی، اور انکی سید مولود صاحب نے انہیں انکی روح کی موجودہ حالت پہ اظہار خیال کیا۔

جنبہ صاحب نے ہماری تمام تر گفتگو سنی اور ہمیشہ کی طرح قرآن کی آیات میں الجھ گئے۔ جتنا جتنا وہ زیادہ کوشش کرتے

اتنے ہی وہ مزید الجھتے جاتے۔

اس ملاقات کے اختتام پر وہ اتنے قرآن کی آیات میں الجھ لے کہ انہوں نے اپنی پوری تائید سے یہ اعتراف کر لیا کہ انہیں قرآن سے باہر کوئی چیز نہیں چاہیے۔

جبکہ انہیں قرآن کی آیات میں مزید الجھ جانے کا خود بھی احساس ہو چکا تھا۔

# (126) Green Light Creations

*Dear Holiness Zahid khan*
*May God's peace be upon you*

In one of my spiritual journeys, the Heavenly Father showed me a scene from a time when creations were being made with green lights. May God grant me the ability to open the meanings of my deep spiritual observations, like our Messiah Holiness Zahid khan, to whom I face many complications while giving words.

In this spiritual observation, God has also showed me the light from which he created my spirit. And he also let me travel to the time when the Heavenly Father lived in darkness alone. As soon as I reached this dark eternities with the light of God, everything disappeared, complete silence and dark eternity remained. He appeared to me like a four- or five-year-old boy, with short hair and bright blue eyes. I could see a glimpse of the Heavenly Father and his face for only a few moments, his blue shining eyes were shining even in the darkness, when that child looked at me and smiled, in an instant my spirit, The house has gone from this past to another.

As I have stated, I have been through many places and observations, the facts and statements of which I am still not acquainted.  I pray to God to guide me further through his heart Holiness Zahid khan.  As Holiness Zahid khan allways gives spiritual guidance from his heart and spirit even today.

# سبز نوروں کی تخلیقات

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

میرے ایک روحانی سفر میں حق تعالیٰ نے مجھے ایسے دور کا منظر دکھایا جہاں سبز نوروں سے تخلیقات کی جا رہی تھیں، میرے اس سفر میں بہت سے ایسے مناظر بھی ہیں جن کے معنی اور حقائق کیلئے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں، شائد مستقبل میں خدا کی ذات مجھے وہ صلاحیت عطا کر دے کہ میں ہمارے مسیح الزماں حضرت زاہدؒ کی طرح اپنے ان گہرے روحانی مشاہدات کو بھی کھول سکوں جن کو الفاظ دیتے ہوے مجھے بہت ساری پیچیدگیوں کا سامنا ہے۔

اس روحانی مشاہدہ میں مجھے خدا کی ذات نے وہ نور بھی دکھایا جس نور کے مادے سے اس نے میری روح کو پیدا کیا تھا۔ اور اس دور کی بھی سیر کروائی تھی جب حق تعالیٰ اندھیروں میں رہتا تھا۔ میں خدا کے نور کیساتھ جیسے ہی ان اندھیروں میں پہنچا سب کچھ غائب ہو گیا، بلکل خاموشی اور اندھیرا باقی رہ گیا۔ وہ ایک چار پانچ کے بچے کی طرح میرے سامنے آیا، جسکے چھوٹے چھوٹے بال اور آنکھوں سے تیز نیلی روشنی جھلک رہی تھی۔ میں حق تعالیٰ کے اس دور اور اسکے چہرے کی ایک جھلک محض چند لمحات کیلئے ہی دیکھ سکا، اسکی نیلی چمکدار آنکھیں ان اندھیروں میں بھی روشنی کر رہی تھیں، جب وہ بچہ میری طرف دیکھ کر مسکرایا تو ایک ہی لمحہ میں میری روح کوہ و مکاں کے اس ماضی کے دور سے کسی اور دور میں پہنچ گئی۔

جیسا کہ میں نے عرض کیا کہ میں ایسے کئی مقامات اور مشاہدات سے گزرا ہوں جن کے حقائق اور بیان سے میں ابھی بھی نہ آشنا ہوں ۔ خدا کے حضور دعا ہے کہ وہ اپنے دل حضرت زاہدؒ کے طفیل میری مذید راہنمائی فرمائے۔ جیسا کہ حضرت زاہدؒ آج بھی ہماری دل و جان سے روحانی راہنمائی فرماتے ہیں۔

# (127) A charming and enchanting world of spirits

*Dear Holiness Zahid Khan*❤️
*May God's peace be upon you*

During a spiritual journey, I came across a very beautiful world. There were beautiful sceneries beautiful rivers and countless seasons in this world that added to the beauty of this world. As soon as I reached this world, I came to a very beautiful river and started walking. It was a crystal clear blue river, the depths of which could be seen from the inside. Rink fish whose color I have never seen in this world ever in my life. And inside this beautiful river, sometimes small natural rocks could be seen on which the birds would sit and chirp and highlight the beauty of this river.

There were also other people who came to see the beauty of this world, and were enjoying the beauty of the lush valleys and beautiful forests around this river.

The most magical feature of this beautiful world was that a new season appeared everywhere, as if every moment was a new spring season.

I walked along the river to a very beautiful garden which was my own example.

I also met a cameraman there, we soon became friends and he gave me that camera. I have been taking pictures of these fascinating sights with that camera for a long time, that camera takes strange style pictures that show each scene in a different way and the pictures and scenes appear to be moving, as if alive.

I did not meet any special person there but this world seemed to me millions of times more beautiful and magical than our world today that if a worldly person goes to this world to spend his holidays, he will never return.

# عالم ارواح کی ایک دل کش اور دلفریب دنیا

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

ایک روحانی سفر کے دوران میرا گزر ایک نہایت خوبصورت دنیا سے ہوا۔ اس دنیا میں بہت دلکش مناظر، خوبصورت ندیاں اور انگنت موسم تھے جو اس دنیا کی خوبصورتی کو دوبالا کرتے تھے۔ جیسے ہی میں اس دنیا میں پہنچا میں ایک نہایت خوبصورت ندی کے پاس آکر ٹہلنے لگا۔ یہ ایک ایسی کنچ نیلے رنگ کی صاف و شفاف ندی تھی جس کی گہرائی کو بھی اندر تک دیکھا جا سکتا تھا۔ رنگ برنگی مچھلیاں جن کے رنگ میں نے آج تک اس دنیا میں نہیں دیکھے۔ اور اس حسین ندی کے اندر کہیں کہیں چھوٹے چھوٹے قدرتی پتھر بھی دکھائی دیتے تھے جن پر پرندے بیٹھ کر چہچہاتے اور اس ندی کی خوبصورتی کو مزید نمایاں کرتے۔

وہاں اور لوگ بھی دکھائی دیئے جو اس دنیا کی خوبصورتی کو دیکھنے آئے تھے، اور اس ندی کے ارد گرد سرسبز وادیوں اور حسین جنگلوں کے حسن سے لطف اندوز ہو رہے تھے،

اس خوبصورت دنیا کی سب سے جادوئی خاصیت یہ تھی کہ ہر طرف ایک نیا موسم دکھائی دیتا، جیسے ہر لمحے ایک نئی بہار کا موسم ہو۔

میں ندی کے ساتھ ٹہلتا ہوا ایک بہت بڑے دلکش باغ میں پہنچا جو کہ اپنی مثال آپ تھا۔

وہاں مجھے ایک کیمرہ مین بھی ملا، کچھ ہی دیر میں ہماری دوستی ہو گئ اور اس نے مجھے وہ کیمرہ دے دیا۔ میں ان دلفریب نظاروں کی، اس کیمرے سے کافی دیر تصاویر کھینچتا رہا ، یہ کیمرہ عجیب طرز کی تصاویر کھینچتا جو کہ ہر منظر کو مختلف انداز میں دکھاتا اور تصاویر اور مناظر حرکت کرتے دکھائی دیتے، جیسے زندہ ہوں۔

میں وہاں کسی خاص شخصیت سے تو نہیں ملا لیکن یہ دنیا مجھے ہماری دنیا سے لاکھوں گنا زیادہ خوبصورت اور جادوئی معلوم ہوئی کہ اگر کوئی دنیا دار شخص ہماری دنیا سے چھٹیاں گزارنے کیلئے اس دنیا میں جائے تو واپس کبھی نہ آئے۔

# (128) Spectacles of the Golden Light of God Almighty

*Dear Holiness Zahid Khan*❤️
*May God's peace be upon you*

One night while I was writing the Urdu translation of Holiness Zahid Khan's book, I got little tired. My spirit shocked for a second and I saw that Heavenly father is standing to my right side and he looked at me and smiled very lovingly, I might have got up but it didn't take long for the Heavenly father's chest A great fountain of golden light burst forth and overwhelmed my spirit with an intensity, my whole spirit became of the golden rink. Like someone wearing a gold or sunlight dress. When all the springs of light were completed, with the same love and smile, the Heavenly father departed from there. I am thankful to Heavenly father that I was able to see the Heavenly father again that night, my spirit was also seen and the golden light of Heavenly father was also shown in it.

# حق تعالیٰ کے گولڈن نور کے چشمے

حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤️

ایک رات میں حضرت زاہدؒ کی کتاب کا اردو ترجمہ لکھ رہا تھا کہ تھکاوٹ کے باعث میری آنکھ لگ گئی۔ میری روح کو ایک سیکنڈ کیلئے جھٹکا لگا اور میں نے دیکھا کہ خدا کی ذات میرے دائیں طرف کھڑی ہے اور اس نے میری طرف دیکھا اور بہت محبت کیساتھ مسکرائے، میں شائد اٹھ کر کھڑا ہو جاتا لیکن اتنا وقت نہیں لگا کہ حق تعالیٰ کے سینے سے گولڈن نور کا ایک زبردست چشمہ پھٹا اور ایک شدت کیساتھ میری روح پہ چھا گیا، میری ساری روح گولڈن رنگ کی ہو گئی۔ جیسے کوئی سونے کی یا سورج کی روشنی کی پاشاک پہن رکھی ہو۔ جب وہ ساری نور کے چشمے کی بوچھار مکمل ہوئی تو اسی محبت اور مسکراہٹ سے خدا کی ذات وہاں سے رخصت ہو گئے۔ میں خدا کا شکر گزار ہوں جو مجھے اس رات خدا کی ذات کا پھر دیدار نصیب ہوا ، اپنی روح بھی دکھائی دی اور اس میں خدا کی ذات کا گو لڈن نور بھی دکھایا گیا۔

# (129) Follow the will of God in every situation

*Dear Holiness Zahid Khan*❤️
*May God's peace be upon you*

A few weeks ago, due to some financial situation and strange behavior of the members, I faced significant difficulties and for many days I could not pray to the Heavenly Father with all my heart and spirit but became entangled in worldly pressures.

In this confusion, night fell and I fell asleep. I saw that I was lying on my own bed when the Heavenly Father appeared to this room with Holiness Zahid khan's form. My body was lying on the bed and in the other corner of the same room three spirits were shivering in a very sad state. The Heavenly Father saw this situation and left without saying anything and left a deep Message in my spirit. That I should fulfill the responsibility of being a prophet of God with all my heart and sincerity and forget my problems and think about these three spirits and

humanity as well as what spiritual problems they are facing.

# ہر حال میں خدا کی منشاء پہ چلیں

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو ❤

کچھ ہفتوں پہلے مجھے کچھ مالی حالات اور ممبران کے عجیب و غریب رویوںکے باعث مجھے خاصی دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا اور میں کئی دن تک خدا کی ذات کو دل و جان سے یاد نہ کر سکا بلکہ دنیاوی دباؤ میں الجھتا گیا۔

اسی الجھن میں رات ہو گئی اور میں سو گیا، دیکھتا ہوں کہ میں اپنے ہی بستر پہ لیٹا ہوا تھا کہ حق تعالیٰ کی ذات حضرت زاہدؑ کیساتھ اس کمرے میں تشریف لائے۔ میرا جسم بستر پہ لیٹا ہوا تھا اور اسی کمرے کے دوسرے کونے میں تین ارواح بڑی اداس کیفیت میں ٹھٹھر رہی تھیں۔ حق تعالیٰ نے یہ معاملہ دیکھا اور بغیر کچھ کہے بغیر وہاں سے چلے گئیے اور جاتے جاتے میری روح کے اندر ایک گہرا مضمون چھوڑ گئیے۔ کہ مجھے خدا کا نبی ہونے کی ذمہ داری کو پورے دل و جان اور اخلاص سے نبھانا چاہیے اور اپنے مسائل کو بھول کر، اپنے ساتھ ساتھ ان تین ارواح اور انسانیت کے متعلق سوچنا چاہیے کہ وہ کس روحانی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں۔

# (130) Flowers of God's glorious Garden

*Dear Holiness Zahid Khan*❤️
*May God's peace be upon you*

Until a few days ago, I could not keep in touch with our members due to fatigue and load shedding. I also miss the fact that the unnecessary things in life and the difficulties have greatly affected the services rendered in the mission of God from my side. When I went to bed at night, I fell asleep.

I saw that I was standing in a very beautiful garden. There were colorful flowers everywhere, but I was standing at a distance from them. Suddenly I heard the voice of Holiness Zahid khan.

"Athar, you watered the flowers of this garden"

I sat up in shock after this voice and made up my mind that no matter what happens, I will never put the preaching work behind me. The next morning I contacted several new members and informed them of the teachings of Holiness Zahid khan.

# خدا کے گلشن کے پھول

## حضور آپ پر حق تعالیٰ کی سلامتی ہو

کچھ دن پہلے تک میں کافی زیادہ تھکاوٹ اور لوڈ شیڈنگ کے باعث ممبران سے رابطہ نہ رکھ سکا۔ دل میں اس بات کا ملال بھی رہتا کہ زندگی کی غیر ضروری معاملات نے اور دشواریوں نے میری مشن میں پیش کردہ خدمات کو بہت متاثر کیا ہے۔ جب میں رات کو بستر لیٹا تو لیٹتے ہی نیند آ گئی۔

دیکھتا ہوں کہ میں ایک بہت حسین باغ میں کھڑا تھا۔ ہر طرف رنگ برنگے پھول کھلے ہوئے تھے مگر میں ان پھولوں سے کچھ فاصلے پہ کھڑا تھا۔ اچانک مجھے حضرت زاہدؒ کی آواز سنائی دی۔

" اطہر تم نے اس باغ کے پھولوں کو پانی دیا"

میں اس آواز کے بعد چونک کر اٹھ بیٹھا اور دل میں ارادہ پختہ کیا کہ جیسے بھی حالات پیش آئیں، میں تبلیغ کے کام کو کبھی بھی پس پشت نہیں ڈالوں گا۔ اگلی صبح میں نے کئی نئے ممبران سے رابطہ کیا اور حضور زاہدؒ کی تعلیمات سے آگاہ اور روشناس کیا۔